ائمۂ دوازدہ گانہ

(مناقب)

از قلم علامہ سید محمد ہارون زنگی پوری

قال رسول اللہ صلعم یَکُونُ مِنْ بَعْدِیْ اِثْنَا عَشَرَ خَلِیْفَةً کُلُّهُمْ مِنْ
قُرَیْشٍ ۔ جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میرے بعد
بارہ خلیفہ یعنی بارہ امام ہونگے کہ وہ سب کے سب قریش سے ہونگے ۔ مومنین جس دلیل سے
نبی کا بھیجنا خدا پر واجب ہے ایسے ہی امام کا تعین بھی ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ افراد بنی آدم
و طوائف امم مدنی الطبع یعنی مختلف طبیعت ہیں اور ان میں تنازع و تکاسد لازم ہے اسی واسطے خدا کو
نبی کا بھیجنا لازم ہوا کہ بندگان خدا کو طریقہ رضیہ حسن معاش و معاد و موافق حکم الٰہی کے حسب
شریعت کتبی میں تعلیم کرے اور ظلم و شناعت و تعدی و تباہی کو زواجر و اوامر و از روی حضرت بادشاہ حقیقی
جل جلالہ سے باز رکھے کیونکہ وجود نبی باعث نفع بندگان ضعیف کا ہے اور ترک ارسال نبی

تکاہل و تساہل ہر عباد ہو کہ جو اُن کی ہدایت کا باعث ہی اور بوجہ اسکی کہ ترک ہدایت قبیح ہے

اور قبیح خدا پر جایز نہیں ارسال نبی معصوم واجب ہوا کہ عباد کو آئین بعثت و قاعدہ احکام

شریعت پہنچاوے (وجہ شرط معصوم یہ ہی کہ اگر معصوم نہوگا تو دوسرا اوسکو تنبیہ تعلیم کریگا

اور اگر وہ بھی معصوم نہوا تو تیسرا اسی طور سے تسلسل لازم آویگا کہ جو محال ہی)

اسیطور سے نظر بہ مصالح مذکورہ وجود ذی جود ایک امام معصوم خواہ وہ ظاہر و مشہور ہو

یا غایب و مستور جانب خدا سے کہ وہ معصوم غیر معصوم کا فرق کر سکتا ہی ضروری ہی تا کہ

مثل نبی امر عصمت و نیز دیگر صفات میں تمامی عمر سب پر ممتاز رہکر بمعجزات ظاہرہ

و آیات باہرہ سے اظہار حقیت من عند اللہ کری اور قاعدہ سنت و آئین ملت

و احکام شریعت کو بعد نبی کے مختل و معطل نہونے دی اور اگر ایسا نہوتا تو وما ینطق عن الہوی

ان ہو الا وحی یوحی نے باشارہ یا ایہا الرسول بلغ لفظ خلافت بہ حدیث من کنت مولاہ

نفید اصل بودہ نفرماتے اور اگر بعثت اس امر کی پابند رہتی تو ہرگز ظلم و فساد و بدعت و عناد

زینت فزا سینہ ہای بیہوشی نہوتی تاکید بیان اس امر میں کہ کوئی زمانہ نور خدا سے خالی نہیں رہتا

وجہ

• جناب ابو النجار نے قطب الدین انصاری سے کہ علمای اہلسنت سے ہیں روایت کی ہے
کہ جب بعد وفات سرور کائنات باب نبوت مسدود ہوا اور وحی زمین سے منقطع
ہو گئی تو زمین نے خداوند عز و جل سے فریاد کی کہ خداوندا اب میں بغیر تیرے نور نبوت کے
مجھکو طاقت و صبر فراق نہیں ہے خداوند عالم نے زمین سے وحی فرمائی کہ اس زمین پر
اگرچہ پیغمبر کوئی نبی نہیں ہے مگر ایسی جماعت پیدا ہوئی ہے کہ انکی قلوب مثل قلوب انبیا ہیں
اسی وجہ سے حدیث میں آیا ہے کہ زمین کہتی ہے یا مَن قَبْلِي وَعَلَيَّ يَمْشِي عَلَى
مخلوق خدا
ظَهْرِي کو قائم رکھا مثل ہی کہ علی پیغمبر جیسے ہیں لہذا معلوم ہوا کہ زمین حجت خدا
سے خالی نہیں رہتی اور وہ حجت خدا بارہ ہیں جنکی نسبت رسولخدا نے فرمایا ہے يَكُونُ
مِنْ بَعْدِي اِثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ کہ میرے بعد بارہ خلیفہ
ہونگے کہ وہ سب قریش سے ہونگے

گو اکثر لوگوں نے مذاہب اربعہ و خلفای اربعہ کی حقیقت پر عدد چار کو مستحسن سمجھا ہے اور دلیل میں یہ
کہا ہے کہ عمر انسان کے چار حصہ ہیں طفولیت اور شباب اور کہولت اور شیخوخت
یا یہ کہ فصلیں چار عالم چار ہیں اور تائید میں قول معلم اول ارسطاطالیس کو

کہ انسان عمر کی مطابقت عالم رجب پر کیا ہی   دلیل لکھی ہیں   مگر میں عرض کرتا ہوں

کہ بارہ کا عدد حسب شمار ہمارے ائمہ معصومین کا ہوتا ہی سب سے زیادہ متحقق اور اصل رقم میں ہی

کیونکہ اول زوج اعداد سے دو ہی اور اول فرد ایک ہے بعد از عدد بارہ میں اول زوج اور اول

فرد دونوں کے دونو موجود ہیں   اب باقی رہا یہ امر کہ ہمارے ائمہ معصومین کیوں بارہ ہیں

اسکی دلیل صنیہ طرق سے عرض کرتا ہوں   اول یہ ہی   مدار و اصل اسلام کا شہادتین ہی

شہادت وحدانیت و شہادت رسالت پیغمبری   اور ہر ایک ان دو اصول و شہادت سے

بارہ حرفوں سے مرکب ہی   اور چونکہ امام حافظ ان دو اصول کا ہوتا ہے بنا بر اسکے لازم ہوا کہ

ہم عدد اصلین انکا بھی شمار ہو تا کہ اصل ثانی یعنی شہادت رسول میں شریک ہوں ۔ کیونکہ

دین انکا تا قیام قیامت ثابت رہے   دوسرے معلوم ہی کہ کرہ زمین شمس طلوع و زوال میں

اور اسکا حفظ از کل ادوار و دہر و قبر   اس وجہ سے اپنی پیغمبر کے ساتھ شریک ہوئی

اور نیز اعداد کلمات   لا الہ الا اللہ   محمد رسول اللہ   کے بارہ بارہ ہیں بنا بر اسکے اشارہ

حق ہی کہ ذوات ائمہ اثنا عشر صلوات اللہ علیہم اجمعین کا تکمیل ایمان میں دخل تمام رکھتا ہی

چنانچہ شاعر نے فرمایا ہے

رباعی

حب دگری گر ہمہ دینی و دنیوی است   بر آل نبی گزیدن از بی بصری است

توحید خدا دوازدہ حرف بود   یعنی ایمان نصیب اثنا عشری است

دوسری یہ کہ عدد نقباء و انصار بنی اسرائیل کے جنکی وسیلے سے عصاے حضرت موسیٰ سے بحکم خدا بارہ چشمے

ظاہر ہوئے یا عدد حواریین حضرت عیسیٰ بارہ ہیں پس لازم ہوا کہ عدد اون حضرات کا کہ اسی امت کے امام ہیں [کہ نقل عدد حروف حواریان بھی]

نقباء امت محمدی کے بھی بارہ ہوں چنانچہ ہیں (اور انشاء بھی یہی ہوئی) القصہ یہی ہے کہ گروہ نجیبت

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بھی بارہ نقیب تھی

تیسری یہ کہ جیسا کہ نور آفتاب و ماہتاب سے تمام خلق کو مسالک و مضایق میں نفع ہوتا ہے

اور مقامات نور کہ جو دیکھ بصارت کے بارہ برج ہیں پس لازم ہوا نور ولایت کہ جس سے خلق کو [کہ تقسیم ماہہا سال بھی بارہ ہوتے ہیں اور شب و روز کی بھی تقسیم بارہ ہے]

خدا کی معرفت راہ معلوم ہوتی ہے بارہ ہوں اور اس سے تقاضا ہے ایک نکتہ ظاہر ہوتا ہے

اور وہ یہ ہے کہ حدیث میں آیا ہے حَامِلُ الْاَرْضِ الْحُوتُ کہ حامل زمین حوت ہے

اور جبکہ حوت آخر برج ہے پس اس حدیث سے یہ ثابت ہوگا کہ حامل اثقال زمین اور مصالح ایمان

اہل زمین تا قیامت نہیت آخر برج امامت ہیں کہ جن کا نام نامی و اسم گرامی

جناب امام مہدی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں

چوتھی دلیل یہ ہے کہ محققین علمائے نسب کا قول یہ ہے کہ جو شخص اولاد نضر بن کنانہ سے

ہے وہ قریشی ہے یعنی جس شخص کیواسطے صفت قریشی ثابت ہوئی اور اوس سے متجاوز

نہیں ہوئی مالک بن نضر تک ہیں اور اون سے جناب رسولخدا تک منحصر ہوئی اگرچہ

اگرچہ نسبت قریش کو صفت ہی کی بدولت ہوئی ہے ہاں اور اسی عصر میں یہ مقتضائے

حدیث الائمۃ من قریش قریشی ہیں بنوا جناب رسولخدا کو یہ نسبت

دو دائرہ متقابلہ قریشیہ و امامت مرکز سمجھنا چاہئے اور انہیں ایک مرکز سے

دو دائرہ ایک اوپر کو کہ جس کا انتہا ہیں مالک بن نضر واقع ہوا ہے سمجھنا چاہئے

اور دوسرا دائرہ تحت کو کہ آخر میں جناب مہدی آخر الزمان ہیں کہ جن کا منتہی ہے

مرکز یعنی محمد کا سے مالک تک

دو دائرے اور ضلع دائرہ اولی صاعدہ کے بارہ حصہ ہیں اسطور سے کہ محمد بن عبد اللہ

بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب

بحکم آنکہ از خط نازل فقط ... مراد ہے

بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ۔ پس لازم ہوا کہ دایرۂ نامیہ
رابطہ مرکز محمدی سے بھی بارہ حصہ ہون کیونکہ محال ہے کہ دو دایرہ ایک مرکز
سے محیط تک نکلین اور دونون متفاوت ہون لہذا دایرہ امامت کے بھی بارہ
حصہ ہوئے یہانتک کہ آخر خط متنازل مرکز رسالت محمدی کے امام دوازدہم صاحب العصر علیہ السلام
ہین ۔ المختصر بہت سی لطائف و نکات اس عدد بارہ مین ہین کہ جنکا بیان
طوالت سی خالی نہین بنظر ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ بطور نمونہ کسیقدر بیان کیا جاتا ہی کہ اکثر اشیاے آفاقیہ
انفس و آفاق مین اسی عدد پر واقع ہوئی ہین چنانچہ اسماء حسنی خداوند ذو الجلال ایسے عدد پر ہین جسکا
شمار تین کے نسبت عرض ہوا اسطور سے وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اور اَلرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمُ اور الحمید الحمید اور الرَّؤُفُ الرَّحِیْمُ اور اَلْحَنَّانُ اَلْمَنَّانُ
اور اَلْخَالِقُ اَلْبَارِیْ اور اَلْوَاحِدُ اَلْکَبِیْرُ اور اَلْوَاحِدُ اَلْقَہَّارُ
اَلظَّاہِرُ اَلْبَاطِنُ اور اَلتَّوَّابُ اَلْوَہَّابُ اور اَلْفَتَّاحُ الرَّزَّاقُ اور
اَلْمُحْسِنُ اَلْمُجْمِلُ اور اَلْمُنْعِمُ اَلْمُفْضِلُ اور اَلْبَاعِثُ اَلْوَارِثُ

اور دَیَّانُ یَوْمِ الدِّیْنِ اسیطرح سے اکثر انبیای کرام کے قدر شمار

جب کہ مع لقب شمار کی جاوین بارہ ہوتے ہین جیسے آدم صفیۃ اللہ اور نوح خالقۃ اللہ

اسحق نبی اللہ یوسف بن یعقوب داود نبی اللہ موسی کلیم اللہ عیسے مسیح اللہ

(یا یہ کہ بعض ترکیبات اضافی کی جاوین مثل ابراہیم خلیل اسمعیل و یحیی یعقوب اسرائیل

اسباط یعقوب سلیمان پیغمبر موسی ابن عمران اوصیاء الموسی تو بارہ حروف ہوتے ہین)

اسیطرح سے ہمارے جناب رسولخدا کے اسم گرامی و القاب نامی تو آپکے اہلبیت طاہرین علیہم الصلوۃ والسلام

کے با اضافہ بعض صفات مختصہ حضرات بارہ حروف ہوتے ہین جس سے حقیقت بارہ کی موکد ہو

ثابت ہے چنانچہ محمد رسول اللہ محمد حبیب اللہ البشیر النذیر السراج المنیر

اور امیر المومنین اور علی بن ابیطالب اور العلی اسد اللہ اور العروۃ الوثقی و

خاتم الوصیین و علی یعسوب الحق و علی شحنۃ النجف و فاطمۃ الزہرا

و فاطمہ بنت محمد اسیطرح سے الحسن المجتبی الحسین الشہید الحسن و الحسین

و علی ابن الحسین اور الامام الباقر اور الامام الصادق اور الامام الکاظم اور العلی ابن موسی

اور محمد ابن علی علی ابن الجواد الحسن العسکری القائم المہدی الصاحب الزمان

و خلیفۃ الرحمان ان سب کے بارہ حروف ہیں ان کی علاوہ حروف محبہم محب اللہ

محبہم فی الجنۃ عدوہم عدو اللہ عدوہم فی النار اسی طور سے منقول ہوا ان ائمہ

شفعاء العبادۃ شہیدان راہ دین کے بھی بارہ حروف ہیں تزکیہ بیعت و تطہیر بیعت

و شہادت کا خاتمہ ان حضرت کی ذات اقدس پر ہو گیا ۔

اور عجیبہ میں سے یہ ہے کہ بعد جناب رسول خدا رسالت کا خاتمہ ہو چکا اور وصایت و

امامت باقی رہی کہ یہ لوگ حامل سر محمدی ہوئے لہذا لا نبی بعد محمد کے بھی حروف بارہ

اور حاملان سر محمد کے بھی بارہ حروف ہیں

حق تو یہ ہے کہ افضل ما شہدت بہ الشہداء بزرگی اور بات تو وہ ہی جسکو ہوت

یعنی عدد بھی ان کا ہیں حقیقت اس کی کہ اسی طرح سے بارہ میں منحصر ہیں اور یہ عدد ساعات

کی تشریح ہے اور جو نسبت انکو جناب رسول خدا سے علاوہ دیگر اور حاصل ہے انہیں عدد بارہ کے

بوجہ حسن حاصل ہے حسب روایت زرارہ و دیگر حدیث نزد ایک ثقہ کے تشدید سے سید محمد دیدار

صوفی مذہب کے تقریر کا مفہوم جو کہ جواب میں سوال ایک مرید کے کہا ہے عرض کرتا ہوں

اور وہ یہ ہے کہ موافق قاعدہ ارباب قانون یعنی منطق ہر ایک چیز کے دلالت تین قسم

سے باہر نہیں ہوتی سب سے عمدہ دلیل مطابقی ہے پھر تضمنی پھر التزامی اور قاعدہ مقرر

ہے کہ اگر ان تین قسموں میں ایک صورت سے بھی دلیل پائی جاوے تو مدعا ثابت ہے

جیسا کہ واقف فن پر روشن ہے مگر الحمد للہ کہ ہمارے ائمہ معصومین کو جو نسبت رسولخدا

سے حاصل تھی وہ تینوں قسم کی دلیل سے مستحکم ہے اب میں ہر ایک دلیل کا بیان علیحدہ

علیحدہ طور سے عرض کرتا ہوں نسبت دلیل مطابقی یہ نسبت جناب رسولخدا و ائمہ معصومین

یہ ہے کہ جس طور سے جناب رسولخدا تبلیغ احکام خدا و بیان وحی پر مامور تھے کہ آپ کے

سوا دوسرا اس کام کو انجام نہیں دے سکتا تھا اسی طور سے ہمارے ائمہ معصومین بھی تبلیغ احکام

و بیان وحی کے لیے مخصوص تھے اور صحابہ رسول کے لیے یہ رتبہ نہیں ملا اور اگر رہا ہوتا

ملا بھی تو بحکم خدا واپس لیا گیا جیسا کہ حسب تصریح آیت علمائے مخالف و نیز بسند محمد دیدار

صوفی مذہب جب سورہ برائت کو ابوبکر لیے چلے کہ اہل مکہ کو سنادیں

اور حضرت جبرئیل امین بحکم رب العالمین نازل ہوئے اور حکم خدا بیان کیا کہ ای رحمت خدا
جناب باری عز اسمہ بعد تحفہ سلام کے ارشاد فرماتا ہے کہ بیان وحی یا تو تمہارا خاص کام ہے
یا جو شخص کہ تم میں سے ہو دوسرے کو یہ منصب حاصل نہیں یہ پیغام بارے سنکر جناب رسولخدا
نے جناب علی ابن ابیطالب کو فوراً عقب سے روانہ کیا تاکہ ابوبکر سے اون آیتوں اور فرد
کو لیکر اہل مکہ کو سنا دیں پس اس سے معلوم ہوا کہ بجز جناب علی یا انکی اولاد کے اور کسی کو استحقاق
بیان وحی و تبلیغ احکام کا ثابت نہیں اور چونکہ بقیہ ائمہ بموجب آیات کے اولاد سے ہیں تو یہ معنی بھی
سے بذریعہ وراثت اپنی آبا کے کامل واکمل ہیں پس انکے لئے بھی یہ حکم ثابت ہوگا اور لازم
ہے ~~وصل مطابق تمام ہوگی~~ اور چونکہ جناب رسولخدا حامل سر خدا تھے کہ جسکی وجہ سے آپ افضل کائنات و سر محمود
ہے اسیطور سے خدا نے حضرات ائمہ معصومین کو برگزیدہ و منتخب فرمایا کہ حاملان سر محمدی ہوں
اور چونکہ عدد فرد حاملان سر محمدی بھی بارہ ہیں تو محمد نے بارہ ائمہ برگزیدہ فرمائے لہذا
وصل مطابق تمام ہوئی
اور نسبت تفصیلی ان حضرات کی بہ نسبت جناب رسولخدا یہ ہے کہ یہ حضرات بروج فلک نبوت ہیں

ہیں یہی بر نسبت بروج کو فلک الافلاک سے جیسے کہ درست شرع میں عرش کی ہستی میں

حمل و حمل نسبت آنحضرت جناب رسولخدا سے حمل یعنی فلک الافلاک بر حسب تقسیم حکما بارہ بروج

دائرہ منطقۃ البروج پر ہیں کہ وہ حمل و ثور و جوزا سرطان اسد سنبلہ

میزان عقرب قوس جدی دلو حوت ہیں اسیطور سے جناب رسولخدا کے لئے

عرش نبوت ہیں اور نیز یہ بارہ بروج آیات کہ باطن نبوت ہیں یہی تجلیات ہیں

یہاں وسیلہ تفصیل صادق آئی —

اور نسبت وسیلہ التنزلی بہ نسبت رسولخدا وراثت حقیقی بہ نسبت خلافت الٰہی حاصل تھی

حیطور سے کہ جناب رسولخدا تبلیغ احکام میں رسل سے مخصوص تھے اوسی تبلیغ احکام میں رسل یہ حضرات

مخصوص ہیں کیونکہ یہ بزرگ اثر تجلی اور نور نبوی پائے ہوئے تھے اور صحبت نبویہ سے معدن علوم کے

ہیں — اگرچہ دیگر صحابہ بھی بوسیلہ صحبت نبوی پائے ہوئے سے نصیب تجلی ہوئے تھے ہیں لیکن جو ان کو

ان حضرات کا حاصل وہ غیر کا حق نہیں جیسا کہ حسب تحقیقات صوفیہ تمام سلسلہ صفات

سانی و تر تک اسوجہ سے منتہی ہوئے ہیں اور سرچشمے ہیں کہ آپ جامع جمیع صفات و احوال

چنانچہ حسب نقل سید محمد دیدار صوفی ملتانی خود خلیفہ ثانی حضرت عمر کہتے ہیں کہ اصحاب
جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں اٹھارہ سابقے (یعنی اٹھارہ درجہ علم کے) ہیں تیرہ
ان میں سے مخصوص ہیں جناب علی ابن ابیطالب سے اسطرح کہ دوسرا کوئی ان میں فضل نہیں بقیہ پانچ سابقے
سب اصحاب میں ہیں کہ انمیں بھی جناب علی ابن ابیطالب شریک ہیں پھر ابن عباس کہ جو استاد
تمام صحابہ میں ہیں اور انکا فضل و کمال سب پر روشن ہے کہتے ہیں کہ جناب علی کے نو حصہ
علم تھے جسکو جناب رسولخدا نے تعلیم فرمایا تھا اور چونکہ علم نبی علم خدا ہے پس سارا علم علی عہ میں علم نبی
و خدا تھا پھر ابن عباس کہتے ہیں کہ میرا علم علم جناب علی علیہ السلام سے ہے اور نسبت میرے علم کی
یا علم اصحاب کا بہ نسبت علم علی عہ مثل قطرہ و دریا ہے پیغمبر نے علم کے چھ حصے کئے پانچ حصے
مخصوص جناب علی عہ کو دیگئے اور ایک حصہ تمام لوگوں کو دیا جسمیں علی بھی شریک ہیں یعنی یہ وجہ
کہ وہ سب سے اعلم ہیں اور آنحضرت کے نزدیک سے تعریف کرتے کئی بیان فرماتے ہیں امام محمد بن حنبل کہتے ہیں
کہ اگر علی عہ پیدا نہ ہوتے اور کوئی فضیلت نہ ہوتی تو آیہ مباہلہ میں لفظ انفسنا و انفسکم کافی تھا
اور یہ دلیل جامعیت کی ہے جامعیت اور اعظم ہونا اور یہی صفات اکمل و اعلیٰ ہیں

اور وصل محرم اسرار اند چون واندوش محرم اسرار اند بحکم حدیث یکون اثنا عشر خلیفة من بعدی کلہم من قریش میں ثابت ہے جیسا کہ
میں مراد ان سے کفر کنند در شفقت مزاج دین
کہ ہر ایک ان بارہ میں سے حاملان اسرار ہے بہ روح آسمان ولایت مطلقہ کہ باطن نبوت مطلقہ

ہے ہیں اور یہی اپنے زمانہ میں مرکز اور مرجع فیض ایجاد زمان اور محل نظر خاص

ملک اور ملکوت ہیں اور یہ حضرات حاملان سر محمد نسل جناب رسولخدا کا حالی تمام جہان

ہیں یعنی اہل امامت تابع نبوت جناب رسولخدا ہیں کہ جس مقام پر جناب رسولخدا کو واجع شجر وجود

وصول ہوئے رسول ہیں اور بطور ان حضرات نے بھی جمیع عالم بشری میں دعوت فرمائی

اور جس نے قبول کیا اور جس نے انکار کیا وہ معلوم ہو جیسا کہ حضرات ائمہ معصومین سے وارد ہوئے

کہ فاختہ و عصفور ہمارے دوست ہیں

(یہ ہے نقل کلام سید محمد ... از ترجمہ)

قال اللہ تبارک و تعالے اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا پارہ ۲۲ سورہ احزاب

خداوند عالم فرماتا ہے کہ اللہ چاہتا ہے کہ تم اہلبیت سے رجس و خباثت کو برطرف کرے اور تمہارے دامن عصمت کو گرد و غبار عصیان سے پاک و پاکیزہ فرماوے

حضرات لفظ اہلبیت جو اس آیت میں مذکور ہے اور جن کے متعلق خدا رجس و گناہ کو برطرف کرنا چاہتا ہے وہ مبہم ہے۔ جیسا کہ سیوطی نے کتاب اتقان میں منجملہ مبہمات قرآن اسکو بھی شریک کیا ہے اسی وجہ سے ہر ایک نے اپنی اپنی رائے سے مصداق اہلبیت کو علحدہ قرار دیا گو وہی سیوطی از راہ انصاف کہتے ہیں کہ مبہمات کی تفسیر اپنی رائے سے

نبی صلعم بذریعہ سعد بن مالک کے اپنی مسجد سے ... رسول نے خمسہ کو کبھا لیا تھا مگر چونکہ قاعدہ تھا
کہ فضیلت و شرافت میں تو سب شامل ہو جاتی ہیں لہذا سب اپنی اپنی تعلق اونکی بزرگیت
میں شامل میں تھے کسی نے ازواج رسول پر شبہ کیا کیونکہ بسبب اونکی تزویج
حجر و خشت کا نام تھا اور وہ میں نے بنا رکھی ہیں اور وہ ہمیں بڑی وجہ و سند فرمائی مگر نے رسول
ہوا کسی نے جب دیکھا کہ یہ صفت خمسہ کے ساتھ میں قرار پائی گئی تھی تو اوسمیں چند شبہات
پیدا فرمائے تا کہ مصداق طہارت میں شامل ہو جاویں کسی نے یہ خیال کیا کہ سلمان منا اہل البیت
بھی وارد ہے پھر تحقیق کیا ہے مگر بہ نسبت حق یہ ہے کہ آفتاب پر جاں نثار نہیں ہو سکتے
جبکہ شامین اس آیہ کا نزول ہوا وہ مثل آفتاب نصف النہار ظاہر و تجلی رکھتے ہیں اور یہ مقتضات
الحق مع علی و علی مع الحق خود اونہیں کے حضرت نے فرما دیا کہ یہ اہلبیت و حق خمسہ کیا
وہ پنجتن ہیں جو خویشان و فرزندان رسول ہیں اور یہی حضرات شان نزول آیت ہیں چنانچہ
احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں واثلہ بن اسقع سے روایت کی ہے کہ میں حضرت امیر کے
ڈھونڈنے میں اونکی دولت سرا پر گیا قالت فاطمۃ ذهب الى رسول اللہ
جناب فاطمہ نے فرمایا خدمت رسول میں گئے ہیں تھوڑی دیر کے بعد دونوں صاحب

تشریف

ہمرہ لگے اور جناب سیدہ بھی نزدیک آئیں جناب رسولخدا نے حضرت امیر کو اپنی طرف بٹھایا

اور جناب سیدہ کو جانب چپ صاحبزادوں امام حسن و امام حسین کو سامنے بٹھلایا ثُمَّ الْتَفَعَ

عَلَيْهِمْ بِثَوْبِهٖ یعنی اپنی عبا مبارک ان سب پر اوڑھا دیا اور آیۂ تطہیر کی تلاوت کی

اور کہا اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي اَللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَحَقُّ خداوندا یہ سب میرے اہلبیت ہیں

یہ سب سزاوار ہیں اول تو ناظرین و ارباب بصیرت اس حدیث سے عموماً اور لفظ احق

زیادہ سے خصوصاً سمجھ گئے ہونگے کہ (اس پردہ کے اٹھاؤ میں) کسقدر صلابت شان اہلبیت

منظور ہے یعنی احق بالعصمة و کل تطہیر جیسا کہ تنکیر ھدی للمتقین میں ارباب

بلاغت نے تصریح کی ہے کہ یہ تفخیم اور تعظیم کے لئے ہے

دوسری دلیل اہلبیت کے خمسۂ نجبا میں منحصر ہونیکی وہ ہے جو ازواج رسول [illegible]

سے منقول ہے چنانچہ مواہب لدنیہ و درمنثور میں جناب ام سلمہ سے روایت ہے

کہ رسولخدا انکے گھر میں تھے کہ جناب فاطمہ ایک دیگچی کہ جسمیں حریرہ تھا لئے ہوئے آئیں

حضرت نے فرمایا اپنے شوہر اور فرزندونکو بھی بلاؤ جب علی و حسن و حسین آئے تو وہ سب

اوسی حریرہ سے اوس صفہ پر جو خوابگاہ تھا کھانے لگے جناب ام سلمہ فرماتی ہیں

اور ہر ہر اسی آیہ کی تلاوت کرتے اور فرماتے   الصلوٰۃ الصلوٰۃ   سبحان اللہ کیا رتبہ جلیلہ ہے

کہ حضرت ہر روز آتے نو دن   دروازہ حضرت امیر پر تشریف لاکر بلفظ اہلبیت سلام کرتیں

اور یہ اہتمام اس غرض سے تھا کہ لوگ واقف ہو جاویں کہ خدا نے جنکی صفت فرمائی ہے

وہ یہ ہیں اور کوئی انہیں شامل نہیں   گو بعض روایات میں کم لفظ یعنی جدہ و حامیہ ہیں

روز بھی ہے   مگر یہ اصل روایت کو منافی نہیں   رہ وہی جب تک اور نے اتکا بندہ معلوم

سوا یہ پنجتن خمسہ نجبا اور کوئی شریک نہیں   کیا خوب صاحب فصول مہمہ کہتے ہیں

إِنَّ النَّبِيَّ مُحَمَّداً وَوَصِيَّهُ   وَابْنَيْهِ وَابْنَتَهُ الْبَتُولَ الطَّاهِرَةَ

بتحقیق محمد مصطفے اور انکے وصی علی مرتضے اور   اور دونوں فرزند انکے   اور جناب سیدہ

أَهْلُ الْعَبَاءِ فَإِنَّنِي بِوِلَائِهِمْ   أَرْجُو السَّلَامَةَ وَالنَّجَاةَ فِي الْآخِرَةِ

اہل عبا ہیں میں انکی محبت سے   امید سلامتی اور   نجات آخرت کی رکھتا ہوں

حضرت   چونکہ اس آیہ شریفہ میں خداوند عالم نے مدح اہلبیت طاہرین فرمائی اور

اذہاب جمیع گناہ سے پاکی تو حضرت نے چند شبہات پیدا فرمائے تاکہ   ادراج و ازالہ احتمال کا

ابطال الاستدلال کا ہے   فضیلت پوری طور پر ثابت ہو سکی   اعتراض اول یہ ہے

کہ پاکی گناہ سے ہمنے فرض کیا کہ ہو   مگر محل گناہ کی پاکی کسطرح سے ثابت ہے کہ ممکن ہے

کہ بعض گناہ منظور خاطر ہوں   اور جب بعض ہیں تو کوئی فضیلت نہیں بعض گناہ تو سب کے

اول یہ ہے   جواب چند وجوہ سے دیا گیا ہے   یہ ثابت ہوا کہ یہاں

کہ خدا نے اس آیۂ شریفہ میں لفظ انما فرمایا ہے جو بتصریح اہل عربیت دلالت حصر پر
کرتا ہے جیسا کہ صاحب مغنی نے لکھا ہے (علاوہ اس آیہ کے اور بھی آیات میں جیسے
اِنَّمَا اَعِظُکُمْ بِوَاحِدَۃٍ یا اِنَّمَا اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْ اِلَی اللّٰہِ یا
اِنَّمَا یُوَفَّوْنَ اُجُوْرَکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یعنی مَا اَعِظُکُمْ اِلَّا بِوَاحِدَۃٍ) یعنی سلب ہے
کہ دفع ناپاکی وحصول طہارت منحصر اس گروہ میں ہے غیر اس میں نہیں اور یہ کہ لفظ رجس پر
الف ولام داخل فرمایا کہ جو استغراق کا ہے یا جنس کا اور دونوں میں تمام افراد مراد ہیں
پس معلوم ہوا کہ خدا نے تمام رجس کو دفع فرمایا اور انکو معصوم قرار دیا جیسا کہ خود جناب
آنحضرت نے ذیل آیہ لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَہَّرُوْنَ میں تصریح کی ہے اَلَّا یَطَّلِعُ عَلَیْہِ
مَنْ سِوَاہُمْ وَہُمُ الْمُطَہَّرُوْنَ مِنْ جَمِیْعِ الْاَدْنَاسِ الذُّنُوْبِ وَغَیْرِہَا یعنی مطہرون
وہ لوگ ہیں جو تمام گناہوں سے پاک ہوں پس جیسا وہاں استغراق مراد ہے ویسا ہی
اس آیہ میں بھی ہے کیونکہ کوئی فرق نہیں   جواب دوم یہ کہ لفظ انما سے ... والام رجس
یہاں معنی دفع گناہ وحصول طہارت اور منحصر ہونا اس صفت کا مراد ہے خاص لوگوں میں نہیں خاصان خدا میں ہے

[illegible]

ورنہ کلام درجۂ مدح سے گر جاویگا اور فرق اہلبیت و ذریہ و محسن سے ہوگا اور سب مدح صادق نہ ہوگی

اسی غرض سے فرمایا ہے کہ اوس حکیم کو علم تھا کہ منافقین فرط عصبیت سے اہلبیت

کو غیر معصوم ہی قرار دینگے اسکی کمال تاکید و مبالغت سے ارشاد ہوا انما یرید اللہ

تاکہ تقدیس و تطہیر اونکی عموما سمجھی جاوے

دوسری دلیل یہ ہے کہ جناب رسولخدا کا بعد نزول آیت کے دعا فرمانا اللہم فاذہب عنہم الرجس

دلیل ہے کہ آپنے بعض معاصی نہیں لئے اور آپ کی دعا بلا شبہ مقبول ہوئی کہ انکو بعد اسکے تطہیر کامل ہوئی

پس ماحصل یہ نکلتا ہے کہ مراد بعض ذنوب نہیں

تیسرے حضرت رسولخدا نے دعوی طہارت فرمایا ہے فانا و اہل بیتی مطہرون

من الذنوب یعنی ہم اور اہلبیت ہمارے گناہ سے پاک ہیں تفتازانی شرح تلخیص

مسمی بمختصر میں تصریح کرتے ہیں کہ جب صیغہ جمع پر الف و لام دیگا تو فائدہ عموم کا دیگا

جب یہ بیان لفظ ذنوب پر ہے بخوبی معلوم ہوا کہ تمام گناہ سے پاک ہیں

چوتھی ثعلبی نے تفسیر عرائس میں لکھا ہے سُبّاق ہٰذہ الآیۃ یوم

القیامۃ اربعۃ لا یحصون اللہ طرفۃ عین علی بن ابیطالب و فاطمہ والحسن والحسین

[illegible]

سیاق اس آیت کے روز قیامت چار ہیں کہ جنھوں نے چشم زدن میں بھی گناہ نہیں کیا اور وہ علی و فاطمہ

و حسن و حسین ہیں دیکھی کس وضوح سے ثعلبی نے تصریح کر دی کہ اہلبیت اطہار صلوات

اللہ علیہم بالعشی و الابکار وسلامہ ما تسلسل اللیل و النہار و رضوانہ ما تحرکت

الافلاک الدوار مرتکب عصیان نہیں ہوئے

دوسرا شبہہ یہ پیدا کیا گیا

کہ اچھا اس آیت سے یہی ثابت ہوا کہ خدا نے اونکو پاک کر دیا مگر تم تو امر عصمت میں سن ہمیشہ

الی الابد معصوم کہتے ہو اور پاک کرنا جبھی ہوگا جب پہلے گناہ کیا ہو تو معلوم ہوا کہ پہلے

گنہگار تھے اور اب معصوم ہوئے لہذا معلوم ہے کہ تب تو معصوم نہ ہوئے

جواب یہ ہے کہ آپکے اعتراض کا خلاصہ یہ ہے کہ مفعول یعنی گناہ قبل سے پایا جانا ضرور ہے

پایا گیا اور یہ بحث نحوی ہے لہذا آپ کو پہلے علم نحو کی سیر چاہیے علم نحو

کی سیر سے یہ بات پیدا ہوتی ہے کہ مفعول کیلئے ضروری نہیں کہ وجود اوسکا قبل فعل ہو

بلکہ تحقق فعل کا اوسکے ساتھ کافی ہے بحیث لا یتعقل الا بہ

یہاں اذہاب کا تعلق رجس کے ساتھ ہے یعنی گناہ کے جانے کے ساتھ گناہ کا وجود پایا گیا

نہ یہ کہ قبل سے ہو یعنی مطلب یہ ہے کہ خدا ارادہ کرتا ہے کہ عصمت و طہارت

انہیں باقی رہے ماننا یہ کہ ازالہ رجس بقدر مراد ہو یعنی وہ رجس و ناپاکی جس کے منافقین ہیں
اہلبیت میں ثابت رہے ہیں لہٰذا آنحضرت میں گناہ قبل سے نہ تھا اور جب
معصوم من المہد الی اللحد ہوئے جناب مفسر زمخشری نے کیا عمدہ دلیل فرمائی ہے کہ جناب
حسنین کو اور تربیت بھی تھی پیدا ہوئے اور انہیں وجود رجس کا لاحق تھا بعد ازاں دو مضمون مذکورہ
میں سمجھنا چاہیے السابق ہو یہ مطلب قول جناب ابراہیم ولا تخزنی یوم یبعثون سے ہے
بھی رہا روز قیامت کو اس سے مراد بعضی کہ ہیں علمائے اہل السنت وجود خطری قبل ہے
حضرت جب ہر طور سے دیکھا کہ واقعی فضائل تقوی و عصمت اس آیۃ سے نکلتی ہے
ثابت ہیں تو اب سعہ دینا کہ یہ آیۃ شان میں خاص ازواج کے ہے کیونکہ ما قبل اور
ما بعد میں ذکر ازواج ہے جیسا کہ صاحب کشاف نے لکھا ہے اور فضل بن روزبہان نے ابطال
الحق کتاب میں پیروی کی

جواب اس کا کئی وجوہ سے ہے اول یہ کہ اہل تفاسیر و علمائے مشہور
مثل ثعلبی و احمد بن حنبل وغیرہ جو پہلے صاحب کشاف کے گذرے ہیں روایت کی ہے
کہ سو خمسہ نجبا میں لکھا ہے اور ابن حجر جو سابق مذکور ہوا خود صاحب کشاف کی

[illegible]

تکذیب کرتا ہی اور بات ما قبل و ما بعد سے اسکے خیال میں تھا اور آپ کو خاموشی اختیار کرنا بہتر تھا

کیونکہ خدا قبل اسکی عذاب و ثواب دونوں کا وعدہ حسب عمل ان زنان نبی سے فرما چکا تھا

فرماتا ہے اے زنان نبی جو تم میں سے گناہ کرے اوسپر دوگنا عذاب ہے اسی طرح جو اطاعت

خدا و رسول و اعمال صالح کرے اوسکو دوگنا ثواب ہے پھر اس آیت کو ذکر فرماتا ہے

حضرت آپ فضیلت میں پیش کر رہے ہیں اور وہ یہ ہے یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ

كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ

الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۚ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ

وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ

وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ

محصل ترجمہ یہ ہے اے ازواج رسول تم مثل اور عورتوں کے نہیں ہو اگر اتقا کرتے ہو تو اپنی

آواز بلند مت کرو تاکہ مرض فی القلب والے اونکو طمع نہو اور قول معروف کہو اور اپنی گھروں میں

بیٹھو اور مثل ایام جاہلیہ زینت ظاہر مت کرو نمازیں پڑھو زکوتیں دو اطاعت خدا

و رسول کرو اب میں نہیں سمجھتا ہوں کہ جن ازواج نبی نے اطاعت خدا کی

راز کو فاش کیا حسب عمل کو گزار دیا وہ وعدہ ثواب میں ہونگی یا وعدہ عذاب میں

[illegible]

اور چونکہ آئندہ ذکر اس مضمون کا انشاءاللہ آویگا لہذا اس مقام پر ترک کیا گیا اور

عرض کرتا ہوں کہ اسکے بعد جو ذکر اہلبیت کا آگیا وہ خالی فائدہ و نکتہ سے

نہیں کیونکہ کلام بلیغ ہے اور پیغمبر کا بھی دستور ہے اور وہ یہ ہے کہ اسمیں

اشارہ فرمایا کہ ازواج کے محل اور ہیں اور اہلبیت کے مدارج اور جدا

این الثریا من الثری این الدر من الحصی ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

اور اسکا نام فن بلاغت میں بسبب التفات ہے جیسا کہ قال تغیر اسلوب و خلاف مقتضائے ظاہر ہے اکثر کلام بلیغ کے

فائدہ ہو پس اس تغیر اسلوب میں یہ نکتہ ہے کہ اہل نساء نبی اگرچہ ہمنشینی کے

ساتھ معاشرت کی اور اونکی گھر والیاں ہیں تاہم مرتب اہلبیت طہارت

و طہارت و معاشرت آداب میں نہ ہوئیں اور چونکہ توہم ہوسکتا تھا کہ اہلبیت

سے بھی مثل ازواج کے خطا ہوئی ہو لہذا اونکی بیان طہارت کو یہ آیت صاف بیان

الحمدللہ کہ اگرچہ مرتبین آیات نے نظم قرآن اولٹ پلٹ کر کے خلاف دستور ربانی

مگر نور خدا کب کسیکی چھپانے سے چھپتا ہے

علاوہ اسکی نظم قرآن کی رعایت و مناسبت اور نیز صحیح پڑتے ہیں جب کوئی مطالع نظر

اور بیان ہو اخبار صحیحہ شیعہ سنی میں کہ نزول آیہ خاص عترت نبی ہیں بعض جناب ام سلمہ
کی روایت کے علاوہ خود حضرت عائشہ سے روایت ہے جسکو شان نزول
میں عرض کر چکا اور اوسکو خود زمخشری نے آیہ مباہلہ کے بحث میں جو سورہ
آل عمران میں ہے ذکر کیا اور خود صاحب کی قول کے معارض کو بیان کر دیا وغیرہ صاحب
مشکوۃ نے سعد بن ابی وقاص سے روایت کی کہ بعد نزول آیہ مباہلہ آپنے فرمایا اللھم ھولاء
اھلبیتی نزول اس آیہ کا خواہ روز مباہلہ ہو یا دیگر ایام میں بہر تقدیر مباہلہ کے
کا اور اُنکا ارادہ تطہیر متقارن اوسکی پڑھنا مذہب قول زمخشری ہے

دوسرے آیات ماقبل و مابعد ارادہ تطہیر کیا زمان واحد میں نازل ہوئی ہیں کہ مناسبت اور
موافقت آیات ضروری سمجھی جاوے بلکہ محتمل ہے کہ تدریجی ہوا ہو اور صحابہ نے اپنی رائے
کے موافق مجتمع کر کے جہاں و کہیں آیا لکھدیا ہو کیونکہ ترتیب مصحف کی اہل خلاف کے
نزدیک بھی موافق نزول نہیں ہے۔

تیسرے یہ کہ حمیدی نے جمع بین الصحیحین میں زید بن ارقم سے روایت کی ہے کہ حصین
بن سبرہ نے پوچھا کہ اہلبیت میں ازواج داخل ہیں یا نہیں قال لا ایم اللہ

إِنَّ الْمَرْأَةَ تَكُونُ مَعَ الرَّجُلِ الْعَصْرَ مِنَ الدَّهْرِ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا فَتَرْجِعُ

إِلَى أَبِيهَا وَقَوْمِهَا   اونے کہا نہیں قسم خدا مرد عورت کے ساتھ ایک

زمانہ تک رہتی ہے پھر اوسکو طلاق دیتی ہیں تو اپنی باپ وقوم کے پاس چلی جاتی ہے

پس معلوم ہوا کہ اہلبیت میں ازواج داخل نہیں   اور جناب فاطمہ زہرا کے برابر ام المومنین

عائشہ نہیں   عبد الجلیل بلگرامی کی ایک رباعی یاد آگئی

دی اگر گفت عائشہ در فضل   بہتر از بنت سید البشر است

مصرعہ در جواب او گفتم   رشتہ دیگر رگ جگر دگر است

چونکہ خود جناب امیر المومنین نے روز شوری بمقام احتجاج میں سب کے سامنے آیہ

تطہیر کو اہلبیت کے شامل وارد ہونے کا دعوی کیا تھا اور سب نے سکوت کیا تھا

چنانچہ خوارزمی وغیرہ نے عمر بن واثلہ سے روایت کی ہے   قال علی انشدکم

باللہ ہل فیکم احد انزل اللہ فیہ آیۃ التطہیر   حتی کوئی تم میں

ایسا جسکی شان میں آیہ تطہیر نازل فرمائی ہو پھر آپنے آیہ مذکورہ پڑھی فانزل

اللہم   سب نے کہا بار خدایا نہیں   پیر آنحضرت علی و فاطمہ و اولاد

نہیں تھے تو سب لوگ اہلبیت میں نہیں کیوں گنتے

پانچویں صاحب کتاب ذخیرۃ العقبی فی ذکر فضائل ائمۃ الہدی نے کتاب مقدس سنیہ

تصنیف شاہ ولی اللہ جو مدینہ منورہ میں تصنیف ہوئی نقل کرتے ہیں کہ نسخہ

بعد ذکر فضائل و مناقب کثرات کے اپنی التحقیقات میں کہتے ہیں کہ آیت تطہیر اور دو

احادیث ثابت کردہ اند کہ در حق پنجتن پاک نازل شدہ وگفتہ اند کہ مراد از

حسن و شاہ ثابت است جب شاہ صاحب کے والد انہیں حضرات

مخصوص ہیں کو اہلبیت قرار دیا اور اپنا تحقیق ذکر کیا تو ہمکو زیادہ اثبات کی حاجت نہیں۔

ہاں بعض اجوبہ طرفہ شنیدہ ومی میں ذکر منظور بنشیط تفریح اذہان

پیش کرتا ہوں اور وہ یہ تھے کہ لفظ اہلبیت اور اوسکی ترجمہ ہندی یعنی

گھر کے لوگوں نے اپنی محاورہ کے اعتبار سے جو لوگ کہ ازواج بھی شریک ہیں بلکہ رتبہ میں اصل

شان نزول کرتے ہیں یا اہل علم الف ولام اہلبیت کا عہد مانتے ہیں تو آیا

اوس بیت سے مراد وہ خشت و در و دیوار محراب نبی ہیں جنمیں ازواج رہتے

بیٹھی والو نیز یعصلت ہے   جناب سیدہ گھر میں خاموش ہو رہ بیٹھیں گئیں فدک بھی چھین لیا گیا

کچھ نہ بن پڑا   اور ام المومنین کی بہادری دیکھی   علی سے لڑ نکلیں بہادر یوں ہوتی ہیں

لشکر کی صف آرائی کر کے معرکہ میں قدم رکھا   سچ ہے مردانہ جہاد کیا   جس بہادر کی تیغ

سے جبرئیل لرزتے تھے اوس سے خوف کیے حیدر پر تشکش تک نہ آیا

جناب مفتی صاحب نے اوسی کتاب میں فرمایا ہے

عجبت من عائش عاشت وطينتها   ام الشرور فصارت خير نسوان

ما وجه كونك ام المؤمنين سوى   منع النكاح على اصحاب ايمان

قتلت يا امنا بالظلم انفسنا   هل كنت اما لنا ام ام صبيان

اب امن جنگ وجدل سے حب علی تو برطرف   فثبت البغض وما وجد الحق الا [illegible]

آخری شبہ یہ رہ گیا کہ غیر اہلبیت پر بھی اطلاق اہلبیت کا آیا ہے

جیسا کہ حدیث معرض ہے   سلمان منا اهل البيت   یہ بہر تخفیف اہلبیت رہی   جواب یہ ہے

کہ یہ شیعہ سنت میں ضعیف ہے   حضرت   جناب سلمان پر اطلاق اہلبیت بوجہ کمال رخصت

مجازا ہے

مجاز ہے نہ حقیقتاً اور اس قسم کا مجاز کلام عرب میں بہت ہے میں ذرہ
سند قول میں دو مثالیں عرض کرتا ہوں ایک قرآن سے دوسرے حدیث سے
خدا فرماتا ہے یَا أَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِیَاءَ
بَعْضُهُمْ أَوْلِیَاءُ بَعْضٍ وَمَنْ یَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ای مومنین
تم لوگ یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست نکرو اور اعتماد اونپر نکرو بعض بعض کا دوست
ہیں تمہارے دوستی و امانت نکرینگے اور جو صاحب ایمان اونسے دوستی رکھے وہ
انہیں یہود و نصاریٰ سے ہے اوسکو ایمان سے بہرہ نہیں دیکھئے خدا نے مومنین کو
بوجہ دوستی یہود و نصاریٰ انہیں سے ملحق کیا ایسے ہی حدیث میں ہے مَنْ
تَوَلَّى آلَ مُحَمَّدٍ وَقَدَّمَهُمْ عَلَى جَمِیعِ النَّاسِ مِنْ قَرَابَةِ رَسُولِ اللَّهِ صلعم
فَهُوَ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ بِمَنْزِلَةِ آلِ مُحَمَّدٍ جو آل محمد سے دوستی رکھے اور انکو
بوجہ قرابت رسول سب لوگوں پر ترجیح دے تو وہ آل محمد سے بمنزلہ آل محمد ہے پس
لہذا معلوم ہوا کہ حضور نے بوجہ دوستی آل محمد کے بمنزلہ آل محمد شمار کیا تھا ہے ویسا ہی
حضرت سلمان بھی بوجہ کمال اختصاص و رسوخیت ایمان و قوت اعتقاد دیانت

پارہ ۲۶ سورہ فتح
إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِینًا
لِیَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ
مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ
لیکن گناہ کی مغفرت میں مراد
گناہ امت ہے کیونکہ امت سے
اور حضرت سے کمال اتصال ہے
گویا کہ فرمایا گناہ ان شیعہ علیہم
خواہ ماضی ہوں یا آئندہ بوجہ تعلقات
حضرت بخشا گیا ۱۲
تفسیر کبیر سے و مفاتیح الغیب

ناموس شرع و تاویل ظاہر و باطن اہل بیت سے متعلق ہو گئے نہ رہے وہ کچھ ہم

رونقش اٹھ گئی اور انکو بھی عصمت ہو گئی کیا خوب شاعر نے فرمایا ہے

کانت مودة سلمان له نسبا ولم یکن بین نوح وابنه رحما

بوجہ اہل محبت خدا و رسول مودت سلمان کو نسبت ہو گئی اور نوح اور انکے فرزند میں قرابت

(من اوله الی ہذا از ایجاز التطهیر التحریر)

نہ سمجھی گئی واقعی کیا کیا تحقیقات جناب سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

فی بیان آیة التطهیر (از قبلہ و کعبہ ناصر حسین صاحب قبلہ) مطبوعہ جونپور

کے بیان کیے ہیں

قصیدهٔ فاضل متبحر ابن ابی الحدید در مدح علی عم و جنگ مکه و بیان

صف آرای لشکر مربوط به صف آرای امام حسین روز عاشورا و شمار

مدح در مرتبت شکنی جناب امیر ربط بکار بزرگ به پایانش

قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم مَن ذَکَرَ فَضِیلَةً مِن
فَضَائِلِ عَلِیِّ بنِ ابی طالبٍ مُقِرًّا بِهَا غَفَرَ اللهُ تعالی لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِن
ذَنبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ شفیع روز جزا صاحب رسولخدا نے فرمایا کہ جو بندہ کوئی
ذکر ایک فضیلت کا فضائل علی ابن ابیطالب سے کرے یا شرط یہ کہ معتقد بھی رہتا ہو خداوند عالم
اس کے گناہ گذشتہ اور آئندہ بخشدیتا ہے وَحُبُّ عَلِیٍّ یَأکُلُ الذُّنُوبَ
کَمَا یَأکُلُ النَّارُ الحَطَبَ وَمَن اَحَبَّ عَلِیًّا غَفَرَ اللهُ ذُنُوبَهُ وَلَو کَانَت
لِعَدَدِ قَطَرَاتِ المَطَرِ ارشاد فرمایا ہے کہ محبت علی ابن ابیطالب اس طرح گناہ کو
کھا جاتی جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے اور جو بندہ دوست علی ابن ابیطالب کے محبت رکھتا ہے

حق سبحانہ تعالی اوس مومن کے گناہ بخشدیتا ہے اگرچہ اوسکے گناہ مثل کثرت قطرہ ہاے باران ہوں

اللہ اکبر مومنین کیلیے کیا ثواب ہے محبت حضرت میں اور ہم غمدیدوں کیواسطے محبت نعمت بے نہایت ہے

شاعر شعر میں نقل صنعت سوال وجواب میں فرماتے ہیں ؏

انجام حب زلفش چیست وصل حور
شیطان مخالف کیست عدوی تو مشہور

باشد چسان نجات زاسم ابو طہور
چیست کرامت بہر غلامان یار قصور

شکر خدا ہے کہ غفران کند علی

ہمارے کیا مجال کہ آپکے وصف میں کچھ زبان کہول سکیں جب رسولخدا نے حدیث میں لوکان

الریاض اقلاما والبحور مدادا والجن حسابا ما احصوا

فضایل علی ابن ابیطالب کہ اگر تمام درخت قلم ہوں اور تمام دریا سیاہی ہو جاویں

اور تمام انسان لکہیں اور جن شمار کریں تا ہم فضایل علی ابن ابیطالب کا احاطہ نہیں کر سکتی

مگر کیا کریں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اپنی کتابکو زینت فضایل علی ابن ابیطالب سے کریں اور وجہ

یہ ہے کہ ہمیں ایک عالم اہل سنت فاضل متبحر ابن ابی الحدید معتزلی کے قصیدہ

علویہ سے عرض کرتا ہوں عمدہ ہر کس کہ اقسام التقلید علی انفسہم

مَقْبُولُ   یعنی عقل جس بات کا اقرار اپنی نفس پر کریں وہ مقبول ہوتا ہے

اور آپ کی محبت ایسی فضل متبحر کی علی ابن ابیطالب سے ثابت ہوتی ہے مگر چونکہ ہمارا اظہار

نہ ہی اس کی مدح سے ہوتا ہے لہذا بیان لازم ہوا   الفَضْلُ مَا شَهِدَتْ

بِهِ الْأَعْدَاءُ   قَالَ الْفَاضِلُ

رَأَيْتُ دِينَ الِاعْتِزَالِ وَإِنَّنِي   أَهْوَى لِأَجْلِكَ كُلَّ مَنْ يَتَشَيَّعُ

کہتے ہیں ابن ابی الحدید کہ اگرچہ میں معتزلی مذہب ہوں مگر یا علی آپ کی محبت کی وجہ

سے سب شیعوں سے محبت رکھتا ہوں

جَلَلْتَ فَلَمَّا دَقَّ فِي عَيْنِكَ الْوَرَى   نَهَضْتَ إِلَى أُمِّ الْقُرَى أَيِّ الْقُرَى

یا علی آپ کا نام نامی دو چند ہو کہ جب ساری خدائی آپ کی نظروں سے گر گئی اور بہت ہی حقیر

ہوا اور آپ کی نظروں میں نہ سمائی تو آپ نے رخ جانب مکہ فرمایا کہ جو بیخ و بنیاد تمام آبادیوں کی

ہے اور وہیں سے زمین چاروں طرف پھیلائی گئی ہے   اور گویا کہ ناف و سر دفتر

سب زمین کی تھی مگر چونکہ ہمارے حضرت نفس رسول و زوج بتول تھے گویا یہ دونوں آپ کے

ہے حضرت امیر سے خطاب یہ شاعر نے اسوجہ سے کی تھی کہ آپ روح و قلب تھے آلیمین

تَوبَاتِ لَوْ اَشْتَوقُ كُلَّ اِلَيْهَا وَشُقِقَتْ ؎ شاعر مذکور کہتا ہے

اپنے اے علی ابن ابیطالب جَوْزًا بِالرَّمْلِ طَنْنَتُهُ مُعْفُهُ لَهُ

کبھی کے ہنگام میں ریگستان کے اگر گئی ہیں مقام میں اور سیر آپ بیحد ہے کا دوڑنے دے ایسے

اور جان میں دیکھی ہیں زمین کی انکی سبب پیدا ہوئے ہیں دور اور بسبب ہی تیز ایسا تو ہیں جاو کی والدے

چہوٹے چہوٹے یہہ کہ ہیں سمجہتے ہیں وحشی گاوہ کہ ہیں پڑتی نظر انکی قد چہوٹے ایسے

تَفُوقُ الرِّيَاحَ ؎ ہیں آتی چلی ہمیشہ ہمارے ہیں کہتے اور بہی

اِذَا شَدَّتْ نَجَعَ الطَّرْفِ وَتَسْبِقُ اِذَا مَشَتْ صِفَاتِ اَلَىٰ

اپنی دب کہ تہی چلتی ایسی پر دوڑنے رفتار تیز راہوار وہ بلکہ جرَتْ

نَفِيثُهَا ؎ تہی گردش بہی چشم گردش سامنی انکی تہی ڈالتی ہونٹ کبہی ہر دو پا

قدر کی اللہ بر الحمد اللہ علی حکمۃ وَشَاهِدُ لِلْمُحِبِّ سُلُوٌّ

کو تہی دیکہہ خدا تہی آتی نظر قدرت خدائی اور تہی ہوتا تسکین سے جب دیکہتی انکی کر شہوار

ومن شعر آں حضرت کا مرثیہ ع عَلَيْهَا كُمَاةٌ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ

يُجَاهِدْنَ أَوْ يَأْلَ الْحَدَائِدِ تَبَخْتُرَا ان گھوڑوں پر ہیں لوی بن غالب کی نسل کے

اور کیسے ہاشمی جوان ایسے سوار تھے کہ جو از سرتا پا غرق دریائے آہن تھے اور جب تبختر

اور تمکنت سے چلتے تھے تو زمین اونکی زرہ کو بوسہ دیتی تھی ع رَمَيْتَ

أَبَا سُفْيَانَ مِنْهَا بِجَحْفَلٍ إِذَا قِيسَ عَدًّا بِالثَّرَى كَانَ أَكْثَرَا

اے لشکر گراں کہ اگر شمار کیا جاوے تو تارے آسمان سے بڑھ جاوے آپنے تیار کرکے

گوشمالی سفیان کے لئے روانہ کیا ع يُلَبَّاةٌ رَأْيِ النَّبِيِّ وَصَارِمٍ

بِكَفِّكَ أَهْدَى بِالرُّؤُوسِ مِنَ الْكَرَى اور بیدار مغز و ترتیب لشکر

ظفر پیکر دو چیزیں تمہارے پاس تھیں ایک رائے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دوسری آپکی وہ شمشیر بران کہ جو سروں میں اس طرح سے در آتی تھی کہ جیسے نیند گویا

رگ چشم سے چشم و دماغ میں پہنچ جاتی تھی

ربیعین یہ شاعر نامدار فضائل حسن سفر کا حال بیان فرما رہے ہیں کہ دسکی تحمل جو یہ تربین

کہ حضرت اس جاہ و جلال و شوکت و اقبال سے لشکر ظفر پیکر کی تعداد دس ہزار
و بروایتی بارہ ہزار تھی از انجملہ سات سو مہاجر چار ہزار انصار سات ہزار دیگر قبائل سے
مؤلفۃ القلوب تھی ۔ حسب دستور میمنہ و میسرہ قلب و جناح ساقہ و کمینگاہ سے
مرتب فرمایا تھا اور ہر رئیس قوم کو ایک ایک علم مرحمت ہوا تھا اور نشان زرنگار
نور افشاں جناب علی ابن ابیطالب کو مرحمت فرمایا تھا ۔ بجای عربی کرنای جنگی
نعرہ تکبیر تھا تمام فوج ظفر موج دریائے آہن میں غرق اسی جاہ و جلال و کثرت و اقبال
سے ہمراہ رکاب رسالت مآب مثل دریا موجیں مارتی ہوئی منزل بہ منزل طی
کرتے ہوئے منزل مر الظہران میں پہنچی ۔ حضرت نے حکم دیا کہ آج کی رات
ہر شخص اپنی بستر پر بکثرت آگ روشن کرے ۔ سب نے تعمیل حکم کی ۔ اہل مکہ اس
آگ کو دیکھ کر متحیر ہوئے ۔ ابو سفیان نے جب تجسس احوال کیا اور وہی ہجوم
کی کثرت اور جناب رسولخدا کی آمد معلوم ہوئی تو نہایت خوف کھایا اور بذریعہ
جناب عباس چچا رسولخدا کی آکر ایمان لایا اور امان لی مگر دل کا منافق رہا

جیسا کہ فاضل متنزلی نے کہا ہے ؎ وَحَاذَرَ غَرْبَيْ مَشْرَفِيٍّ مُذَكَّرٍ

هَزَزْتَ فَأَلْفَى الْمَشْرَفِيَّ مُذَكَّرَا یعنی ای علی بن ابیطالب جبکہ

تو ابو سفیان اسلام کا نام سنکر نہیں جھکتا تھا مگر جب آپ کو تلوار آبدار

کو بھی دیکھا تو مجبور اسلام قبول کیا مشرفی چونکہ مشارف ایک شہر عرب میں ہے اور

وہان کے تلوار آبدار ہوتی ہے اسوجہ سے شاعر نے کہا ہے کہ دونوں کنارے مشرفی تلوار

کے دیکھکر ڈرا پھرتی ہیں ؎ وَأَعْطَى يَدًا لَمْ يُعْطِهَا

عَنْ مَحَبَّةٍ وَقَوْلَ هُدًى مَا قَالَهُ مُتَنَجِّزَا بیعت کی لی ہاتھ تو

بڑھایا لیکن دل سے کب منظور تھی اور جو کچھ زبان سے کہا اسمیں صحت روی فقط

مطلوب تھی خیال و فائب تھا ؎ فَلَسْتَ بِذَاكَ الْعَفْوِ أَوْلَى وَ

بِالْعُلَى أَحَقَّ وَبِالْإِحْسَانِ أَحْرَى وَأَجْدَرَا چونکہ آپ

والے عفو و احسان تھے اسوجہ سے اپنی اوسکی پردہ پوشی فرمائی

الغرض جب وہ ظاہر میں ایمان لایا تو منظور نظر اقدس جناب رسولخدا ہوا

کہ وہ کروفر جاہ و حشم نشہ کفر بیکر دیکھتا جاتا تا بہر سبب سے شوکت

و شقاوت نہ بڑھ سکی جناب عباس کو حکم دیا کہ ادھر ایک ٹکڑی پر حملہ کر بڑھی ہمت ان

تا کہ لشکر خدا کا سپاہ اوس رسالہ کی نظر سے گذری حضرت نے سواری طلب فرمائی

تا کہ تصور کہ شل کر رہی تھی حاضر ہوئی حضرت نے نور طور کی طرح اوس پر جلوہ فرمایا

جلو میں بہشتی پیادہ و سوار تگ و دو میں تھی اور خود جوانو کا شور و غل ادہر

گھوڑوں کی ہنہنانی سے کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی تب لشکر میں سید مختار

گرد و پیش ہالی کی طرح مہاجر و انصار راہ خدا میں سرفروشی پر تلے روبرو حضرت

حیدر کرار تھی دست حق پر بیعت دست خدا میں نشان نصرت نشان تھا داہنی جانب

ذو الفقار پر کہکشان کا گمان تھا اور تمثال نما دست قدرت اس خوبی دیکھ کر اوس نے تشبیہ دی ہے

نماید تماشش خرد این چنین	گر انصاف داری بگو آفرین
تن پاک او کشتی نوح بود	چو امواج طوفان بگردش چه بود
خدا ناخدا جبرئیل اوستاد	همان ایزدی لطف باد مراد
علی بود ملاح صاحب مدار	نوا باد بادبان لنگرش ذو الفقار

خدا حمد یہ کہ اس سرزمین سے لشکر خدا جدا ہے یعنی تک رسیدن کا سامنا ہوا

سبکے پہلے خالد بن ولید کو بھیجا یا تھا اور اوسکے ہمراہ انہوں کو ہراول بنایا تھا
اوسکی ہاتھ میں بہت بڑا علم تھا زرفشان جسکا پرچم تھا اوسکی پیچھے ہزار سوار جرار
بدن میں زرہ کمر میں تلوار سر پر خود پشت پر سپر ہاتھ میں نیزہ پشت
زین پر چین بہ جبین قتل شمشیر افکنک سپیری پہنی تھی جب سفیان کا سامنا ہوا
سب نے نعرہ تکبیر کیا اور تیروں کی طرح سامنے سے نکل گئی سفیان نے عباس سے کہا
یہ لشکر رسولخدا ہی انہوں نے کہا ابھی فوج رسولخدا کی کی یہ کیا وہ ساجد نسبت
خاک را با عالم پاک یہ تو لشکر خالد ہی تمہارا ولید جسکا والد ہی یہ لشکر بطحان
لشکر کیسی تھا الحمد اللہ دو دن میں یہ نے باپ کا بدتمیز چھوڑا تمہارے فوج میں تا
اسر و یمین محسوب ہو گیا پھر زبیر بن العوام زرہ پوش سر پر نورانی خود رکھی
ہاتھ میں کھجور کے درخت سے بھی بڑا نیزہ ہاتھ میں لی سامنی اوسکی دیباج جسکا پھریرا اودا تھا
اوسکی پیچھے پانسو سوار زینت جرار بدن میں زرہ میں آراستہ کالے گھوڑی چڑھی
نیزہ ہاتھ میں لئی گھوڑی بازو زنبورکان ترکش میں تیر عجب شان و شوکت
سے آئی جب سفیان کی سامنی آئی نعرہ تکبیر کیتی ہوئی نکل گئی سفیان نے

پوچھا یہ ہے لشکر حضرت علی عباسؓ نے کہا نہیں یہ ہے فوج زبیر عوام کی

پھر ایک اور جماعت آئی اونکے دشت پر غبار نے عجب زینت پائی اونکی آگے آگے

سن رسیدہ جہان دیدہ کار آزمودہ مرد دیندار حضرت ابوذر غفاری تھے

لوہے کی ٹوپی سر پر دی فولادی قبا زیب بدن کی طبیعت جہاد پر مائل

تیغ جید بیغ الماس رنگ گلے میں حمائل پیشانی میں نور ایمان کا دست حق پرست

میں نشان تھا گو ظاہر میں ہمراہ میں پانسو سوار تھے لیکن باطن میں ایک ایک ہزار در ہزار بہادر سے

کے پیشانی نیو پر شکن تیور تو پر بل عجب رنگ ڈھنگ سے سفیان کے سامنے آئی

اور نعرہ اللہ اکبر زبان پر لائے ظاہر میں تو انکی افسر پیری تھی مگر حقیقت میں

یہ سب تڑپی کمان کے تیر تھے   فاضل باذل فرماتے ہیں ٥

بدست عنان و بدست سنان   خروشان و جوشان چو پیل دمان

رسیدند و گفتند تکبیر ہا   بسرعت گذشتند چون تیر ہا

سفیان نے کہا یہ کون بزرگوار ہیں عباسؓ نے کہا یہ مصاحب خاص پیمبر بوذر دیندار ہیں

اسطوری بنی کعب و قوم مزینہ و جہینہ کا لشکر آتا گیا اور سفیان

اقتشام اسلام پر خوب سر دہنتا گیا آخر اللہ رحمت دیکھ لشکر خاص

حضرت آیا جسکے کروفر بیان کی طاقت طاق تھی جہاں تک نظر کام کرتی تھی

سر ہی سر نظر آتے تھی فوج کا تیور تھی سمندر موجیں مار رہا تھا پشت سرپا

ظفر شیم روبرو جناب ید اللہ مع علم سر پر سایہ رب جلیل جلو میں جبرئیل

آستین چڑھی دامن اوٹھائے لی جاتے تھی واقع بین کمیت تھی شاعر نے کہا ہے

شدہ از سناں ہائے بالا بلند الف ہای انا فتحنا بلند

برافروخت ایمان بہ جلوق سر کہ شد جیب و دامان وی پر گہر

کیونکر نہ ہوں شہ آئے تھے شوکت اسلام اور شہ آئے آرتشکی لشکر

ہی بھی ایک اور لشکر کی آرتشنگی یاد آگئی ہے وہ کون لشکر ہے وہ لشکر حسینی ہے

کہ امام حسین علیہ السلام نے صبح روز عاشورا مرتب فرمایا راوی لکھتا ہے جب صبح عاشورا

نمودار ہوئی تو پسر سعد نے اپنی فوج سے کہا افسوس ہے کہ تم لوگ ہمت ہی نہیں کرتے

یزید و ابن زیاد ہو اور ہمیشہ سے نعمتہای خسروانی میں پرورش پاتی رہی ہو

اور باوجود اسکے کہ تم ثروت میں اسقدر ہو لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ پانی اطفال حسین

و خیمہ ہای حسین تک نہ پہنچنے پاوے ابھی کل کی بات ہے کہ بر سر ہمدانی پانی

لیگی خبردار اب پانی نہ پہنچنے پاوے بعد و کل رستم ملعون کو سردار بیسیہ

عمرو بن الحجاج کو حاکم میمنہ شبیث بن ربعی کو سرگروہ پیادگان کیا علی سقار

اپنی غلام درید کو بخشا بروایت بعض علما علمدار رسول و درید کو کیا ابو ایوب غنوی کو

سردار پیادگان و محمد بن اشعث کو سرگروہ تیر اندازان و عمرو بن صبیح کو اف

تیر اندازان کیا اور اہتمام بلیغ کیا کہ پانی کسی عنوان سے اطفال حسین و خیمہ

حسین پر نہ پہنچنے پاوے تمام لشکر ہے سختی سے روکی گی اور باوجود یہ کہ

فوج کثیر دی تھی مگر یہ بھی تاکید شدید کی کہ اگر فوج کی کمی ہو تو اطلاع

الداکر ہی کو حسین ذریت رسول کے قتل رزیل سے سے

ہو رہی میں اور وہ یہ جو خداوند عالم سے ہر صاحب ... میں کشت ہے اور کل و لد دست

ہائی سلطنت کا حال سنیئے کہ جب صبح روز عاشور نمودار ہوئی تو بروایت

از شیخ المدوران

سید ابن طاؤس و محمد بن ابی طالب موسوی آواز ہاتف غیب معلوم ہوئی کہ بہ رفع

یا خیل اللہ ارکبوا اے لشکر خدا سوار ہو اور آمادہ شہادت ہو حضرت نے

بوجہ نایابی آب مع اصحاب تیمم کیا اور اذان کہکر نماز بہ جماعت ادا فرمائی بعد فراغ نماز

متوجہ جانب اصحاب ہوئے اور فرمایا آگاہ ہو جاؤ کہ بغیر زین العابدین آج ہم سب شہید

ہو جاوینگے اور دنیا کے ذلت و رسوائی سے نجات پا جاوینگے لہذا اے مشتاقان شہادت

آمادہ حرب ہو جاؤ بروایت صاحب مناقب تعداد اصحاب بیاسی ۸۲ اور بروایت

سید از امام محمد باقر علیہ السلام پینتالیس ۴۵ سوار اور سو ۱۰۰ پیادہ تھی و بروایت شیخ مفید بتیس ۳۲ سوار

اور چالیس ۴۰ پیادہ تھی اور اسی روایت کی تائید تفسیر الحمد سے ہوتی ہے حتی

الف کا ایک اور لام کے تیس اور میم کے چالیس جملہ اکہتر اور ایک حضرت امام حسین علیہ السلام

جملہ بہتر ۷۲ تن تھی آپ نے میمنہ و میسرہ لشکر ترتیب دیا بطوریکہ زہیر بن قین بجلی

کو میمنہ اور حبیب ابن مظاہر کو میسرہ عطا فرمایا اور علم جناب عباس کو عطا فرمایا

تا اینجا

مومنین مجھکو اس مقام پر ایک روایت یاد آگئی جو کہ بسند صحیح ثابت کی گئی ہے

آپ کی دست حق پرست میں تین علم تھے آپ نے جب ترتیب لشکر دیا میمنہ

تو کچھ سوار و پیادے علحدہ فرمایا اور بغرض سرداری آواز دی ابن قین

زہیر ابن قین کہاں ہیں کہاں ہیں میرے یار وفادار زہیر بن قین

انہوں نے سنکر عرض کیا لبیک لبیک یا ابن رسول اللہ

ای فرزند رسول ای جگر گوشہ بتول ای آقا میرے میں حاضر ہوں کیا ارشاد فرماتے ہیں

آپ نے دس سوار و پیادے دیکر فرمایا ای زہیر میمنہ لشکر کی خبرداری رکھنا اور اعدا

کے لشکر میمنہ پر حملہ کرنا ای بہادر زہیر اعدا کو زیر و زبر کر کے اگر ممکن ہو

تو پانی بچوں کی واسطے لانا کیونکہ سب کے سب پیاس کی وجہ سے بیتاب ہیں

مومنین کچھ اور اصحاب کو بھی آپ نے یہی فرمائش کی تھی کہ پانی ممکن ہو تو لانا

مگر زہیر بن قین زیادہ تر مشہور فرمائش میں کیونکہ عمرو بن حجاج لشکر یزید ملعون

حاکم میمنہ تھے اور وہ بہت ذات پر مقرر تھے سنا حضرت نے فرمایا زہیر

بتراہگان

جبکہ امکان یکجائی کا نہ تھا حبیب کو ضرور ترک کرنا

پہر آپنے فرمایا اَیْنَ اَیْنَ حَبِیْبُ اِبْنِ مُظَاهِرٍ یہانتک کہ بہیجی پکار

حبیب ابن مظاہر جو نشین بر جہ پاس ادب یہہ بزرگ خیمہ حرم محترم کے پاس صف بستہ تھے

تاہم ایک صیحہ کی آواز دیکر پکارا کہ حبیب سردارت ہین ہائے آرزو

کو منین شہزادہ امام حسین لبیک فرماتے ہین یہہ صدا سنتی ہی گھبرا کے تشریف لے

گئے خدمت میں لبیک لبیک یا ابن رسول اللہ کہتی ہوئے حاضر ہوئے اپنی

ایک علم سبز اور کعبہ کو رو بیاد دیکر فرمایا کہ تم سردار میسرہ لشکر کے ہو اپنے

حبیب اگر فوج میسرہ پر حملہ ہو جاوے اور تمہارا ہاتھ ٹکڑے ہو تو ہو ہمارا ساتھ نہ ضرور رکنا

حضرت نے ہر طرف ایک علم بخشیدہ وہ علم کل لشکر اسلام میں باقی رہ گئے تھے اور یہ

وہ علم تھے کہ پھریرا اسکا دس ہاتھ کا تھا کہ حضرت نے آتش نمرود میں حضرت ابراہیم کو

عطا فرمایا تھا کہ جسکے وجہ سے حرارت آتش سے محفوظ رہے اور وہ وراثتہ جناب رسول خدا

تک پہونچا تھا وہ حضرت نے اسکا پھریرا بنایا تھا اور چنبر کو اسکی جبرئیل میں

بحکم رب العالمین شاخ درخت طوبی سے کاٹ کر بنائی تھی اور اوس علم پر [illegible] جعفر

کسی ہوئی تھی جس غزوہ یا جنگ میں یہ علم گیا ضرور فتح ہوئی اور بعد ہر جنگ جناب

رسولخدا علی ابن ابیطالب کے پاس اور اونسے ورثہ جناب امام حسین تک پہونچا جسے

آپنے اوسے جب روز عاشور نکالا اور دونوں علم تقسیم فرماچکے جب بارہ عرض ہوا

باواز بلند

تو فنادی این این اخی العباس جناب امام حسین نے فرمایا

کہاں ہیں میرے بھائی جان نثار جناب عباس دلاور میں یہ آواز سنکر

جناب عباس نے کہا لبیک لبیک یا ابن رسول اللہ حاضر ہوں

کیا ارشاد ہوتا ہے فرمایا ای بیٹا تمہیں لشکر کا سردار بناتا ہوں

اس علم کو یہ ہر چند کہ حضرت نے بنفس نفیس وہ علم عباس کے ہاتھ میں دیا

مگر ہو نہیں اب مجھکو اس مقام پر وہ باتیں یاد آگئیں جو اپنی اپنی بھائی کی

جناب عباس سے وقت علم دینے کے فرمائیں جس سے دل دوستان اہلبیت

مغموم ہوتا اور آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہوتا وہ یہ جناب امام حسین نے

فرمایا

فرماتے ہیں • کہ اے برادر عباس آج حسین کو مدد فضل و اکرام نا ہے اور نہیں خیمیوں اور

روشنیوں کو مثل ستاروں کے منظور ہے اور نہیں نانا کی امت کے بخشوانے کی ورثا کی سرشتا نا ہے ہندو تم

وہ انحصار امر علم سے کمال ارادہ تو نہیں اشہد ثبت تک تمام اہلبیت کو یقین کامل تھا ۔

کہ حسین جناب میں سے علم کو فرزند رسول خدا کی خصوصا جناب زینب کو اعتقاد کامل تھا کہ گو لشکر اعدا

کثیر ہے مگر بفضل خدا سے وہ علم رہے بھائی کے پاس موجود ہے کہ جسکے دیدے ہیں

جہان علم کو فرزند رسول فتح ہو گئے تو تیغ خدا کے سیدہ و گر نہ تا بیند کرے جب دل کو لشکر

کہ ہوئی گی تو تمام اہلبیت کو یقین کامل ہو گیا کہ آج ہمارے عزیز و قریب فرزند شہید ہوئے

ہی سب کے سب بیتاب تھی اور ایک ایک آنکھوں سے آنسو جاری تھی سکینہ بال کھولے

کھڑی ہوئی تھی کہ کوئی دشت سے جانب آسمان دیکھتا تھا کہ کوئی اپنی فرزندان اور بھو

منتظر دشت نظر تھا کہ اب آج کے بعد تمہاری صورتیں نظر نہ آئینگی خصوصا جناب زینب

کہ انکا عجب حال تھا راوی لکھتا ہے واللہ نہیں ہو سکتا بیان جناب زینب کا جو حال تھا

اور ام کلثوم کا بیان نہیں ہو سکتا اور زمین پر گر پڑتا ہی آسمان سیتا ہی ہیں فرماتی تھیں یا امام

اے مادرِ ہانی ذرا تیرے جنے ہائے رجانی۔ تُوصِی عَنِ القَلبِ وَالنَّظَرِی

اور دیکھی کہ آپ ہی جیسے چکی پیس پیس کر پالا تھا آج وہی ظلم اشقیا سے تشنہ شہید ہوئے

تھے اے اماں کیا آپ کو خبر ہے کہ حسین پر آپ کے تین روز سے پانی بند تھے نیزے پر

ذبح ہے حسین کے قتل ہو کے ایسے جیسے ارض میں اے ماں آج آپ کی کمائی

کربلا میں لٹی جیسے جیسے ہی اور بید کی ہی بیبیاں وعدہ طفل کے وفا کر گئی

غرض سے دعا ظفر ہماری ڈالتی میں اے اماں جس روز مصیبت کو یہ خیال

کرکے رو رہا تیری تھیں آج وہی دن ہے ہمی کوئی ایسا نہیں کہ مرے بھائی حسین کی

اس جد ہو وفات رہے اے اماں بعد حسین اب کوئی سری پیر ستاری کر گیا اماں جان

میں حسین کیسے جیے مٹی میں آپ ہی فرمائیے کہ یہ محمدیہ زینب کیا کرے اور

کس سے جا کر اپنی حالت کہے —

(تاریخ یا تغیر منتشد)

راوی کہتا ہے جب صفین دونوں طرف کی درست ہو گئیں تو لشکر یزید میدان میں

آیا اور جب قریب خیمہ کے پہونچا دیکھا کہ خندق آگ سے روشن ہے مرد ات

ابن تمامہ ایک ملعون سامنے آیا اور یہ کہتا تھا حسین سنا میں آپنے زمانہ میں اس طرف ہوں ملعون نے

عجب طرح سے کہا اَبْشِرْ بِالنَّارِ تَرِدُهَا فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ

تم کو بشارت ہے آتش کی ہو کہ تم اسی وقت آگ میں داخل ہو گے

حضرت نے اوسکی شقاوت کا جواب دیا بَلْ اَبْشِرْ بِرَبٍّ رَحِيمٍ وَشَفِيعٍ

مُطَاعٍ تیرا گمان غلط ہے مجھکو میں بشارت داده شده ورود قرب رب رحیم اور

پیغمبر شفیع مطاع ہوں پھر آپنے پوچھا تو کون ہے اوسنے جواب دیا محمد بن اشعث ہوں آپنے

فرمایا خداوندا اگر اس تیرے بندے نے دروغ کہا ہو تو اوسے آگ سے ہلاک کر اور اوسکی

اصحاب کے واسطے عبرت فرما جب اوسنے واپس ہونا چاہا اوسکے گھوڑے کو بہیڑ آئی تو گھوڑے

نے اوسے گرا دیا اور پیر اوسکا رکاب میں رہگیا وہ زمین پر کھنچا جاتا تھا یہانتک کہ

عضو تناسل قطع ہوگیا ایسے حق سے دل شمر ملعون نے کہا مسلم بن عوسجہ نے

عرض کیا اگر ارشاد ہو تو ایک تیر ماروں یہ ذات نہ بچے اور دشمن خدا عظیم

جبارین سے ہے آپنے فرمایا میں ابتدا بہ قتال کو پسند نہیں کرتا پھر حضرت نے

بریر بن خضیر نے ... زیادہ کہ اس قوم سے گفتگو کرو بریر نے کہا

اور کہا اے قوم خدا سے خوف کرو یہ اہلبیت پیغمبر ہیں اور ان کی عترت و ذریت

و دختران ہیں بتلاؤ کہ تمہارا کیا ارادہ ہے ان لوگوں نے کہا ہم ان کو امیر کے پاس

بھیجنا چاہتے ہیں بریر نے کہا کیا یہ امر ممکن نہیں ہے کہ ان کو چھوڑ دو اور یہ اپنے

مقام پر واپس چلے جائیں اے اہل کوفہ تم نے اپنے خطوط کو بھلا دیا اور اپنے قول

کو فراموش کر دیا کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں جان تک دے دیں گے جب ... تو

مدد سے ہاتھ اٹھا لیا اور [illegible] چاہتے ہو ابن زیاد کو ان پر مسلط کرو ابھی ...

بد ترین ہے ﴿فبئسما خلفتم نبيكم في ذريته﴾ ذریت ...

ساتھ کیا [illegible] خدا تم کو روز تشنگی سیراب نہ کرے

... [illegible] کہ جواب اس کو ...

... کیا کہتے ہو ہم نہیں سمجھتے بریر نے کہا الحمد للہ کہ بصیرت تمہارے ...

نے زیادہ کی اور [illegible] واپس ... ان لوگوں نے تیر ... اور ...

[illegible]

ہوئے پھر حضرت نے اسپ رسول اللہ کہ نام اوسکا مرتجز تھا

طلب فرمایا اور عمامہ رسولخدا کو سر پر باندھا زرہ حضرت یحییٰ کی پہنی تلوار آپ کی حمایل کی

اور گھوڑے پر سوار مقابل لشکر کفار بغرض اتمام حجت تشریف لائے آواز بلند سے

بلند فرمایا بروایت صاحب مناقب لشکر مخالف گرد حضرت مثل حلقہ ہو کر مجتمع

ہو گئے مگر ملاعین حضرت پر متوجہ نہ تھے

ہو گیا آپ نے فرمایا میں تمکو موعظہ کرتا ہوں اور راہ سبیل و رشد بتاتا ہوں اور تم

توجہ نہیں کرتے وَیْلَکُمْ اَلَا تُنْصِتُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اون اشقیا نے

باہم سرزنش کی کہ تمکو سنو تو تو خبر مردود کیا سننا چاہئے بروایت شیخ مفید

آپ نے ایسی فصاحت و بلاغت سے کلام فرمانا شروع کیا کہ سننی مثل اوسکی سنا نہ

تھا حمد خدا کے بعد درود محمد و ملائکہ و انبیا علیہم السلام پر بھیجا اور پھر فرمایا

یَا اَهْلَ الْعِرَاقِ وَانْظُرُوا هَلْ یَصْلُحُ لَکُمْ قَتْلِیْ وَانْتِهَاکُ حُرْمَتِیْ

فَالْبِسُوْنِیْ وَانْظُرُوْا مَنْ اَنَا ای اہل عراق مجھکو قتل کرنا تمہیں سزاوار ہے تم خود سمجھو اور نظر کرو

اور میرے ہتک حرمت تمکو مناسب نہیں کیا میں فرزند رشید تمہارے پیغمبر کا

نہیں ہیں آیا فرزند وصی پیغمبر نہیں ہیں کیا جناب حمزہ سید الشہدا ہمارے عم نہیں ہیں

کیا جناب جعفر ذوالجناحین ہمارے چچا نہیں ہیں کیا تمنے قول جناب رسولخدا کا اور ہمارے

بہائی حسن کے حق میں نہیں سنا کہ هٰذَانِ سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ

اَلْجَنَّةِ بخدا قسم میں نے کبھی دروغ نہیں کہا اور جو کہتا ہوں حق کہتا ہوں اگر تم میری تصدیق

کرو تو خیر ورنہ تم میں وہ لوگ ہیں جو گواہی دیں مثل جابر بن عبد اللہ انصاری ابو سعید

خدری سعد بن سہل ساعدی زید بن ارقم انس بن مالک میں انسے

پوچھو کہ آیا جناب رسولخدا نے میرے اور میرے بھائی کے حق میں فرمایا ہے کیا یہ امر تمکو میرے قتل سے

کافی نہیں ہے پھر فرمایا اگر تمکو شک ہو تو قسم خدا کی سوا میرے شرق سے تا غرب کوئی

فرزند پیغمبر نہیں ہے پھر آپ نے یہ مضمون فرمایا جسکو شاعر نے نظم کیا ہے

فَهَلْ سُنَّةٌ غَيَّرْتُهَا اَمْ شَرِيعَةٌ وَهَلْ كُنْتُ فِي دِينِ الْاِلٰهِ

درپے ہو تم کس خطا سے میرے ہو سر ہوا ہے کیا میں نے کسکو ناحق مارا ہے جو اسکا عوض

چاہتے ہو یا کسیکا مال لیا ہے یا سنت پیغمبر کو تبدیل کیا ہے یا دین خدا میں تبدیل

جسکے عوض میں اپنے فرزند کی میراث بھی چھوٹی ہو

أَحْلَلْتَ مَا قَدْ حَرَّمَ الطُّهْرُ أَحْمَدُ أَحَرَّمْتَ مَا قَدْ كَانَ قَبْلُ مُحَلَّلًا

دانت توڑتے لیکن آپ بجز صبر و تسلیم و رضا و حمد و شکر خدا کچھ نہ کہتے اور قتل

وغیرہ شبیہا دعا غرق یا حرق یا صیحہ یا مسخ یا خسف وغیرہ کا لیتا نہ ہرہ

بھی بجز اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ کلمہ نفرین زبان سے

نہ نکالتے یہاں تک کہ ان میں علوم و معارف و حکمت کو منتشر کیا ہو غلط شانیہ

و حکمتہائے علمیہ و عملیہ سے خلق کو قعر ذلالت سے نکالا شہوات حیوانیہ کے تسلط سے

صندوق الٰہیہ کا عادی کیا اخلاق سے مثل و منظم کیا ذمائم جہالت و

لہذا انکو ہیں اذیتیں ملی صحابیت و

احادیث میں کہی ہیں بڑا جا چھے

وان کرھتھا الفتن

اگرچہ تکرار شہ ملی ہیں کچھ نہ سمجھ

کیا وقتا فقتیں ممکن کریں

اب میں یہ عرض کرتا چاہتا ہوں کہ

افضل افراد اظہار محبت بہ نسبت

ہے وہ یہ ہے کہ ہم اہل مجلس

میں فضیلت کا اعتقاد رکھے

جاویں اور ان کی فضائل و مناقب

کو متوجہ ہو کر سنیں اور فضائل

سے مسرور اور مناقب سے مغموم

ہوں تو البتہ حق محبت کو ادا

کر سکینگے کیونکہ دوستی کسی شخص

کی کیونکر بدلا ہے جہت مرتب

محبوب سنیں ہو سکتی لیکن اس قدر

قدر و منزلت کو اسکی نسبت

سمجھے کہ یہ کس قسم کی دوستی کے

قابل ہے اور اسمیں مراتب

مختلف ہیں۔

دیکھیں امر یہ ہیں عرض کرنا ہو یہ درست ہے

سنقدر آیت سے ایسی بینتگی صورتا دکھوائی ہے یہ عزت العزۃ للہ ولرسولہ وللمومنین پر پہونچایا یہانتک کہ یوم

محبت اہلبیت کیا رکھا کر فرماتے ہیں کہ افضل سایر امم سے ہوگیا امت مرحومہ لقب دیا گیا انبیاء کی سیف ساز کی

مگر جب بر تبع استحقاق احکام ہیں کہ امت مرحومہ پیغمبر آخر زمان کی تمنا کی جیسا یہ اخبار تفسیریں جناب موسی کا تمنا

حسین دیے اور جا بجا دیکھنا محبت کا فرق

معلوم ہو جاوے تو یہی بزرگ شمل ثواب وارد ہے بہر طور چونکہ یہہ حقوق جناب رسول امت پر تھی اور جن بہلائی

دشمنی کوئی مقرر دیتی ہیں جنکا کہ امید شفاعت بری از نعمت ہے لہذا ادس زمانہ کے لوگون نے خواہش جلوہ کی

خدا نے قرآن میں فرمایا ہے اذا

حاجۃ مما اوتوا یعنی کہ کوئی خدمت حضرت کے واسطے کریں اور کوئی ایسا کام کریں کہ جس سے لیعقد فی

کہ یقول اللہ الخ

اسی محمد مشتاق ہوگے آنے میں ہوئی رہیں اوکل ہم ہو جاوے خداوند عالم نے اس آیۃ کو نازل فرمایا قل لا اسئلکم علیہ

تم منتخب ہو درستا خدا ہو اور خدا اجرا اے محمد امت کیسے دو کہ نہیں مزدور رسالت اور اپنی زحمتوں کے عوض میں

خاص ہے کہ تم رسول ہو مگر شفاعت

ذمہ ہے کہ نسبت تعلق جھوٹے میں ول کا تم سے کیفقال نہیں جاتا ہا تو قع خدمت نہیں کرتا مگر یہہ کہ میری اعزہ و اقربا سے دوستی

اور از دلہی تمہارے ہیالت کا نفع ہے

اور ظاہر ہے کہ جو شفاعت دیویں سے اسیر بہی تفضیل کامل اہی و ذریت حضرت رسالت پناہ کی اس مزدوری کو بہی جزو

احکام میں ہیں سنت کی بزرگتا و اور وسکیو اسلی بہی ثواب بقدر اسی اور فرمایا ومن یقترف حسنۃ نزدلہ

کیں محبت کا دم بہر تمکا خالدا

حکم تفضیل مدیت ہیں فیہا حسنا جو شخص حسنہ ولایت اہلبیت حاصل کرے تو ہم و سکیو اسلی

سمجھے ہے

میں احسان و نیکی ہو زیادہ تر نیکی مومنین یکبارہ سرہی ترقی فرمائے اور حسنہ ہو افضل حسنات

و اشرف قربات و طاعات کیا جنابہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے ان

فوق کل عبادة عبادة و حبنا اهل البیت افضل العبادة

ہر عبادہ کے اوپر ایک عبادت ہوتی ہے اور ہم اہلبیت کی محبت سب

عبادت پر زیادہ ہے فضیل نے ابو الحسن موسی بن جعفر علیہما السلام سے پوچھا کہ کونسی

چیز باعث تقرب خدا و رسول ہے آپنے فرمایا افضل قربات طاعت خدا و رسول

و محبت اولو الامر ہے شیخ طوسی نے بذریعہ ابو عبد اللہ جدلی جناب امیر المومنین علی سے

روایت کی ہے کہ آپنے فرمایا میں تمکو ایسے حسنہ کی خبر دوں کہ جسکی ساتھ وہ حسنہ

ہو فزع قیامت سے محفوظ رہے اور ایسے سیئہ سے کہ جو وہ سیئہ رکھتا ہو خدا

اوسکو منہ کے بل جہنم میں ڈالدے ابو عبد اللہ جدلی نے عرض کیا ہاں ارشاد ہو

آپنے فرمایا الحسنة حبنا و السیئة بغضنا وہ حسنہ ہماری

ولایت و دوستی ہے اور وہ سیئہ ہمارے بغض و دشمنی ہے دیلمی نے کتاب

جناب رسولؐ سے منقول ہے من مات
علی حب آل محمد مات مغفورا
جو محبت آل محمد پر انتقال کرے
وہ مغفور ہے
ومن مات علی حب آل
محمد مات شہیدا
جو محبت اہلبیت پر انتقال
کرے وہ شہید مرا
ومن مات علی حب آل محمد
تزف الجنة کما تزف
العروس الی بیت
زوجہا
جو محبت اہلبیت پر کرے
اسکو ایسے جنت سنوارے
آراستہ بھیجا جیسے عروس اپنی
شوہر کے گھر جاتی ہے

اصول الدین میں امام جعفر صادق ؑ سے روایت کی ہے کہ ایک گروہ امام حسین ؑ کی
خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یابن رسول اللہ ہمارے اصحاب و رفقا معاویہ کے
پاس گئے اور ہم آپکی خدمت میں آئے ہیں حضرت نے فرمایا ہم تمکو جائزہ معاویہ سے زیادہ
دینگے انہوں نے عرض کیا ہم آپ پر فدا ہوں ہمکو بغرض دین آئے ہیں [illegible]
دنیا سنکر آپنے دیر تک سر جھکایا اور خطا میں پر کچھ سر اٹھایا [illegible]
اور فرمایا قصیرة من طویلہ مختصر ہے کہ جو تمکو قطع نظر [illegible]
بغیر نظر خدا و محمد کیا
و ایتم دوست رہے ہو حابر معنا یوم القیامۃ کہا تین
تو وہ قیامت میں مثل ان دو انگلیوں کے ہوگا بعد اسکے آپنے دو انگلیاں [illegible]
شہادت کے ملائیں عہ

بہرطور بعد نزول آیہ جناب رسول خدا عرض رحمت کے تبرہ و تعبیہ کے عشیرہ [illegible]
اجرت پر راضی ہوئے کیونکہ اسمیں خیال تھا کہ رسالت کا بوجہ ایسی کہ [illegible]
کچھ خرچ نہیں ہوتا رہیگی مگر کسقدر بیدینی اور ناموں کی تھی [illegible]

(عہ طرائف [illegible] صفحہ اول [illegible])

بار تیرہا حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جب آیہ شریفہ نازل ہوا حضرت نے درمیان اصحاب

فرمایا کہ تم پر ایک فریضہ واجب ہوا ہے تم اوسکو بجا لاؤ گے میں تم سے بیان کردوں

کسی نے جواب نہ دیا دوسرے روز پھر آپ نے یہی فرمایا اور کسی نے جواب نہ دیا تو یہ

نے فرمایا اِنّهُ لَيْسَ مِنْ ذَهَبٍ وَلَا فِضَّةٍ وَلَا مَطْعَمٍ وَلَا مَشْرَبٍ

وہ تکلیف از قسم سونا چاندی کھانا پانی نہیں ہے مستدرگ گروہوں نے کہا اگر

یہ ہے تو بیان فرمائیے حضرت نے آیہ پڑھی کہ میری مزدوری جو خدا نے میری اہلبیت

کی محبت مقرر فرمائی سب نے کہا کہ ہم سب دل و جان سے قبول کرتے ہیں

مگر سوائے تھوڑوں کے وفا بھی کیا نہیں حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا فَوَاللهِ

مَا وَفَى بِهِ اِلَّا سَبْعَةُ نَفَرٍ قسم بخدا بجز سات شخص کی بعد رحلت پیغمبر

اور کسی نے وفا نہ کیا اور اونکی ذریت سے روگردان ہوئے اونکی اہلبیت کو

مظلوم و بے یاور کیا شمشیر جفا سے بابِ تشنہ شہید کیا عیال کو مقید کیا

سر مقدس کو شہر بشہر دیار بدیار پھرایا اور چوب ستم سے لب و دندان [illegible]

آنحضرت کی محبت تمام جن و انس
و وحش و طیور پر فرض ہے چنانچہ ایک
جنی اور یسین نامی سلام کو حاضر ہوا
چنانچہ امام زین العابدین کی خدمت میں
اسے حضرت نے پوچھا کہ تو کون ہے
کہ جناب سوشن کی بطن ماہی سے نجات
بخشی تھی تا قیامت ہمارا محبت کرتا ہے
ہمیشہ آپ کے وجود ذی جود کے صدقے
محبت ہوا آپ نے فرمایا کہ بیشک
تم

[illegible]

کی رعایت کی کہ اونکی فرزند عزیز جب فرماتے کہ کیا میں تمہارے پیغمبر کا نواسہ
میں نہیں ہوں تو یہ لوگ جواب دیتے کہ ہاں ہم تمکو بھی جانتے ہیں مگر ضرور قتل کرینگے
اور ہر چند نانا و جداہ و ابا القاسماہ و علیاہ و ابتاہ فرماتے
مگر کوئی رحم نہ کرتا کبھی فرماتے أَتَقْتُلُ عَطْشَانًا وَجَدِّي مُحَمَّدُ
نِ الْمُصْطَفَى أَتَقْتُلُ عَطْشَانًا وَأَبِي عَلِيُّ نِ الْمُرْتَضَى وَأُمِّي فَاطِمَةُ
الزَّهْرَاءُ میرے نانا جناب رسولخدا اور بابا علی مرتضی اور ماں
فاطمہ زہرا ہیں اور پیاسا شہید کرتے ہو کاش اگر رعایت پیغمبر کرتے
تو بنسبت مسلمانوں کے ایک مسلمان ہی سمجھتے کاش محبت نہ کرتے تو دشمنی بھی نہ کرتے
اونکی عیال کو مثل کفار اسیر نہ کرتے جسم مبارک کو پامال سم اسپان نہ کرتے کاش
اگر مسلمان بھی نہ سمجھتے تو اونکو ایک شخص طائفہ عرب ہی سے سمجھتے اور حمیت برتتے
ضایع نہ کرتے چنانچہ خود سید الشہدا فرماتے تھے کہ اگر تمکو دین کی پروا نہیں
قیامت کا خیال نہیں فَكُونُوا أَحْرَارًا فِي دُنْيَاكُمْ وَارْجِعُوا

اِنِّی حَسْبُکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَاۤءً تو قواعد عربیت کی توضیع بیحد و اور طول طویل اور رکیک نبوتکی متعرض نہو

حضرت جب آپ کو بخوبی واضح ہوا کہ محبت اہلبیت علیہم السلام بعد وجوب واجبات و افضل طاعات ہے تو لازم اوسکی رعایت کیجئے اور اس وجوب کو ہاتھ سے نہ دیجئے کیونکہ اگر اس میں سستی ہوئی تو سب خیرات سے محروم ہو جائینگے یہی دین خدا ہے اور ملائکہ کو تدین اسیوجہ سے حاصل ہوا جیسا کہ حدیث میں ہے هَلِ الدِّیْنُ اِلَّا الْحُبُّ آیا دین بغیر ولایت و محبت اہلبیت کے ہو سکتا ہے نتیجہ حدیث یہ ہوگا کہ جسکی محبت کامل تر اور زیادہ تر ہے اوسکا دین قوی تر ہے اور مراتب محبت مختلف ہیں بعضی اپنی محبوب کو سب چیزوں سے زیادہ دوست رکھتی ہیں جیسے کہ جان و مال و فرزند و عیال پر مقدم رکھتے ہیں اور بعضی اقرار زبانی رکھتے ہیں اور جب مقام امتحان ہوا تو معلوم ہو جاتا ہے کہ بجز دعوی اور کچھ نہ تھا اور جو لوگ محبت

امر باطنی ہے کوئی دلیل صدق و کذب پر بجز اسکی نہیں ہے کہ علامات سے اوسکو

تمیز کیجاوے اور بہترین علامات یہ ہے کہ شادی دوست مین خوش ہون اور غم مین

اوسکے مغموم یہی وجہ ہے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہین اِنَّ

اَکمَلَ المُؤمِنِینَ اَحسَنُهُم خُلقًا وَاَلطَفُهُم رِقَّةً عَلَینَا

اَهلَ البَیتِ وَاَشَدُّهُم حُبًّا لَنَا وَاَکثَرُهُم حُزنًا عَلَینَا

کاملترین مومنین وہ شخص ہے جسکا خلق سب سے زیادہ نیک اور رقت اوسکی ہم

پر زیادہ دوستی اوسکی ہماری واسطی شدید تر حزن اوسکا زیادہ تر دوسرون سے ہمارے

واقع مین یہ مومنین حق ہی ہے کہ یہ دوستی ہے کہ ایسے محبوب بلند مرتبہ کو

دیکھی یا سنی اور زندگی اوسکی تلخ نہو اسی واسطے کہ رنج ایسے کیسے ممکن ہے

کہ کوئی سنی محبوب ترین عالمین کو لب تشنہ و جگر برشتہ نیزہ پہلو پر مارا

تیر سینہ پر مارے پتھر پیشانی پر لگایا شمشیر سر پر مارا

جاری نہون آہ اوسکی سینہ سے نہ نکلی بلکہ متقاضی مرنے ہین

مومنین حق پر تھے کہ تاثیر و تالم ہر شخص کا اس مصیبت میں بقدر اوس کی محبت کے تھی

اور محبت بقدر معرفت تھی یعنی جسقدر جلالت و بزرگواری سید الشہدا کو زیادہ

جانتے تھے اوسیقدر زیادہ متالم ہوتا تھا کوئی اسقدر جانتا تھا کہ امام حسین ع مرد کریم

و شجاع عالم و نجیب و بزرگ زادہ و زاہد و عابد تھے اور انکو بے تقصیر مارا

تو اسقدر متالم ہوتا تھا کوئی جانتا تھا کہ لنگر آسمان و زمین تھے یعنی آسمان و زمین

و ملک و ذرات عالم اونکی فرمان میں تھے اور تمام عالم آپکے شعاع نور کا عکس تھا

وَكَانَ اِذَا شَاءَ شَاءَ اللّٰهُ وَاِذَا كَرِهَ كَرِهَ اللّٰهُ وَاِذَا رَضِيَ

رَضِيَ اللّٰهُ وَاِذَا غَضِبَ غَضِبَ اللّٰهُ جو آپ چاہتے وہی خدا بھی چاہتا

اور آپکی کراہت خدا کی کراہت آپکی رضا و غضب رضا و غضب خدا تھی

اگر اشارہ کرتے تو زمین آسمان اور آسمان زمین سے منقلب ہوجاتے بلکہ درق ہوتا

اس علم و قدرت سے خلق پے سلوک کرتے تو اتمام حجت نہوتا اور بہانہ ویدیں

اور اگر قوت امامت سے تلوار چلاتے تو ایک حملہ میں تمام اہل مشرق بلکہ ایک

اشارہ میں عالم و مافیہا کو نابود کرتے مگر معلوم تھا کہ کیونکر اونکے عالی درجے

عطا کیا گیا جسکی انبیاء و مرسلین تمنا کرتے ہیں اور ملائکہ و ارواح انبیاء و مرسلین اوسکی

زیارت کو آتے ہیں (آپکے قاتل پر اسقدر غضب ہوا کہ باوجودیکہ دعوی خدائی

چار سو برس تک جس نے کیا اوس پر یہ غضب نہیں ہوا

~~بعض~~ اور اگر امام حسین یوں خلق سے سلوک کرتے اور تیغ اٹھاکے عالم کو منہدم کرتے تو یہ دوست

اور دشمنان کہ جو بروز عاشورہ جنگ میں اور رات و دن گریہ کرکے مستحق جنت ہوا کیے

ہیں ہو گئے ہوتے خصوصاً معلوم ہے کہ آپ چونکہ تمام کمالات کل اوصاف میں

اشمل تھے جس نے سلسلۂ ہدایت کو مستحکم کیا تو حق یہ ثابت ہے کہ جو موجب ہدایت ہے بجز مصائب سید الشہدا

اور اہلبیت طاہرین کے اور کسی کو نصیب نہیں ہوا اور یہی وجہ ہے کہ ان حضرات پر مصیبت

ایسے گراں و دشوار تھی جسکا بیان نہیں ہو سکتا ۔ حق تو یہ ہے کہ اگر شاخ شجرۂ عصمت

نہ ہوتے اور مثل دیگر ہستیان عصمت سے نہ ہوتا تو ہرگز تاب نہ لاتے اور صدر و بلا کے

ہو گئے ہوتے آپ حضرات نے اکثر سنا ہوگا کہ انکا گریہ و ماتم یزید پلید بعد امام حسین

کبھی لب انکی خندہ کی وجہ سے نہیں کھلے اسقدر شب و روز میں گریہ کرتے رہے کہ

و رشتہ انکی دیدہ سے خشک ہوگئے تھے نہ تو غذا کی قدر تھی نہ آرام و خواب کا خیال

کتاب کافی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ روز شہادت امام حسین

کہ جو تنبیہ مینہ کی طلب سے تمہیں تا تم ستمدیدہ ہو بیا اور مجبور ہو سو اپنی بہن ہمیں جمع کر کے
رستہ گریہ و زاری کی کہ آنسو انکی خشک ہو گئی آخر کار مجموعہ عورات میں اپنی ایک
کنیز کو ملاحظہ فرمایا کہ آنسو اسکے اختیار جاری ہیں آپ نے بطور دریافت کیا کہ کیا سبب
ہے سب کے آنسو خشک ہیں اور تیرے مثل ابر نو بہار مسلسل جاری ہیں اوسنے عرض کیا
میری یہی کیفیت تھی کہ آنسو خشک تھے مگر میں نے شیر خبار کھایا تو جاری ہو گئی
جناب زینب نے بھی حکم فرمایا کہ شیر خبا وہیں اور کھانے پکاوہیں پہر اوس میں سے
خود بھی کھایا اور دوسروں کو بھی کہلایا اور فرمایا کہ اس کھانے سے جاتی ہے تاثیر گریہ کی
قوت پیدا ہو یہ حضرت جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے ما اکتحلت
هاشمية ولا اختضبت ولا رأى في دار هاشمي دخان
خمس حجج حتى قتل عبيد الله ابن زياد کسی عورت نے زنان بنی ہاشم
سے سرمہ نہیں لگایا خضاب نہیں کیا پانچ حجوں تک دھواں کسی گھر سے بنی ہاشم کے نہیں
یہاں تک کہ ابن زیاد مارا گیا نیز جناب فاطمہ دختر امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے
ما تحنأت امرأة منا ولا أجالت في عينها مرودا ولا امتشطت
حتى بعث المختار رأس عبيد الله بن زياد کوئی عورت ہماری

اگر کبیسا نجم فرمایا کہ ان کے تک
کا خیال تھا اور اگر ہوا بھی تو وہ بھی
رنگی ورطے سے ... نمت
... تھے
یا ریچه ... حال مرحوم
(حال یا ریچه وسرما دکیا)
اور آپ نے پیر ... نسخہ تمام ہیں
سب ... تمہیں جانے

ہمارے قبیلہ میں سے منہدی نہیں لگائے سرمہ نہیں لگایا بالوں میں کنگھی نہیں کی یہاں تک

کہ مختار نے سر ابن زیاد کا بھیجا   واضح ہو کہ ذکر عورتوں کا حدیث میں اس لیے

ہوا ہے کہ عورتیں محل زینت ہوتی ہیں ورنہ مرد و عورت کسی نے زینت نہیں کی خصوصاً

جناب امام زین العابدین نے کہ اپنے پدر بزرگوار پر چالیس برس روئے تمام رات روتے دن بھر

روزہ رکھتے وقت شام جب افطار کو آپ کے سامنے لاتے تو آپ اوسکو دیکھتے اور فرماتے

قُتِلَ ابْنُ رَسُولِ اللهِ جَائِعًا قُتِلَ ابْنُ رَسُولِ اللهِ عَطْشَانًا

افسوس فرزند محمد کو گرسنہ شہید کیا ہائے فرزند رسول کو پیاسا ذبح کیا اور اسقدر

حدیث میں وارد ہے کہ جب آپ نے سر مقدس اپنے پدر بزرگوار کا مجلس یزید میں دیکھا تھا

پھر کبھی آپ نے گوشت گوسفند تناول نہیں فرمایا اور جب کبھی وقت افطار آپ کے پاس آتا

تو آپ فرماتے وَاكَرْبَاهُ لَكَ يَا اَبَاهُ وَا اَسَفَا لَكَ يَا اَبَاهُ

پھر آپ بہت روتے اور فرماتے ہائے فرزند فاطمہ کو لب تشنہ و گرسنہ شہید کیا بھیڑ

بکری کی طرح ہائے گوارا نہو ای پدر کا قتل میں نے آپ کے شہادت گاہ و محل آلخ اور کسی زمین

نہ دیکھا ہوتا پھر اسقدر روتے کہ ریش مبارک اور سینہ آنسو وں سے تر ہو جاتی

کیونکہ حضرت جناب سیدہ بی بی و حسن مصیبت کربلا و زیارت گریہ فرماتی تھی

کیا حالت آپ کی رہتی ہوگی جب بعد قتل تو شمار تھا اور مصائب پیش رہتی ہونگی خدایا

شیخ مفید و سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہم نے روایت کی ہے کہ جب جناب امام حسین علیہ السلام شہید ہوگئے اور آواز ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ کو قبول کیا اور روح آپ کی عالم قدس کو پرواز کر گئی غبار سرخ چلی آندھی ایسی سیاہ اٹھی کہ تمام عالم تاریک ہوگیا کوئی چیز معلوم نہ ہوتی تھی لوگوں کو گمان ہوا کہ اب عذاب نازل ہوا ہے و بروایت دیگر زمین میں تزلزل ہوئے مشرق و مغرب عالم میں تاریکی چھا گئی آفتاب کو گہن لگا آسمان سے خون برسا منادی نے افق اعلیٰ میں ندا کی قُتِلَ الاِمامُ ابنُ الاِمامِ قُتِلَ وَاللّٰهِ الحُسَینُ لوگ سب حیرت میں تھے لشکر نے تین مرتبہ تکبیر کہی اور اپنی آواز اللہ اکبر سے بلند کی کہ فرشتے عرش کے کہتے تھے

یُکَبِّرُونَ بِاَن قُتِلتَ وَاِنَّمَا قَتَلُوا بِکَ التَّکبِیرَ وَالتَّهلِیلَا

لوگ تکبیر کہتے ہیں کہ اے حسین آپ کو شہید کیا حالانکہ آپ کے شہید کرنے کی وجہ سے تکبیر و تہلیل کو مارا یعنی توحید و خدا پرستی کو برطرف کیا

صاحب مناقب و ابن بابویہ و ابو مخنف و صاحب منتخب نے بہ الفاظ مختلفہ روایت کی ہے

کہ جب جناب امام حسین ع کو شہید کیا اور آپ کے گھوڑے نے آپ کو کشتہ دیکھا فریاد

کرتا اور آوازیں بلند کرتا وبروایت ابو مخنف کہتا تھا اَلظَّلِیمَۃَ الظَّلِیمَۃَ

مِنْ اُمَّۃٍ قَتَلَتْ اِبْنَ بِنْتِ نَبِیِّہَا یعنی فریاد ہے فریاد ہے

امت سے جنہوں نے اپنی نبی کے نواسے کو شہید کیا پہر وہ حیوان جانب مقتل روانہ

ہوا اور نعشوں میں پہرتا تھا ابن سعد نے حکم دیا کہ اس حیوان کو پکڑو تو سب اوسکی طرف

مجتمع ہوے کہ گرفتار کریں لیکن وہ حیوان ہاتھ پیر میں مارتا اور پاؤں سے

اون کافروں سے حملہ کرتا اور دانت سے پکڑ پکڑ کر راکب و اسپ سوار کو مارتا تھا تا

کہ چالیس شخص کو واصل فی النار کیا اور بہت سواروں کو گھوڑے پر سے گرا دیا آخر کو گرفتار

نہ کر سکے پس عمر سعد نے آواز دی وای ہو تمپر اوس سے دور ہو جاؤ میں دیکھوں

کیا کرتا ہے جب اوس سے علحدہ ہوے اور گھوڑے نے دیکھا کہ کوئی اوسکی طلب

گرفتاری میں نہیں ہے تو درمیان شہدا گھومنے لگا یہاں تک کہ جسم فرزند رسول

تک پہونچا اوس جسم مبارک کی بو سونگھتا اور بوسہ دیتا اور ہنہناتا

تھا وَ ھُوَ مَعَ ذٰلِکَ یَصْہِلُ وَیَبْکِی بُکَاءَ الثَّکْلٰی اور پاؤں

سب باتوں اور ویسی ہی مضطرب ہوتا اور نعرہ کرتا جیسے کوئی ماں اپنی بیٹی کے غم میں روئے
تمام لوگوں کو تعجب تھا کہ یہ حیوان بے زبان حضرت کا گھوڑا مضطرب ہے اپنی سوار سے
محبت رکھتا ہے پھر وہ گھوڑا جانب خیمہ روانہ ہوا تمام راہ اوسکی آواز و نعرے سے
بھری ہوئی تھی جناب زینب خاتون نے جب اپنی بھائی کے گھوڑے کی آواز سنی تو
سکینہ سے کہا میں آواز ذوالجناح سن رہی ہوں تمہارے باپ تشریف لائے ہیں یہ
اُخرُجی اِلَیہِ وَاستَقبِلی اپنی باپ کے استقبال کو جاؤ جناب سکینہ باہر آئیں اور
سر پر مقنعہ ڈالے ہوئے تھیں آہ جب باہر آکر دیکھا تو گھوڑا خالی نظر آیا بابا جان
کو نہ پایا جب اوسکے سر و کاکل کو خون آلودہ دیکھا تو مقنعہ سر سے پھینک دیا
کپڑے پھاڑ ڈالے بہ آواز بلند کہا قُتِلَ وَاللّٰہِ الحُسَینُ قسم بخدا مرے باپ کو
شہید کیا اور مجھکو یتیم کیا پھر کہا واقتیلاہ واغریباہ وابعد سفراہ
بلند کیا ہای قتیل مرے ہای غریب مرے ہای ہای پدر بزرگوار کیسی ذلتیں
آپ نے اوٹھائیں اور کیسا سفر آپ کو پیش آیا کہ اب ملنے کی امید نہیں
واطول کرباہ واطول ضیعتاہ ہای اے بابا آپ تو بعد تحمل مصائب راہی ہوئے

جناب زینب خاتون نے جب یہ آواز سنی تو حسین ... اور ہم ہوا آپ کے ضایع و برباد ہو

جب نظر کی صورت ذوالجناح پر

آسمان پر پڑی دیکھا کہ زین ... باہر آئیں اور تمام عورات آپ کے ہمراہ تھیں کوئی کہتا ہائے ...

اور کوئی کہتا ہائے ... آج گویا الیوم مات محمد المصطفی کوئی کہتا افسوس آپ شہید ہوگئے ... بالین ...

بیتاب ہو ہو کر گریہ کرتی تھیں

کوئی کہتی ... عرفی ... آج علی شہید ہوئے گویا آج علی مرتضی کی رحلت کی کوئی کہتا ہمارے جد امجد نے

بلند ... بیتابی سے کرب امی و محمداہ واحسیناہ اور ... پر مارتیں منہ پر طمانچے بیمار ...

... یا رسول اللہ ... جناب ام کلثوم نے اپنا ہاتھ سر پر ... کہ عرش خدا کو لرزہ ہوتا تھا

فی کربلا لبنیک من حضما

ہذا حسینک منبوذ بالعرا ... پر رکھ اور آواز و محمداہ واجداہ بلند کی

یا رسول اللہ ... ذرا ...

اور دیکھیں کہ آپ کے فرزند کیا حال ہے مذبوح القفا مسلوب العمامۃ والرداء امی ما ما جان ذرا آپ ...

مقطوع الراس ... ملاحظہ فرمائے کہ آپ کا فرزند حسین کس بیدردی سے ذبح کیا گیا ہے اور عمامہ و ردا ...

عریان من اثوابہ لعا ...

اوسکی سر کاٹ کر نیزہ پر بلند ... اوسکی لوٹ لیگئی ہے اسطور سے اسقدر گریہ کیا کہ بیہوش ہو گئیں

کیا ہے ... شہادت ... مومنین کون ہے جو ان بچوں اور یتیموں کی تسلی و تسکین دے بزرگ ...

اسیر ... عورتیں ...

... ام کلثوم ہیں جو بیہوش پڑی ہیں دوسرے جناب رباب ہیں جن سے جناب امام حسین ...

یتیموں کا پرورش کا وعدہ فرمایا تھا وہ بھی گرد ذوالجناح بو روتی ہیں ... و ربابہ صاحبہ ...

سے خطاب کرکے فرماتیں قُمْ وَانْظُرِیْ الْاَوْلَادَ فِیْ ذُلِّ السِّبَا

وَالتَّشَتُّتِ لِلْآبَاءِ وَالْاَجْدَادِ اے بیٹا اوٹھو اور ذرا اپنی اولاد کی

ذلت و رسوائی کو خیال فرمائیے بیٹا کاش میں بھی زندہ نہ ہوتی اور اس مصیبت کو نہ دیکھتی

بیٹا ہم سب آپکے الطاف کی امیدوار ہیں آیا آپ بھی نظر توجہ فرمائینگے

اَخِیْ هَلْ لَکَ رَجْعَةٌ نُحْیِیْ بِهَا اَرَاوَ هُنَا هَیْهَاتَ مَا مِنْ مُرَاجِعِ

بیٹا کیا میں آپکے دوبارہ آنے کی امید رکھوں کہ جسکے وجہ سے ہمارے روح میں تازہ

ہو جاوین پھر آپ مع تعظیم باہر ہیں فرماتیں میں نہیں آپ اب آپکے شکستگی پیش

حضرات منجملہ اون حیوانات کے جنہوں نے ولایت اہلبیت کو زبان پر قبول

کیا ہے ذوالجناح بھی ہے جب اوس حیوان زبان بستہ نے اپنی آقا کے عورات

اور بیکسی کو اس طور سے روتا ہوا دیکھا متحمل نہ ہوسکا اور بروایت عبید اللہ ابن عباس

خیمہ سے ہراساں و پریشاں ہو گیا گویا کہ طلب خون حسین میں کافر پر حملہ کرتا وہ لوگ

بھاگتے پھرتے تھے تا آنکہ اونکو خیال آیا کہ یہ وہ آپ ذات ہے جسکو مرے آقا کی اور

اور اونکی بچوں سے منع کیا اور وقت شہادت بھی اسی پانی کو شمر سے مانگتی تھی
اور نہیں دیتا تھا پھر متوجہ جانب فرات ہوا اور وسط نہر میں جا کر غائب ہو گیا
کہ کوئی اوسکی حال سے مطلع نہوا

منقول ہے کہ زمان ظہور جناب امام عصر میں آپکے ہاتھ میں ہو گا و مرد اور مجلسی نے بحار
اون ہچکیوں کی ساتھ ہم نوحہ و فغان تھا اور اپنی سر کو زمین پر دے مارتا تھا
تا آنکہ سانس بند ہو گئی اور روح پرواز کر گئی)

بعد اوسکے عمر سعد نے آواز دی کہ انکی خیموں میں آگ لگا دو بعض اشقیا جنکی
شقاوت کم تھی کہنے لگی کیا تو نے جو حسین کے ساتھ کیا وہ کافی نہیں جو اب
حرم پیغمبر خدا کو جلا کر تو چاہتا ہے کہ زمین میں دھنس جاوے اور اوس شقی نے حکم دیا
کہ خیموں کو لوٹ لو حکم پاتے ہی سپاہ کفر متوجہ غارت خیمہ و زنان محترم ہوئے اور
شادیانہ بجاتے ہوے اور ہلہلہ کرتے ہوے متوجہ ہوے کیونکر مومنین کیا طاقت ہو ان
اطفال اور یتیموں کی بیان کیجاوے کہ کسطرح سے اونکی بدنوں میں لرزہ پڑا ہوگا
زنگ ہائی [illegible] گریہ و فغان بلند تھا کہ فرعون نے دو ہزار خیموں کو گھیر لیا

کہ کوئی بھاگ کر باہر نکل جاوے بروایت ابن طاوس کوک نیزہ خیموں میں مارتے اور مجروح
کرتے تھے عورات و بچوں کو دریں اور باہر نکالدیں اسباب تلف نہونے پاوے آہ جو بیبیاں
ناموس خاص حضرت تھیں وہ داخل خیمہ اہلبیت و حرم رسول ہوئیں صدائے شیون وگریہ عورتوں کی بلند ہوئی
کوئی مقنعہ سر زینب سے کھینچتا کوئی ام کلثوم سے چادر چھینتا سکینہ سے چھینتی تھی عورتیں
بیچاریاں ایکطرف سے کھینچتی تھیں اور دوسری طرف سے وہ کافر کھینچتے یہانتک کہ برہنہ
سر رہ جاتیں

کتاب امالی میں ابن بابویہ علیہ الرحمہ نے اپنی اسناد سے روایت کی ہے کہ جناب فاطمہ دختر
از مصیح الاحزان
سید الشہدا ع نے فرمایا کہ جب وہ جماعت بیدین داخل خیمہ ہوئے میں طفل صغیر تھی اور میرے
پیروں میں دو خلخال طلا تھیں ایک ملعون میرے پاس آیا اور خلخال اتارنے لگا لیکن
روتا جاتا تھا میں نے کہا مَا یُبْکِیکَ یَا عَدُوَّ اللّٰہِ اے دشمن خدا کیوں روتا ہے
اوس نے کہا کَیْفَ لَا اَبْکِی وَ اَنَا اَسْلُبُ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰہِ میں کیونکر نہ روؤں
دختر پیغمبر کو برہنہ کر رہا ہوں میں نے کہا پھر نہ برہنہ کر تو کہنے لگا میں اگر نہ لوں
تو کوئی اور لے لیگا اوسکے بعد اوسکو لوٹنے لگے اور جو کچھ خیمہ میں تھا لیگئے حتی کہ

چادر تک جو میرے پشت پر تھی کھینچ لیا وہ مروی ہے مناقب محمد بن اسحاق دو گوشوارے

کہ کان جناب ام کلثوم میں تھے اونکو بھی کھینچ لیا اور کانوں کو زخمی کیا –

شیخ فخرالدین اپنی منتخب میں جناب زینب خاتون سے نقل کیا ہے کہ روز عاشورہ

میں دروازہ خیمہ پر کھڑی ہوئی تھی کہ ایک مرد ازرق چشم داخل خیمہ ہوا اور جو کچھ

خیمہ میں تھا اور جو کچھ کہ بچھونا تھا لوٹ لیا پھر اوسنے دیکھا کہ زین العابدین

ایک پوست پر آرام کر رہے ہیں آہ اوسکو بھی اوسنے اونکے نیچے سے کھینچا اور

بچارہ کو زمین پر ڈال دیا پھر میری پاس آکر مقنعہ لیا اور دو گوشوارے

کان میں تھی وہ بھی چھینا مگر روتا جاتا تھا میں نے کہا خدا تجھے بہشت

ھتکتنا وانت تبکی تو مجھکو لوٹتا جاتا ہے اور روتا

اوسنے کہا میں آپکی مصیبت پر روتا ہوں کہ بعد شہادت خاتون فرماتی ہیں میں نے

میں نے کہا خدا تیرے ہاتھ پیر دونوں قطع کرے اور قبل آتش آخرت آتش دنیا

جلدوے راوی کہتا ہے کہ دعا مظلومہ سے بعد خروج مختار ہاتھ پیر اوسکا

سنگی اور آگ میں جلدیا گیا حمید بن مسلم کہتا ہے قسم

دو دختران فاطمہ کی طرف دیکھ رہا تھا کہ مضطرب ہیں زیور کی بابت ان سے تقاضا کرتا تھا جب

قریب امام زین العابدین کے پہنچا دیکھا کہ وہ جناب فرش خواب پر مرض شدید میں مبتلا ہیں

شمر ملعون کے ساتھ کچھ پیادہ تھے کہنے لگے انکو نہیں قتل کرتے نہیں کہا سبحان اللہ

أتقتل الصبیان کوئی بچوں کو بھی قتل کرتا ہے یہ لڑکا بیمار ہے اور اپنی حالت میں

مبتلا ہے اس کو کچھ نہ کہنا چاہیے حمید کہتا ہے میں اسے اڑ رہا اور دشمن لشکر کو

روکے دفع کرتا رہا عمر سعد خیمہ زنان کے قریب آیا ایک شیون و نوحہ عورات

بیوارث نے بلند کیا اور اس قرب سے روئیں کہ اوس سنگدل کو بھی رحم آیا کہنے لگا

کوئی ان عورتوں کے خیمہ میں داخل نہو اور اس بیمار سے کوئی تعرض نہ کرے اون عورتوں

نے اوس سے التماس کیا کہ جسقدر اسباب ہمارا واپس کر دیں کہ ہم اپنا ستر کریں

اوس ملعون نے کہا جس کسی نے انکی چیزیں لی ہیں واپس کر دے لیکن بخدا قسم کسی نے کچھ نہ دیا

بعد اوسکے ایک جماعت کو متوکل کیا تاکہ کوئی فرار نہ کر جاوے

حمید سے منقول ہے قبیلہ بکر بن وائل سے ایک عورت اپنے شوہر کے ہمراہ خود لشکر ابن سعد میں تھی جب دیکھا

کہ قوم بیحیا دست بیحیائی دختران خیر النسا پر دراز کیا اور اونکی چادریں لوٹ لی اور تہیہ

تمام اونکا اسباب خیمہ روانہ ہوے اور کہتی تہی ای آل محمد بین واویلا اَلتَّسَلُّبُ بنات

رسول اللہ کیا یہ حمیت ہے کہ دختران رسول خدا لوٹی جاوین اور تم بیٹھے ہو

دیکھو ای آل عمارت رسول اللہ آؤ اور مدد کرو یعنی مطلب یہ تہا کہ عورتون کے

لوٹنے اور کپڑے تک اتار لینے کا رسم تو کفار مین بہی نہ تہا رہی یہ دختران

رسول مین جو تمہارے خداے دنیا و شہنشاہ دین مین مگر قوم اگر کرتے تو کلمو حمایت

اسلام مین اونسے بڑہکر رسوا یا چاہئی تہا نہ کہ تم خود لوٹتے ہو اللہ اکبر بیبیون

عورتونکو تو یہ خیال تہا مگر ان نحوسون سے سعادت غائب ہوگئی تہی حمیت اون

کی کہ مطلق خیال نہ کرتے تہی اور باوجود بیکسی بیجنبی و روتے جاتیں لوٹتے جاتے تہی

غرض شمر جعلر و سکا آیا اور اپنی منزل کی طرف واپس چلا گیا

جناب فاطمہ دختر سید الشہدا فرماتی ہین کہ مین دروازہ خیمہ پر کھڑی ہوئی دیکھ رہی تہی

کہ لاش مطہر سے میرے باپ اور اونکے اصحاب کو مثل گوسفندان قربانی ذبح کیے ہوے اور زرد رنگ

ریگ گرم بیابان پر ڈالدیا تھا گھوڑے مخالف کے اون کے اجسام مطہر پر آمد و رفت رہیں

و کیسیں ظلم عمر سعد نے کیے وہ تحریر سے باہر ہیں اَقَتَلُوْنَا اَمْ مَا شُمِتُوْنَا اَیّا ہمکو

بھی قتل کیا ہمارے مردوں کو قتل کرتے ہیں یا اسیر کرتے ہیں میں اسی خیال میں تھی کہ ایک مرد

سرخ ریش ازرق چشم عمر سعد کی طرف سے نمودار ہوا عورتیں اوس سے بھاگتی تھیں اور

وہ سب کو نیزہ کی انی سے اون کی پشت کو کبھی دوڑاتا اور کعب نیزہ اون کی پشت پر مارتا اور

چادریں چھینتا یہ بھی پایا ایک دوسرے کے پاس میں پناہ لیتی تھیں اور نالہ واجداہ

واابتاہ واقلۃ ناصراہ واحسناہ واحسیناہ بلند کرتی تھیں اور کہتی تھیں

اَمَا مِنْ مُجِيْرٍ يُجِيْرُنَا اَمَا مِنْ ذَائِدٍ يَذُوْدُ عَنَّا کیا کوئی فریاد رس

نہیں ہے کہ ہمکو ان کے ظلم سے نجات دے کیا کوئی مسلمان نہیں ہے کہ ظلم کو ہم سے

دفع کرے جناب فاطمہ فرماتی ہیں یہ حالت اور وہ کی شقاوت دیکھکر میری کانپ

قدرت تھا کہ پرواز کر جاتی نیزہ اُسکا میرے آگے گیا ہر طرف میں دیکھتی رہی کہ اگر

سوائے ام کلثوم کے پاس جاتی تو پناہ ہوتی ناگاہ دیکھا پیچھے کہ اوس ملعون نے میرا قصد کیا

میں اپنے دل میں خیال کرتی کہ کوئی تدبیر کروں جنگل کی طرف بھاگتی اور اسی کا صحرا

تصدق کیا میں نے دیکھا کہ وہ ملعون بھی آکے بیٹھی آدھی میں تھا خوف میں تھی کہ

یرکب بکعب الرمح بین کتفی ناگاہ اوس نے کعب نیزہ میرے دونوں بازو کے درمیان

میں منہ کے بل گر پڑی وہ ملعون آیا اور میرے کانوں کو پارہ پارہ کر کے گوشوارہ لیگیا خون

سے منہ پر جاری ہوا میرے سر سے مقنعہ اتار کر خیمہ کیطرف واپس ہوا مجھے امن و تو

کے بعد غش طاری ہونے لگا یہاں تک کہ بیہوش ہوگئی جب مجھے ہوش ہوا تو دیکھا کہ

پھوپھی کے سرہانے بیٹھی ہوئے رو رہی ہیں اور کہہ رہی ہیں فاطمہ اوٹھو اور دیکھو بہن

رو رہی ہیں اور تمہارے بھائی بیمار پر کیا گذری میں نے عرض کیا اے پھوپھی اگر کوئی

کہنہ چادر ہو تو مجھے مرحمت کیجئے پھوپھی نے جواب دیا کہ میں بھی تمہارے مثل

تم مجھسے چادر کیا مانگتی ہو فرأیت رأسها مکشوفة ومتنها

قد اسود من الضرب میں نے دیکھا تو اون کا سر بھی برہنہ دیکھا اور

اون کی بازو تازیانہ کی وجہ سے سیاہ ہو رہی تھے جناب فاطمہ کہتی ہیں کہ جب میں

خیمہ میں واپس ہوئے تو جو کچھ خیمہ میں تھا سب کو تاراج پایا اور اپنے بھائی علی

دیکھا میں نے کہ گوشہ میں منہ کے بل گرے ہوئے ہیں اور علاوہ شدت مرض

خنگی و گرسنگی سے بچپنی تک کی تلتی نہیں بچے ہم اوس جگہ کہ مصیبت پر
روتے اور ہم ہمارے مصائب پر گریہ کرتے ہے

(کلام مسیح الفرزان ما عدا علی ہامشہ)

[illegible] محمد سعید بابا نقش و نقش بابا و محمد بابا
(جلد دوم) [illegible] و [illegible] آن [illegible]
وحفظ او [illegible]
و [illegible] [illegible] و [illegible]
[illegible] [illegible]
[illegible] [illegible]
(از [illegible])

تاویل آیات نور بہ آیہ ولادت امام حسین علیہ السلام کما انا جبرئیل بر زمین تہنیت

سے فوج ملائکہ حاضر ہوا حال دردائیل فطرس فرشتہ کا عاجز بنی و صالح مس کھانا

زندہ ہونا صورت ... کا ولادت امام حسین ہے خلق ... نور حسینی تجلی حسینی در در تت

یک وقت قطع نحر امام کا در گھر خانہ شمر زیر تیغ ہمین

قال اللہ تبارک وتعالی اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ
فی سورۃ النور

کَمِشْکٰوۃٍ فِیْہَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّہَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ

یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ یَّکَادُ زَیْتُہَا

یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یَہْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ

وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

ترجمہ ظاہر الفاظ یہ ہی کہ حق تعالی یعنی نور وجود و علم و ہدایت و نیز نور ظاہر

کواکب وغیرہ سے آسمانوں اور زمینوں کو نور عطا کرنیوالا ہے نور خدا کی مثال وصفت مثل طاق

مشکوٰۃ یعنی روشندان کی ہے کہ اوسمیں چراغ رکھا ہوا اور چراغ شیشہ کے قندیل میں ہو

اور وہ قندیل مثل ستارہ تابان روشن ہو روغن اوس چراغ کا درخت مبارک زیتون

سے ہو کہ وہ نہ شرقی ہے اور نہ غربی روشنی اوسکی بوجہ صفائے روغن و درخشندگی

قندیل وغیرہ دوچند بلکہ نور علیٰ نور ہو پہر بعد مثال دینے کے فرماتا ہے خدا جسے

چاہتا ہے اپنی نور کیطرف ہدایت کرتا ہے اور مثال بیان کرتا ہے یعنی اونکو تشبیہ دیکر

سمجہاتا ہے اور خدا تمام چیزوں کا جاننے والا ہے

مومنین بعد یہ سمجہے آیت تشابہ ہے ظاہر میں خداوند عالم اپنی نور یا ہدایت وغیرہ کی

مثال ایسے چیز سے دیتا ہے کہ جو نظر مخلوق میں عجیب و تعجب خیز ہو اور ایسے چیز سے

ٹہراتا ہے مثال اوسکی یہ ہے کہ روشندان میں چراغ ہو اور وہ قندیل تابان میں ہو

اور چونکہ صفائی روغن سے صفائی روشنی ہے بتدا فرماتا ہے کہ روغن اوسکا ایسے

درخت زیتون سے ہو کہ جو آبادی دنیا کی نہ طرف مشرق مثل دریائے چین و خطا وغیرہ

که وقت غروب آفتاب و سپیر روشنی نه پہونچی اور نه جانب غرب تھی و رایت دھوپ میں

و قیروان ہو که وقت طلوع آفتاب و سپیر روشنی نه ہو بلکه ایسے مقام پر ہو جس پر آفتاب ہمیشه رہتا

اور بوجه پختگی روغن صاف صاف حاصل ہو جیسا که ملک شام زمین بیت المقدس میں ہے که باقرار

عرب ایسے زیتون دوسرے مقام پر نہیں ہوتا اور جو که ستر پیغمبر ہوئے وہ اس زمین کے برکت ہی واسطے

دعا کی تھی بلکه بعد طوفان نوح سب سے پہلی یہی درخت پیدا ہوا لہذا لقب مبارک دیا گیا بہر حال جب

ایسا روغن شفاف اس تمام سے که قندیل باہان و شیشه میں ہو جلایا جاوے گا نور کی نور

روشنی پر روشنی ہوگی اور تمام روشنی اوسکی ساتھی نسبت نہ رہیگی تو لامحاله تعجب خیز ہے

ایسے ہی نور خدا ہے که اوسکی ساتھی و دوسرے شئی کی و تعریف نہیں خدا گر کر مثال دیکر

سمجھاتا ہے اور جسکو چاہتا ہی توفیق ہدایت دیتا ہی کیونکه وہ سب سے واقف ہی

شان نزول و تاویل آیه بین حضرات تفسیر کی بعض نے تاویل قرآن سے بعض نے مومن سے قلب

بعض نے جناب ابراہیم بعض نے جناب عبد المطلب کہا ہی مگر بہت سے احادیث سے

ثابت ہی که مراد خدا اس آیه سے جناب رسول و علی ابن ابیطالب و جناب فاطمه و حسنین ہیں

دایمہ طاہرین علیہم السلام میں کہ انکی نور ہدایت سے جن لوگونکو فیض علمی و نور ایمانی

پہونچتا ہی وہی [illegible] موفق من اللہ ہوتے ہیں جیسا کہ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے

کتاب حیات القلوب میں بذریعہ کتاب توحید امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہی کہ مراد کمشکوٰۃ

فِيهَا مِصْبَاحٌ سے نور علم سینہ پیغمبر ہی اور اَلْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ

سے سینہ علی ہی یعنی علم پیغمبر سینہ علی میں آیا اور آپنے علی کو تمام علمون کی تعلیم دی

مراد يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ سے نور علم ہی لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا

غَرْبِيَّةٍ نہ نصرانی ہیں کہ جانب مشرق نماز پڑہکر قبلہ اپنا جانب مشرق

بناوین اور نہ یہودی ہیں کہ جانب غرب قبلہ قرار دین بلکہ مکی ہیں کہ وسط دنیا ہی

يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ قریب ہی کہ عالم آل محمد

قبل اسکی کہ ان سے سوال کرین یا قبل اسکی کہ بذریعہ الہام انسے کہا گیا ہو اپنا

علم بیان کریں اور [illegible] بطور معجزہ کرین نُورٌ عَلَى نُورٍ یعنی آل محمد میں ایک

امام بعد دوسرے امام کے جو نور علم و حکمت سے موید ہو تا قیام قیامت رہیگی کیونکہ [illegible]

[illegible]

میں اور خلق خدا پر حجت ہیں اور کسی عہد میں زمین ان سے خالی نہیں رہتی تھی (اسلئے کہ بروایت
کافی از امام محمد باقر جو علم رسول تھا اوسکو حضرت نے اپنی وصی کے پاس چھوڑا بعد از نبوت
ایہ دوازدہ گانہ کو کوئی زمانہ ان سے خالی نہیں رہتا تھا اَللّٰہُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
کے یہ معنی ہوئے کہ وہی اہل آسمان و زمین کا ہدایت کرنیوالا ہے مثل اوس نور و علم کی جو
ہمیں نے عطا کیا اور اوس سے لوگ ہدایت پاتی ہیں یہ ہے کہ وہ مثل مشکوٰۃ کی یا جسمین مصباح ہو اور مصباح
قندیل میں ہو یعنی اسی طرح محمد کو اپنی طرف بلا لیا تو اور جو علم اون کا پاس تھا اوسکو وصی کے پاس چھوڑا تو
مصباح چراغ کو قندیل میں رکھا ہے اور وہ نور علم اوصیا میں مثل ستارہ درخشان تاباں ہے)
اسیطرح سے مثل تاویل تفسیر یا تاویل مراد مشکوٰۃ سے بعض نے ذات جناب فاطمہ صلوات اللہ علیہا مراد لی ہے
چنانچہ علامہ مجلسی نے کتاب ... کشف الغمہ میں (علامہ اربلی) کتاب عمدہ میں (ابن بطریق) کتاب
(سید ابن طاؤس) (روایت حضرت صادق علیہ السلام)
طرائف میں اور قریب اسکی ابن مغازلی شافعی سے روایت کی ہے کہ مشکوٰۃ حضرت فاطمہ
ہیں فِیْہَا مِصْبَاحٌ مراد امام حسن ہیں اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ سے مصباح
امام حسین ہیں چونکہ دونوں بزرگوار ایک نور ہیں دونوں کی تعبیر مصباح سے کی گئی اور زجاجہ

گیا ہی جناب فاطمہ مراد ہیں یعنی گویا یہ فاطمہ تمام دنیا اور اہل بہشت کے واسطے نور

ہیں ایک ستارہ روشن ہیں اور شجرہ مبارکہ حضرت ابراہیم ہیں لَا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا

غَرْبِیَّةٍ یعنی جناب فاطمہ نہ یہودیہ ہیں نہ نصرانیہ یَكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْءُ و

قریب ہے کہ اونکی ذریت سے علم جاری ہو نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ اون سے ایک امام

دوسرے امام کے بعد ظاہر ہوتا ہے یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ حق تعالے

جسکو چاہتا ہی ایمہ طاہرین کی طرف ہدایت کرتا ہی

بہرحال خواہ مشکوۃ و زجاجہ کی تفسیر نور علم سینہ حقیقت گنجینہ جناب رسول خدا و علی مرتضی کیجاوے

یا ذات جناب فاطمہ زہرا سے تفسیر مصباح سے علم اوصیا خصوصا امام حسن و امام حسین

ابوالائمہ اشتو سے واضح ہی اور شجرہ مبارکہ حضرت ابراہیم یعنی روشن مصباح علم شجرہ زیتونہ

ابراہیم علیہ السلام سے ہی بنظر مزید توضیح و مطابقت تشبیہ و مشبہ مرقوم ہی

[illegible]

کہ جناب ابراہیم اصل و عمدہ انبیا تھی اور انبیا اور اوصیا کی مختلف شاخیں اون سے جدا

ہوئی ہیں کہ وہ بنی اسرائیل ہیں فرزندان اسحاق سے اور نیز فرزندان اسمعیل بھی

فانها لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور [illegible]

[illegible] عن الصادق [illegible] انما شیعتنا اصحاب [illegible]

الا ان لله عز وجل [illegible]

[illegible]

بعدہ وبشارت دینا جناب رسول و اوصیاے آنحضرت ہیں انہیں بزرگواروں کی وجہ سے

تین فرقوں یعنی یہود و نصاریٰ و اہل اسلام میں انوار عظیمہ ساطع ہوئے ہیں اور جناب ابراہیم

کی تشبیہ بوجہ ظہور انوار عظیمہ ان شاخوں سے درخت زیتون سے دیگئی اور جو نہ شرقی ہیں

نہ غربی یعنی نہ یہودی ہیں نہ نصرانی جیسا کہ خدا اونکی شان میں فرماتا ہے ما کان

ابراهيم يهوديا ولا نصرانيا ولكن كان حنيفا مسلما وما كان

من المشركين جناب ابراہیم نہ تو یہودی تھے اور نہ نصرانی بلکہ ملت متوسطہ پر تھے کہ جو

اسلام ہے اور مشبہ میں زیتون سے مادہ بعیدہ علم مراد ہے یعنی وہ امامت وخلافت جس کی

منبع حضرت ابراہیم ہیں جیسا کہ خدا نے فرمایا ہے انی جاعلک للناس اماما اس سے

متحقق امام ہونا ... اور یہی امامت وخلافت اونکی ذریت طاہرہ میں ساری ہوئے

جیسا کہ فرمایا ہے ان الله اصطفى آدم ونوحا وآل ابراهيم وآل عمران

على العالمين ذرية بعضها من بعض خدا نے رسالت وخلافت کیواسطے

جناب آدم ونوح و اولاد ابراہیم و اولاد عمران کو خلق پر اختیار فرمایا بعض بعض کی ذریت ہیں

اور جو کہ اس شجر کی ثمروں کا تحقق اور اس زیتون کے نور کا سرایت کرنا ہمارے پیغمبر اور

اہلبیت پیغمبر میں سب سے زیادہ اور کامل تر تھا کیونکہ یہ بزرگوار تمام انبیا اور اوصیا

سے افضل تھے (اور امت وسط اور ائمہ وسطی بھی یہی تھے اور انکی سیرت و طریقت

و سیرت عدل ترین سیرتیں تھیں جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ

اُمَّةً وَسَطًا یعنی ہمنے تمکو امت وسط بنایا یا حسب قرأت اہلبیت طاہرین

علیہم السلام اَئِمَّةً وَسَطًا یعنی ہمنے ائمہ وسط بنایا وجہ انکی وسط ہونیکی یہ تھی

شعو وسط ہوتا ہے کہ یہود کی نماز مغرب کیطرف نصاریٰ مشرق کیطرف قبلہ بنا کر نماز پڑھتے ہیں

اور اس امت کا قبلہ دونوں کے درمیان واقع ہوا ہے اسیطرح قصاص و دیت کا حکم اور انکے

تمام احکام وسط مقرر ہوئے) پس یہ ذریت و شاخ شجرہ نبوت برحق درجہ اعتدال میں مثل جناب ابراہیم ہیں

اور روغن زیتون سے مادہ قریبہ وحی و الہام مراد ہے اور روغن کے روشن

ہونے سے علم کا ان حضرات سے منتقل ہونا مقصود ہے اگرچہ آتش وحی یا تعلیم انسان نہ

سوال کی نوبت نہ آوے (کیونکہ سوال ہی آتش علم کو روشن کرتا ہے) اور وہ نور بالائے

نور کے معنی یہ ہیں ایک امام کے بعد دوسرا امام ہے کہ خدا کی نور علم و حکمت کو خلق میں زیادہ کرتا ہے

(انتخاب از حیات القلوب میں آیات ...)

ج ۳

خلاصہ کلام یہ ہے کہ شان نزول آیہ میں معلوم ہوتا ہے کہ مصباح نور بعد جناب رسول

اونکی ذریت یعنی ہمارے ائمہ معصومین ہیں خصوصاً نورعین رسول ثقلین شہزادہ کونین

یعنی جناب امام حسین علیہ السلام ہیں کہ فرزند امام برادر امام ابو الائمہ التسعہ ہیں اور مورد نزول

سی حامل عرش خدا یعنی حامل علم خدا ہیں جیسا کہ ابن بابویہ علیہ الرحمہ معانیہ میں بہ ثبوت حدیث زیر

[illegible]

ذیل آیہ الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ کی تفسیر میں ذکر فرمایا ہے

کہ حاملان عرش آٹھ شخص ہیں چار سابقون سے کہ جناب نوح و ابراہیم و موسی و عیسی ہیں اور چار

لاحقون سے کہ جناب محمد و علی و حسن و حسین ہیں کہ قبل پیدائش ہی حسب تصریح خدا و رسول

تسبیح و تہلیل میں مشغول رہکر تمغہ تقرب بارگاہ خدا رہی چنانچہ تحت العرش ثابت ہے و عاہیا

ہے اور بعد ولادت تو اظہر من الشمس ہی چنانچہ جب وقت ظہور نور انوار ہوا

کہ آپ اپنی نور سی عالم تاریک کو روشن فرمائیں خدا نے اپنی حبیب سے کہا تھی کہ علم مصباح

حسینی کو زجاجہ بطن فاطمہ میں رکھکر اونکی نور سے عالم کو روشن کرنا چاہتی ہیں مگر سایۂ جلی

روکتی ہے یہ سنکے اللہ اللہ [illegible] وہی فرزند ہیں سیکسی تعظیم ہوگی جب جناب فاطمہ کو

جناب رسول نے تہنیت و تعزیت دی جناب فاطمہ رونے لگیں اور فرمایا کاش حسین پیدا نہ ہوتا

جناب رسول نے تسکین دی اور فرمایا کہ اس فرزند کے صلب سے نو نور خدا جن سے زمانہ

میں عالم منور رہیگا ظاہر ہونگے اول انکا علی بن ابیطالب وصی بعد انکے حسن مجتبی

بعد انکے حسین ناصر اور انکے آگے ہونگے اور حضرت نے سب کے نام مع القاب بیان فرمائے تا مہدی

وار ان فرمانے لگی
جناب فاطمہ اس کلام سے ساکن ہوا مگر یہ بھی خبر وقوع مصائب و شہادت مولود سے مرافقت رکھتی

جیسا کہ خدا فرماتا ہے وَحَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا یعنی اوٹھایا ماں نے

مولود سے بکراہت حاملہ ہوئیں اور وقت ولادت بھی کراہت تھی غرضکہ دو مہینے جب حسین

زچاچہ جناب فاطمہ میں آیا تو اوس وقت سے اضطرار زیادہ ہوتا تھا چنانچہ مروی ہے مقداد

بن اسود کندی جناب فاطمہ زہرا سے روایت کی ہے کہ جب میں حسین سے حاملہ ہوئی اور ایک مہینہ

حمل سے گذرا تو مجھے حرارت عظیم معلوم ہوئی میں نے اپنی حال کی شکایت پدر بزرگوار جناب رسول خدا

کی آپ نے کوزہ آب طلب کرکے دعا پڑھی اور آب دہن مبارک ڈالا حسین [illegible] مجھے پلایا تو وہ

حسین مٹی کے چلنے کا
بہت دفع ہوئی اور جب چالیس روز گذرے مجھے پشت میں حرکت محسوس ہوئی تھی تا [illegible]

[illegible] فرزند ... حسین ... جناب رسول ... [illegible]

سفینہ ختم ہوا اور جب تیسرا شروع ہوا تو اضطراب و حرکت شکم میں محسوس ہو گیا اور رہا رہتا

چھٹا گیا مگر ہر روز بہ برکت فرزند سعادتمند زیادتی خیر و برکت میری گھر میں تھی جب چوتھا

سفینہ شروع ہوا تو وہ وحشت بہ انس مبدل ہو گئی ہمیشہ کثرت عبادت میں رہتی اور جو دن گذرتا

زیادہ تر بھی سکھ اپنی معلوم ہوتا اور نعمت و رحمت خدا کو افزون تر پاتی تا آنکہ پانچ سفینہ گذر گئی

جب چھٹا سفینہ شروع ہوا شب تاریک میں بھی ضرورت چراغ نہ تھی (خود بخود روشنی ہو رہی

گیر رہی تھی) جب خلوت میں جای نماز پر بیٹھتی صدا تسبیح و تقدیس حق تعالی اپنے شکم سے سنتی

(جناب فاطمہ فرماتی ہیں) کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک فرشتہ میری قریب آیا اور پنجا بازو کی پشت

پر ملا میں خوفناک بیدار ہوئی اور بعد وضو دو رکعت نماز پڑھ کر سو گئی پھر خواب میں ایک مرد نورانی

یعنی [illegible] سر برہنہ بیٹھا دیکھا کہ [illegible] منہ اور پشت پر پھیرتا پھر میں خوفناک بیدار ہوئی

اور بعد وضو دو رکعت نماز پڑھ کر سو گئی پھر خواب میں مرد سفید لباس کو سرہانے بیٹھا ہوا دیکھا کہ

سے منہ اور پشت پر ہاتھ [illegible] پھر خائف ہو کر اٹھی اور بعد وضو چار رکعت نماز پڑھ کر سو رہی

پھر دیکھا کہ کوئی آیا اور مجھے بٹھا کر دعائیں اور تعویذ پڑھ کر مجھ پر دم کی غرض صبح کو ترسناک

خدمت رسول میں گئی [illegible] پر نور حضرت نے دیکھا تو ترس و بیم دفع ہو گیا

عرض کیا آپ نے فرمایا مرد اول مرے خلیل عزرائیل تھی کہ تسکین کے زمان میں آئے

اور مرد ثانی مری دوست میکائیل تھی کہ تسکین کے سبب رسول پر سو کر تحمل میں مرو

اے فاطمہ دوسرے کیمہ بنو سکتا تھا نہیں عرض کیا ہاں حضرت بھی گود میں لیکر رونے لگے

پھر فرمایا مرد سیوم جبرئیل امین تھی کہ خدا نے انکو تمہارے فرزند کا محافظ کیا (تھی)

بو عین بوجہ نور حسینی اسطور سے بو کچھ دغدغہ حاجت حیض کے رہی یا انکہ بروز شش مشہور

جب چھ ماہ کامل ہوئے تو وقت ولادت قریب ہوا حالانکہ بجز عیسی بن مریم با مرادت دیگر

ہی اور کوئی ایسا مولود نہیں ہوا کہ چھ ماہ کا پیدا ہو کر زندہ رہے اور یہی وجہ ہی کہ امام حسین

امام حسین کی عمر سے دو ماہ بیس روز بڑی تھی غرض وقت ولادت امام حسین

چوتھے سال چہارم ہجرت میں جب بمنظور خدا اظہار نور حسینی پردہ عدم سے ہوا فرمان

باری تعالی کا مالک خازن جہنم کو ہوا کہ بسبب زیارت مولود با مسعود آتش جہنم کو فرو کریگا

شبی کہ رحمت ما شامل است عالم را — فرو نشان تو زبانہ شعلہ جہنم را

برغیر برسر دوزخ زخاک کوی حسین — جریدہ تو بآتش ز آبروی حسین

بآبروی حسین تگذرد از عتاب و عتاب — کمش تو دوزخیان را در عذاب و تعب

ملائکہ کو وحی ہوئی کہ صفیں باندھ کر تہنیت میں یاد اور تسبیح و تحمید و تکبیر و تہلیل

مشغول ہوں رضوان خازن جنان کو حکم ہوا بہشت آراستہ کریں ہر مقام پر خوشبو

سے معطر کریں حورالعین کو حکم ہوا ہر ایک زینت کریں اور جلد بہشت میں ایک دوسرے

کی زیارت کو جاویں اور آپس میں مبارکباد دیں جبرئیل کو وحی ہوئی کہ ایک ہزار قندیل

لعل کو رنجمہ حوران جنت لیے مقرب ہوئی کہ ستر ہزار حوریں اوسکی پرستار و خدمتگذار

ہیں اور ستر ہزار قصر کہ اوس میں ستر ہزار غرفے ہیں مکلل و مرصع بہ انواع و اقسام جواہر

ہیں اوسے عطا ہوئی ہیں اور خداوند دو نور نے ایسا نور جمال اوسے عطا فرمایا ہے کہ اوسکی

نور سے تمام جنتیں روشن ہیں حکم خدا ہوا پہنچا کہ خدمت فاطمہ زہرا بنت محمد مصطفی

میں حاضر ہو اور جو خدمات کہ بوقت وضع حمل قابلہ سے متعلق تھے بجا لاوے۔

سلما حسب حکم باری خدمت حضرت فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا میں حاضر ہوئی اور بساط

تنظیم و تکریم سے بطور خادمانہ تسلیم کیا لائے فَلَحِقَتْ لَهَا الْحَيَاءُ وَمَا قَدَرَتْ اَنْ تَرَى بر

فراشی یفرش لہا یہاں فاطمہ زہرا کے پاس بجز جلد گوسفند کہ ذکر اوسکا ادنیٰ بستا

درشب کو آپ سید المرسلین اور جناب امیر المومنین اوسے پر آرام فرماتے اور سرا فرش بچھا ہوا نہ تھے

جیسا عارض ہوگیا کہ ایسے نورِ جبیل اللہ کو کہاں چھپاؤں مگر خدا کو یہی منظور تھا

مادر امام حسین

فاطمہ منظور نظر تھی کہ کسی تردد میں رہنا گوارا نہ تھا اور یہ مخدومہ اسی سوچ میں

اِذ ھَبَطَت الحُور مَع وَسَائِد مِن وَسَائِد الجَنّۃ

تھیں اودھر قابلہ حسینی کی اسلی ایک حوریہ جنت فرشتہ لیکر نازل ہوئی اور دو ...

فاطمہ زہرا میں کہا دیا تھا سبب نے تیز وکی انتظار نور حسینی میں تھی حَتّٰی وَلَدَت

اَلحُسَین فَاَخَذَتہُ نُجَبا وَقَبَّلَتہُ وَلَفَّتہُ بِمَندِیلٍ مِنَ الجَنَّۃِ تا ...

وقت صبح نور عالم افروز خورشید آسمان و زمین و نور نشتر تھیں پرور اکبر

رسول خدا حسین نے تمام عالم منور فرمایا کہا نے اوسی وقت آفتاب جنت ...

کو گود میں لیکر پیار کیا پارچہ سفید بہشتی میں لپیٹ کر مبارکباد دی

جب جناب رسول کو حال تولد فرزند دلبند معلوم ہوا نہایت شوق و ذوق میں خانہ

فاطمہ زہرا میں تشریف لائے چونکہ خانہ میں قابلہ صفیہ بنت عبد المطلب آپکی پھوپھی

[illegible]

دوسری اسما بنت عمیس تھیں رسول نے آپکے اونسے مخاطب ہوکر فرمایا کہ فرزند کو

جلد لاؤ اونہوں نے کہا یا رسول اللہ ابھی میں نے اوسکو پاکیزہ نہیں کیا حضرت نے فرمایا

تم کیا اوسے پاکیزہ کروگی خدا نے پاکیزہ اور مطہر کیا ہے جب ...

مدت میں لگئی تو آپنے امام حسین عم کو دامن مبارک میں لیا اور اپنی زبان بہ نور منہ میں دی
کہ اسے چشمہ تھی امام حسین عم کی منہ میں دے وہ بزرگوار اسطور سے زبان چوستے تھی جیسے
کوئی شہد اور دودھ کو چوستا ہی جناب صفیہ کہتی ہیں کہ پھر جناب رسول نے در بیان
دو دیدہ بوسہ دیکر میری گود میں دیدیا اور سبحان اپنی فرزند کی خیال بزرگی اور تاثیر
حق فرمایا اور بروایت اسماء بنت عمیس آپنے داہنی کان میں اذان اور بائیں میں اقامت
کہی فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلٰی جَبْرَئِیْلَ اَنْ یُّهَنِّاَ مُحَمَّداً لِمَوْلُوْدِہٖ فِیْ اَلْفِ
قَبِیْلٍ مِنَ الْمَلَائِکَةِ کتاب کافی میں بذریعہ ابن عباس جناب رسول سے منقول ہی کہ جبرئیل کو
حکم رب جلیل ہوئی کہ رسول جلیل و حبیب کے پاس جاکر تولد فرزند کی مبارکباد میری طرف سے
دو اور اپنی ہمراہ ہزار قبیل ملائکہ کہ ہر قبیل ہزار فرشتوں کا ہوتا تھا یعنی
فرشتوں کو کہ وہ اسپان ابلق زین دیکر لگام زر جواہر مرصع جن پر قبہ ہائے در و یاقوت اور زبرجد ہوں
جن پر نور ہاشمی سوار ہوں ساتھ لیجاؤ اور کہنا کہ میں اس فرزند کا نام حسین رکھا ہے اور بعد
تہنیت تعزیت دینا کہ تمہاری امت کے بدترین لوگ اسی شہید کرینگے مجھ اور اس کی
ساتھیوں سے ناراض ہی فَهَبَطَ جَبْرَئِیْلُ اِلَی الْاَرْضِ مَعَ الْمَلَائِکَةِ

حکم الٰہی کی دیر تھی گویا منتظر تھی خادم حسینی یعنی جبرئیل امین مع افواج ملائکہ بہ

شان و شوکت و زینت سے اسپان ابلق زین کسے عماری دار جن پر عماریاں

مروارید و یاقوت سے بنی تھیں ہاتھوں میں طبق ہائے نور لئے ہوئے بہ کمال زینت سرور

زمین پر نازل ہوئے فَمَرُّوا عَلیٰ جَزِیرَۃٍ کَانَ فِیْهَا دَرْدَائِیْلُ اتفاقاً ادھر

جزیرہ پر سے ہو کر گذرے جہاں دردائیل ملک بپر و بال شکستہ مدت دراز سے پڑا تھا

مومنین مروت کافی بذریعہ اس مصباح از جناب رسول ہے یہ وہ ملک مقرب تھی کہ خدا نے

اپنی قدرت کاملہ سے سولہ ہزار بازو کہ ہر بازو سے بقدر فاصلہ زمین و آسمان فرق ہے

عطا فرمایا تھا ایک روز اس کے ذہن میں خیال آیا کہ فوق عرش کیا شی ہے اور

کیا کوئی شے عرش معظم سے بھی عظیم خلق فرمائی ہے کاش کسی روز بحکم پروردگار عرش پر

پرواز کرتا اور حقیقت عظمت عرش و مالائے عرش دریافت کرتا جب خداوند عالم کو اس کے

ارادہ پر مطلع ہوا کہ یہ کثرت بال و پر باز ان ہیں سولہ ہزار یعنی چھتیس ہزار بازو عطا

زیادہ فرمایا یعنی ہائے فخر و ناز ہمارا دو چند کر دیا اب تجھ سے ہو سکے تو حقیقت عرش دریافت کر

دردائیل جانب عرش اڑتے تھے اور پانچ سو برس راہ طے کی مگر ذرا سا بھی کنگرۂ عرش

تک نہ پہونچے اور قوت نے جواب دیدیا جب حق تعالی کو اون کی ماندگی معلوم ہوئی فرمایا

ٹھہرو بال و پر باز نہ رہا تھا اپنی جگہ پر واپس جا کیا تجھے نہیں معلوم اَنَا عَظِيمٌ

فَوْقَ كُلِّ عَظِيمٍ مجھسے بزرگ کوئی شی نہیں چونکہ ارادہ دردائیل خلاف مرضی

خداوند تعالی ہوا تھا پر و بال توڑ کر صفوف ملائکہ میں نیچے گرا دیا

غرض جب یہ شان و شوکت و زینت بہشت ملائکہ خصوصاً جبرئیل و دردائیل نے ملاحظہ کیا

فَقَالَ يَا جَبْرَئِيلُ مَا هٰذِهِ اللَّيْلَةُ هَلْ قَامَتِ الْقِيَامَةُ جبرئیل سے کیا پوچھا

کیوں ایسے سامان سے آج ہر کیا قیامت قایم ہوگی وہ بولے کہ نہیں فرزند رسول

خدا گوشۂ بتول کے پیدا ہونگے تہنیت میں خدمت رسول میں حاضر ہونگا حکم ہے دردائیل

نے کہا کہ ہمیں بھی تسلیم اوس خدا بخش نے بھی اور ہمیں خلق کیا جناب رسول سے بعد مبارکباد میری جانب سے

تسلیم عرض کرکے تذکرہ میرا کرنا بِحَقِّ هٰذَا الْمَوْلُودِ لِيَسْأَلْ رَبِّي اَنْ يَرْضٰى

عَنِّي یا رسول الله صلعم اس مولود با سعود کے صدقہ میں آپ سے مجھسے راضی ہو کہ دعا فرماوین

تاکہ پھر بھی بازو عطا فرما کر رتبہ اول پر منصوب کرے۔ فَجَاءَ جِبْرَئِیْلُ اِلَی النَّبِیِّ وَهَنَّاهُ

مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ اَخْبَرَهُ بِقِصَّةِ دَرْدَائِیْلَ جبرئیل امین خدمت ختم المرسلین

میں حاضر ہوکر از جانب رب العالمین اول تہنیت پھر تعزیت کہ بعد ازاں پھر قصہ دردائیل عرض کیا

رحمۃ للعالمین کو سنکر تاب نہ رہی فورا اپنی نور نظر حسین کو آغوش میں لیکر جانب آسمان

نظر فرما کر حضرت قدس الٰہی میں عرض کیا اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الْمَوْلُوْدِ بَلْ بِحَقِّكَ عَلَيْهِ

وَعَلٰى جَدِّهٖ فَارْضَ عَنْ دَرْدَائِيْلَ وَرُدَّ اَجْنِحَتَهٗ خدا تجھی قسم ہی حق اس مولود

بلکہ اسکی اجداد محمد و اسمعیل و ابراہیم کی تقصیر دردائیل کو بخش فرما اور اپنی رحمت کاملہ

سے بال و پر عطا فرما کیوں نہو نور خدا ایک دوسرے نور نظر کا درخواست دے

کہ جسکی خوشی پر کونین کی خوشی مربوط ہو اور پھر دعا قبول نہو راوی کہتا ہی ہنوز

دعا حضرت نا تمام تھی کہ خدا نے دردائیل کو بال و پر عطا فرما کر داخل صفوف ملائکہ

فرمایا اور دردائیل کا لقب اہل جنت میں مولی الحسین ہے غلام آزاد کردہ حسین

مشہور ہوا اسیطرح سے فطرس و صلصائیل کہ سات سو برس تک جزیرہ میں معذب بقہر الٰہی

بے پر و بال شکستہ ایک جزیرہ میں تھی اور جبرئیل اپنی ہمراہ بر شہپر کے خدمت رسول میں

لائے بہت مشہور ہے کہ حضرت نے دونوں سے فرمایا کہ اپنی بدن کو شاہزادہ کونین

نور العین رسول الثقلین امام حسین سے مس کریں راوی کہتا ہے کہ قسم ہے خدا عزوجل کی میں نے دیکھا

کہ او وقت بال و پر بدستور سابق جم آئے اور جانب خدا کے تردہ رضا و مغفرت خدا ہو گیا

سننا ہو مومنین آپنے مرتبہ امام حسین ع کیونکہ نہ ہو خدا نے انکی نور مصباح کو

زجاجہ فاطمہ زہرا کے بعد جناب رسول میں رکھا اور علاوہ اسکی کہ بدو ازل میں کیا قدر نور حسینی تھی دنیا

برچشمہ لعاب
میں بھی تربیت و پرورش حضرت نور خدا یعنی زبان خیر البرا سے ہوئے چنانچہ ابتدائے ولادت میں

تو آپ نے فرمان چوسایا تھا بعد کو بھی بروایت صفیہ عمہ جناب رسول خدا جب جناب فاطمہ زہرا علیل

ہوئیں اور صاحب رسول نے ہر چند مرضعہ تلاش کیا مگر دستیاب نہ ہوئی اور بعض روایت میں ہے کہ

حضرت امام حسین ع نے خود حق کسی مرضعہ کیطرف رغبت نفرمائے جناب رسول کو گرسنگی فرزند گوارا

نہ ہوئی اپنی زبان و بروایت کلینی انگشت ابہام دہن میں دیتے کہ تین روز تک حیات محمدا

حسینی گری ہمارا
ہتے صاحب صفیہ مرتبہ میں نہ دیکھا کہ حضرت مطہر سے اپنی فرزند کو زبان چوسائی تھی

یعنی گوشت کو دانہ پیدا ہی   فَنَبَتَ عَظْمُهُ وَلَحْمُهُ مِنْ عَظْمِهِ وَلَحْمِهِ بحق

چالیس روز تک رہی کہ گوشت و پوست امام حسین علیہ گوشت و پوست جناب رسول

یہی وجہ تھی کہ آپنے فرمایا حُسَيْنٌ مِنِّي وَاَنَا مِنَ الْحُسَيْنِ   مرے پیارے حسین مجھ سے

اور میں حسین سے ہوں   اسیطور سے مومنین امام طفلی میں امام حسین سے بسبب الفت ذاتی

جو پیار فرماتے اوس سے امر عجیب ظاہر ہوتا تھا چنانچہ مشہور ہے کہ آپ امام حسین علیہ کے پیشانی مبارک

اور گلوی اقدس کا اکثر بوسہ فرماتے تو اوس سے ایسا نور ساطع ہوتا کہ مقام تاریک

میں روشنی ہوتی تھی بلکہ امیدوں سے اہل مدینہ آپکے سکونت دریافت کرتے جسا کہ

لَهُ نُوْرٌ لَيَسْتَشْعِعُ فِي الْجَبِيْنِ   وَفِي النَّحْرِ كَالشَّمْعِ لِلْيَقِيْنِ

لِلشَّمْسِ كَانَ مِنْ خَيْرِ الْاَنَامِ   فَيَهْدِي النَّاسُ مِنْهُ فِي الظَّلَامِ

آپکے ماتھے اقدس مثل آفتاب تاباں اور گلوی منور مثل شمع نور منور ہوتی تھی پیشانی

جناب رسول ان دونوں مقاموں کا بوسہ دیتی تھے

مومنین یہ نور تو بوجہ بشریت رسول تھا جناب خدا سے بھی اکثر حضرت کیواسطے

نور ظاہر ہوا   چنانچہ کتاب بحار الانوار میں بذریعہ امام رضا علیہ منقول ہے کہ ایک مرتبہ

جناب حسنین علیہما السلام خدمت جناب رسول میں شام کے وقت تک بیٹھے رہے تھے تا اینکہ جب

بہت رات گذر گئی جناب رسول نے شاہزادوں سے فرمایا اِنْصَرِفَا اِلٰی اُمِّکُمَا

اب تم دونوں بھائی اپنی مادر گرامی کے پاس جا کر آرام کرو   فَلَمَّا خَرَجَا اَبْرَقَ

بَرْقَةً فَمَا زَالَتْ تُضِیْئُ حَتّٰی دَخَلَا اُمَّهُمَا وَالنَّبِیُّ یَنْظُرُ اِلَیْهِمَا

جب دونوں صاحبزادے دولتسرا کو روانہ ہوئے تو چونکہ شب تاریک تھی ہر دو سے

رستہ شکل سے معدوم ہوتا فوراً جناب احدیت نے ایک نور مثل برق درخشاں ظاہر فرمایا

اور اتنی دیر تک روشن رہا کہ وہ دونوں صاحبزادے اپنی مادر گرامی تک پہونچیں

جناب رسول ملاحظہ فرما رہے تھے   جب دونوں بزرگ ماں کے پاس ہو گئے جناب رسول نے

شکر خدا فرمایا کہ اوس نے اونکی اہلبیت کو ایسی عزت بخشی

کیوں نہ ہو یہ نور خدا میں چمکا یہ پا کر عرش منور تھی دنیا میں بھی ویسی ہی نمونہ ظاہر ہوا ہے

بے تقاضا شاعر مدح میں نظم فرمائے

تجلی در ازل بوده است حسن لایزالی را — تو هستی جلوهٔ آن حسن و صیقل آن تجلی را

ترا انی انا الله می رسد از خود بخود هردم — ببر از روشنائی در شب تار ابر و نارا

تکرم مصطفی را آمد از هر چیز بالاتر — تو جانی مصطفی را بلکه از جان نیز بالا را

ز دردائیل و فطرس باشد پرسم قدر و مقدارت — که جز تو منت کس فرماید بس بر در دربارا

چنان گشت بنده این کم نگویم زآنکه حق پرسم — حسین ابن الکریم خوانند یا مجنون و سودائی

الحمد کہ بر سر منبر بیان کیا فضائل و قرب ان نور خدا کا مطابق کہ فرشتگان مقرب الٰہی
خادم رہے اور صحیفہ بوجہ اثبات دین متین و رواج شریعت مبین کہ علم الٰہی میں مثل کتاب خدا
تھی بنا جناب رسول کی بھی علاوہ محبت فرزندی ایسی محبت رکھتی تھی کہ کبھی نظر سے غائب ہونا
گوارا نہ تھا حالانکہ خداوند عالم بہ تقاضائے والله متم نوره اسکا حافظ و مددگار تھا
چنانچہ بحار میں سلمان فارسی رضی الله عنہ سے مروی ہے کہ ایکمرتبہ خلاف مرسم رسول خدا
زیت قطعی انگور کی لیکے بر رسم ہدیہ بھی حضرت نے قبول فرمایا جب ارشاد فرمایا

کہ میرے فرزند حسن و حسین کو بلا لاؤ تا کہ میرے پاس آ کر انگور کھائیں فَقَدْ هَبَطَتْ اِلٰی
مَنْزِلِ اُمِّهِمَا فَلَمْ اَجِدْهُمَا سلمان کہتے ہیں میں حسب ارشاد حضرت بدرتلاش حسنین میں
در دولت جناب سیدہ پر جا فرما مگر وہاں نہ ملے دوسرے مقاموں پر تلاش کیا وہاں بھی نہ پایا
آخر کار جناب رسالت مآب سے عرض کرنا پڑا کہ یا حضرت باوجود تلاش بسیار دونوں شہزادوں کا پتہ
نہیں چلتا۔ یہ سنتے ہی جناب رسول خدا بہت بیقرار ہو کر کھڑے ہو گئے اور نہایت درجہ کی تاسف میں
کہ امام زین العابدین ع اپنی پدر بزرگوار پر چالیس برس روئے جب آپکے سامنے کھانا آتا تو رونے لگتے

اور فرماتے وَا اَسَفَاہُ قُتِلَ ابنُ رَسُولِ اللّٰہِ جَائِعًا ہای افسوس پدر عالی مقدار

کے تشنہ گرسنہ شہید ہو   اسیطرح سے جب پانی آپکے سامنے آتا تو فرماتے قُتِلَ ابنُ

يَا رَسُولَ اللهِ عَطْشَانًا وَأَنَا أَشْرَفُ اے یونس فرزند رسول تب تشنہ شہید ہوئے

اور میں مہموں پہ اسقدر روئے کہ وہ پانی آنسوؤں سے مکدر نصف ہوجاتا وَمَا اَكَلَ شَيْئًا

الطَّعَامَ اَبَدًا قَبْلَهُ عُمْرَهُ اور چونکہ اپنے پدر بزرگوار کا سر راہ کوفہ وشام میں دیکھا تھا

اس صدمہ سے تمام عمر کھانا گوشت تناول نہ کیا کسی نے آپ سے عرض کیا یا مولا آپ کب

روئیگا حضرت نے فرمایا اے شخص یعقوب پیغمبر کے بارہ بیٹے تھے اوسمیں سے ایک گم ہوگیا تو

اسقدر روئے کہ آنکھیں سفید ہوگئیں حالانکہ یوسف زندہ تھے اے شخص میں نے تو اپنی آنکھوں سے

دیکھا کہ سترہ شخص جو روئے زمین پر اپنا نظیر نہ رکھتے تھے ایک ساعت میں مثل گوسفند ان

قربانی ذبح ہوگئے اونکے سر نیزوں پر چڑہا کر شہر بشہر پہرائے گئے بعد اونکا ذکر زبان

سے اور غم دل سے دور ہوگا اور یہ سینہ خون آلودہ نظر سے غائب ہوگی جب تک کہ خدا

مجھی روح سے ملکرے وہ حضرت یہی حال اون حضرات کا تا وقت شہادت رہا چنانچہ مروی ہے ابن بابویہ

جب ولید بن عبد الملک نے آپ کو زہر دیا اور شب وفات آئی تو مروی ہے کتاب بصائر الدرجات

امام محمد باقر علیہ السلام سے کہ حضرت سید سجاد نے پکار کر فرمایا اے فرزند آج وہ شب ہے جسمیں

پدر مظلوم تمہارا دنیا سے رحلت کریگا تمکو لازم ہے کہ آج میری اس بات کو جسپر نے بہت

کی ہیں اور آج تک کبھی اوسکو ایک تازیانہ بھی نہیں لگایا مکان کے اندر باندھا اور دانہ

وگیاہ سبز اوسکی ورسطی مہیا کر کہ بعد میرے وفات کے اوسنے زبان کو لپیٹ کر تکلیف

اور ہر بار آب ودانہ کی خبر رکھتا امام محمد باقر ع نے تعمیل ارشاد کی (آپ نے عالم حقیقت میں

بھی یہ سرامت فرمایا اس طرف آپ میں جو وضو کیو رکھی ہی ہو پانی نکس ہے

سمجھی کر عالم حقیقت میں آپ فرماتے ہیں کہ جب روشنی میں دیکھا تو روشن مردہ پایا)

قَالَ الباقر ع لَمَّا حَصَلتُ الفَرَاغَ عَن دَفنِ اَبِي جَاءَتِ النَّاقَةُ عَلَى

امام محمد باقر ع ارشاد فرماتے ہیں کہ جب ہم دفن و کفن حضرت سے فارغ ہوئے تو وہ ناقہ

حضرت سے محبت رکھتا تھا کہ تاب فراق نہ لا سکا اور رسیاں توڑ کر خاک اوڑاتا

آنسو بہاتا روانہ ہوا باوجودیکہ مقام قبر سے واقف نہ تھا مگر جونہیں قریب قبر

ہو گیا تو فرط محبت سے اپنا سینہ رکھدینے لگا کر نالہ و فریاد کرنے لگا ور اپنی بیان

بے زبانی میں ایسے بین کرتا تھا کہ سننے والونکی دل بیچین ہوتے تھی رو دلانا تھا

جب امام محمد باقر علیہ السلام کو اطلاع ہوئی قریب ناقہ تشریف لائے اور پیارہ تمام پر ارشاد فرمایا کہ ای ناقہ

پدر مظلوم خاموش ہو اور صبر کر تیری یاس بیقرار و اضطراب ہے تاب ضبط ہمکو نہیں باقی

نہیں اللہ اکبر بے زبان جانور تک لگے کیسے بلبلاتے ہیں جو ہیں اوس ناقہ نے امام زمان

کا قول سنا اپنی مقام سے اوٹھا اور مغموم و محزون سر جھکائے اپنی مقام پر چلا آیا مگر پہر بہی

صبر نہ کر سکا تھوڑی سی دیر کے بعد پہر اپنی آقا کے قبر پر جا کر اوسیطرح نالہ و فریاد کرنے لگا

اور زار زار رونے لگا جب امام محمد باقر علیہ السلام کو خبر ہوئی فرمایا دَعْهَا فَاِنَّهَا مَشْغُولٌ

بِنَفْسِهَا اوسکو اوسکی حالپر چھوڑ دو کہ وہ بہت بیتاب ہے غرض اوس ناقہ نے تین دن

کے بعد اوسی حالت میں قضا کی

پہر میں ناقہ کا تو دستور ہی ہے جب جنگل میں کمی کرتے ہیں تو تازیانہ بہی کہاتے ہیں دوڑائے

بہی جاتے ہیں با اینہمہ امام زین العابدین علیہ السلام نے بائیس حج کی کبہی اپنی ناقہ کو تازیانہ نہ لگایا

اور تیز نہ دوڑایا مگر آہ آہ اس رحم دلی پر آپکے کربلا سے شام تک راستہ میں خود تازیانہ

پر تازیانہ کہائے جنگلوں میں سارے بدن طوق و زنجیر پہنے تمازت آفتاب میں پیادہ گئے۔

دوڑائی گئی

حضرات اس ہاتف نے اپنی ہانک سے ایسی اسقدر زخم لگایا کہ وہ اسی دم میں ہلاک ہو گیا کسی اور

راہوار نے بھی اپنی سوار کے ماتم میں جان دیدی   وہ ذوالجناح تھا   کہ اسکی پر جب

راکب دوش رسول خدا پشت مرکب سے زمین پر آیا   اور شمر ملعون نے اپنا کام تمام کیا اور

یہ ذوالجناح کا یہ حال ہوا کہ گرد لاش مبارک پھرتا تھا   اور گلوی بریدہ کے خون سے اپنی

پیشانی کو ملتا تھا اور اس شدت سے روتا تھا کہ اشک آنکھوں سے جاری ہو کر سموں تک

ہو گئے تھے   اس حال تباہ سے روتا ہوا اور آتا خیمہ گاہ تک آیا   دروازہ خیمہ پر ہو کر

الظلیمۃ الظلیمۃ من امۃ قتلت ابن بنت نبیھم

زبان حال سے اپنی زبان میں کہتا کہ خدا ایسی گروہ پر عذاب نازل کرے جنھوں نے اپنے پیغمبر کے نواسے کو

شہید کیا   حضرت زینب آواز سب بیبیاں مل کر کہنے لگیں ای شکستہ جان شاید تمہارے پدر تمہارا وارث

[illegible]

سکینہ دوڑی ہوئی باہر آئیں   خدا جانے سکینہ نے پاس آکر کہی

~~کہ شاید امام حسین وداع آخری کو آئے ہیں~~   آہ آہ بیٹھیں کیا دیکھا زمین دار

ہے   باگیں کٹی ہیں جا بجا بدن پر زخم ہیں اور زخم سے خون جاری ہے

~~سوار لٹی~~ دوش نبی کا ... ہیں   آہ دیکھتی ہی سکینہ پیٹ کر کہ آقا شہید ہو گئے

یہ گھوڑا خبر شہادت دینے آیا ہے بیتاب ہو کر سنی سنی ہاشم نے مقتل کو جا کر شہید پایا

اور ایک نالہ جانگزا کیا ہے افسوس کہ بابا شہید ہو گئے دوڑ کر ذوالجناح سے لپٹ گئیں

اور ہیبت نے پرخون کو پیر کر رو رو پوچھنے لگیں اے ذوالجناح مرے بابا مظلوم کو کہاں چھوڑ آیا

مروی ہے ابو مخنف سے کہ بنو نمیر الجناح سے فَخَرَجْنَ نَاشِرَاتِ الشُّعُورِ لَاطِمَاتِ

الْوُجُوهِ سب کے سب گریبان چاک سر برہنہ با آہ و بکا تھیں منہ پر طمانچے مارتی ہوئیں

باہر آئیں مومنین وہ غربت کا عالم وارث کا ماتم اپنی بیبیوں کا ماتم کیا کیا بقیعن پیش نظر

ہمیں نظر گویمیں سے دو مخدومہ ایک جناب ام کلثوم دوسرے جناب زینب انکا خود حال کرے

بیان ہیں ہو سکتا پھر تسلی دینے والا اور سمجھانے میں سنبھالنے والا کون تھا ہائے تمام زینب

کا مضطرب ہونا بیقرار ہو کر رونا بیان ہیں ہو سکتا کہتی بی بی اے گروہ ذریں میں یا بین

والد میں کر رہی تھی اے ہمارے آقا پہ قتل گاہ میں پڑے ہوئے کوئی سموں سے کچلی

جان ہوئے تھی کوئی خاک پر کھڑا رہی تھی اور کوئی سر جھکا ہی چلا رہی تھی

اور برابر آنکھوں سے آنسو جاری تھا اسی اثنا میں شمر لعین بہ فوج تاراجی خیام کے قصد

حسب تقریر ابو مخنف ۱۲

ملی لوامص

قریب آ پہونچا اور باواز بلند کہا خیموں میں آگ لگادو آہ مومنین اور تیرہ

کہاں جاتے تہے بدبختوں پر لرزہ پڑا ہوا یتیموں کی منہ سے رنگ اڑا ہوا تہا کانپ

تے آتے ہی خیموں کا محاصرہ کرلیا سب اہلبیت گہبرا گہبرا کر خیمے کے اندر چلے گئے

گہوڑا وہاں سے پہر دیا عبداللہ بن قیس پیدا اور چاروں طرف گویا کہ اتفاق

امام میں دوڑا پہرتا تہا اور وہ شقیا بہاگتی تا انکہ اوسکی حال میں تشنگی غالب

ہو گئی اور بار بار وقت شہادت جانب فرات دیکہتا تہا اور بار بار شمر سے
بار بار کہتا جاتا تہا

کہتا اِسقِنی شَربَةً مِنَ الماءِ فَقَد تَفَتَّتَت کَبِدِی مِنَ الظَّماء

ترجمہ اے شمر سواسا پانی پلادے کہ شدت تشنگی سے جگر پہٹا جاتا ہے

فرات کیا اور اپنی تیغین دریا میں ڈالدیا اور غائب ہو گیا

تا انکہ وقت الہم صاحب الامر تاب حضرت کے ہاتہ سے نکل گئے

فضایل ومناقب ومعجزات وجوابات علمی جناب امام محمد باقر علیہ السلام

وبعض مصائب وسبب شہادت عداوت ہشام بلکہ عداوت یزید

حالت دربار یزید کلام سکینہ با یزید قیدخانہ بیمار دختر امام حسین علیہ السلام

در فراق پدر و موت او در حبس

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلعم لِجَابِرٍ يُوشَكُ أَنْ تَبْقَى حَتَّى تَلْقَى وَلَدًا

مِنَ الْحُسَيْنِ يُقَالُ لَهُ مُحَمَّدٌ يَبْقُرُ الْعِلْمَ بَقْرًا فَإِذَا لَقِيتَهُ فَاَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ

کتاب عوالم وغیرہ میں جابر بن عبد اللہ انصاری اصحاب خاص جناب رسول سے مروی ہے کہ جناب حضرت

نے نبی لقب پیمبر ارشاد فرمایا ای جابر قریب ہے کہ تم اسقدر زندہ رہو کہ میری ایک اولاد

کہ وہ فرزندان حسین سے ہو ملاقات کرو اسکا نام میرا نام ہو اور وہ علم کو اخراج یعنی شگافتہ

کریگا یعنی حق شگافتہ کرنیکا ہے حضرت فرماتے ہیں ای جابر جب تم اونسے ملاقات کرنا تو

تو میرا سلام پہنچانا اللہ اکبر کیا فضیلت ہے ہو نہین امام پنجم امام محمد باقر علیہ السلام کو

جناب رسول بذریعہ جابر بن عبد اللہ سلام فرماتے ہین واقع میں عجب عجب فضایل

وہ محامد عالیہ خداوند عالم نے عطا فرمایا ہے یوں تو یہی فخر کیا کم ہے کہ اولاد رسول خدا ہیں [illegible]

اور بقول اب وجد رہبر دین ہیں جیسا کہ شاعر کہتا ہے

اولاد علی خلاصۂ ابرار اند　　　چون والد خویش محرم اسرار اند

تحصیل ہوا و فاسد کفر کنند　　　در منفعت مزاج دین جد وار اند

مگر آپکے فضائل عالیہ وصفات شائستہ اظہر من الشمس و ابین من الامس ہیں زہد و [illegible]

و علم و فضل وغیرہ اپنے زمانہ میں یکتا ہی روزگار تھے باعتبار نسب آپ [illegible]

یعنی ہاشمی و علوی ہیں کیونکہ پدر گرامی آپکے جناب امام زین العابدین علیہ السلام اور والدہ گرامی

آپکے فاطمہ بنت امام حسن ہیں بروز [illegible] یکم رجب سنہ ۵۷ھ [illegible] پیدا ہوئے اور [illegible]

ذی الحجہ روز دوشنبہ اور بقولے ربیع الاول ۱۱۶ھ ہجری میں شہادت ہوئی یہ بزرگوار اپنے

جد امجد امام حسین علیہ السلام کے ساتھ کربلا میں تین برس کے تھے گو منجملہ آپکے القاب شریفہ

کے ہادی و شاکر بھی ہے مگر چونکہ جناب رسول نے قبل پیدائش حضرت باقر [illegible]

اسوجہ سے یہی لقب مشہور ہوا وجہ تسمیہ یہ ہے کہ بقر کے معنی علم شگافتہ کرنا [illegible]

حضرت کی مشیخی تو مرحمل ابصار سے

و رواج دینی کے بیچ تھا کہ آپ نے علم دین کو اس قدر وسعت دی کہ تمام عرب و عجم میں
منتشر ہوا اور جن و انس آپ سے مستفیض ہوتے تھے چنانچہ کتاب دلائل میں سعد سے منقول
ہے کہ ایک مرتبہ میں در دولت امام محمد باقر علیہ السلام پر حاضر ہوا اور اجازت حضوری چاہی
فَقِيلَ لِي لَا تَعْجَلْ اِنَّ عِنْدَهُ قَوْمًا مِنْ اِخْوَانِكُمْ یعنی مجھ سے کہا ابھی جلدی مت کر
اس وقت ایک قوم تمہارے برادران سے حضرت کے خدمت میں مسائل دریافت کر رہی ہے جب
وہ چلی جاوے تو حاضر خدمت ہونا فَمَا لَبِثْتُ اِذْ خَرَجَ عَلَيَّ اِثْنَا عَشَرَ رَجُلًا يُشْبِهُونَ
الزُّطَّ عَلَيْهِمْ اَقْبِيَاتٌ ضَيِّقَاتٌ وَخِفَافٌ فَسَلَّمُوا وَمَرُّوا تھوڑی دیر کے
بعد بارہ شخص گندم گون مشابہ بقوم حبش بدن میں چست قبائیں پہنے پیروں میں موزے پہنے
ہوئے باہر آئے اور مجھ کو سلام کر کے چلے گئے میں حضرت کے خدمت میں حاضر ہوا اور بعد
ادائے رسم سلام مودب بیٹھ کر عرض کیا مَا اَعْرِفُ هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ خَرَجُوا
مِنْ عِنْدِكَ اے فرزند رسول میں نے ان لوگوں کو جو ابھی تشریف حضوری میں تھے
نہیں پہچانا کہ یہ کہاں کے رہنے والے اور کس قوم و قبیلہ کے ہیں قَالَ هٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مِنْ اِخْوَانِكُمْ

الجنّ   حضرت نے فرمایا یہ قوم جن تمہارے برادران ایمانی سے ہیں کہ ہم اہلبیت کو

اپنا امام اور ہادی جانتے ہیں   میں نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ کیا ظاہر بظاہر آپ

کے پاس حاضر ہوتے ہیں قَالَ نَعَمْ یَعُدُّوْنَ عَلَیْنَا فِیْ حَلَالِهِمْ وَحَرَامِهِمْ کَمَا تَعُدُّوْنَ

حضرت نے فرمایا ہاں جس طور سے تم لوگ ہمارے پاس حاضر ہو کر اپنے حلال وحرام کے مسائل دریافت

کرتے ہو اسی طور سے وہ بھی دریافت کرتے ہیں

اسی طور سے بہ نسبت معجزات حضرت صاحب نور الایمان جابر بن یزید سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز

جابر خدمت امام محمد باقر میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ خدا قرآن میں فرماتا ہے وَکَذٰلِکَ

نُرِیْ اِبْرَاهِیْمَ مَلَکُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی جناب ابراہیم کو ملکوت آسمان

و زمین خدا نے دکھلائے جس کی وجہ سے انہوں نے توحید خدا کا ثبوت دیدہ اپنی زبان سے

ظاہر کیا   یا حضرت یہ امر سمجھ میں نہیں آتا کہ انہوں نے یہ امور کیونکر ملاحظہ کیے

اور خدا نے کیسے جناب ابراہیم کو دکھلایا   حضرت نے دستہای مبارک آسمان کی طرف بلند کیے

اور فرمایا میرے ہاتھ کی طرف دیکھو جب میں نے نظر کی تو دیکھا کہ ایک دست مبارک

سے ایک نور آسمان تک ساطع ہے کہ آنکھیں خیرہ ہوئی جاتی ہیں حضرت نے فرمایا ای جابر

جناب ابراہیم نے ملکوت سماوات و ارض کو دیکھا پھر مرا ہاتھ پکڑ کر ایک حجرہ میں لے گئے اور وہاں
تبدیل لباس کرکے مجھے ارشاد فرمایا آنکھیں بند کر میں نے تعمیل ارشاد کیا۔ ایک لمحہ بعد مجھ سے پوچھا
تو کہاں ہے میں نے عرض کیا بوجہ آنکھ بند ہونے کی مجھے کیا خبر ہے کہ میں کہاں ہوں فرمایا اس وقت
تو ظلمات میں ہے جہاں ذو القرنین کا گذر ہوا تھا میں نے عرض کیا اگر حکم ہو تو آنکھیں کھولوں
آپ نے اجازت دی جب میں نے آنکھیں کھولیں تو ایسی تاریکی تھی کہ مقام قدم بھی معلوم نہ ہوتا تھا
پھر تھوڑی دور چل کر حضرت نے پوچھا تو کہاں ہے میں نے عرض کیا مجھے خبر نہیں فرمایا یہ وہ
چشمہ ہے جس سے خضر نے آب حیات پیا تھا اسی طرح پانچ عالموں میں مجھے لے گئے اور فرمایا اسی طرح
حضرت ابراہیم نے بھی ملکوت آسمان و زمین دیکھی تھی جس طرح تو نے دیکھا اے جابر اللہ کی
بارہ عالم ہیں جو امام دنیا سے گذر جاتا ہے انہیں عالموں میں سے ایک عالم میں رہتا ہے اور اس وقت
تک کہ حضرت صاحب الامر ظہور کریں گے پھر ارشاد فرمایا آنکھیں بند کر اور تھوڑی دیر بعد فرمایا کھول دے
جب آنکھیں کھولیں تو آپ کے در دولت پر کھڑا ہوا پایا حضرت نے لباس اول پہن لیا اور
جہاں پہلے بیٹھے تھے وہاں آ بیٹھے جابر کہتے ہیں جب تحقیق کیا تو معلوم ہوا کہ تین
تین ساعت باقی تھی —

شعر جو آپ کے حال میں ہے
بفضل و در صفت بعلم و ہنر
بود ہمتہ زمان جد
امام آیت ... برد چشم بینندہ را نور عین
حسینی لقب صاحب دین و داد
امام زاہد زین العباد
ملقب بباقر محمد نہاد
امام زمان بر ... فاطمی

حق تو یہ ہے کہ جو جو فضائل اہلبیت رسالت کو خدا نے عطا فرمائے ہیں وہ کسی کو بیان نصیب ہو

اپنی شقاوت فرعونی سے درپے ایذا و تخفیف رہے مگر خداوند عالم نے جمیع علوم و فنون میں

وہ وہ دستگاہ عطا فرمائی تھی کہ ہمیشہ اعدا خر در گل رہے چنانچہ لہوف سید ابن طاؤس رح میں

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ایک سال میں اپنے پدر بزرگوار امام محمد باقر علیہ السلام کی ہمراہ حج

میں تھا کہ حضرت نے ایک روز مجمع میں فرمایا شکر اوس خدا کا جس نے صاحب کرامت کیا محمد کو بہ نبوت و رسالت

اور ہم اہلبیت کو برگزیدہ و پسندیدہ خلق و خلیفہ ہائے خدا بنایا خوشحال اوسکا جو پیروی ہماری اور اطاعت

و متابعت کرے اور بدبخت و شقی ہے جو ہماری مخالفت کرے اوس مجمع میں برادر ہشام کا بھی تھا

کہ جو اپنے بھائی ہشام بن عبد الملک (خلیفہ پادشاہان بنی امیہ درآن ملکی شام) کا

اوس نے یہ خبر اپنے بھائی سے کہی وہ اوس مقام پر تو کچھ نہ کر سکا دمشق میں پہونچکر

مجھکو اور پدر بزرگوار کو طلب کیا چونکہ قصد اہانت منظور نظر تھا ہم دونوں تین روز تک

تو دربار میں نہ بلایا چوتھے اپنے دربار میں جہاں فوج دو رویہ مسلح کھڑی تھی اور ایک نشانہ

(اور بہت لوگ تیر لگا رہے تھے)

بنا رکھا تھا اور خود تخت پر بیٹھا تھا بلوایا اور کہا پدر بزرگوار کو کہ تیر اندازی کی

مخفی نہ تھی کہ اس فن سے واقف نہیں رہا تھا مجمع میں خفیف ہونگی حضرت نے میرے
سال کا عذر کیا مگر وہ اصرار کرتا گیا اور ایک شخص سے کمان و تیر دلوا کر قسم کھائی کہ میں
ہرگز نہ مانونگا آپنے کمان اوٹھائی اور بقوت ایک تیر کو چلہ میں رکھکر ایسا مارا کہ نشانہ کے
وسط نشانہ پر لگا پھر دوسرا تیر اوٹھایا اور ایسا لگایا کہ اسکے پیکان نے پہلے تیر کے سوفار
کو دو حصہ کر دیا اسیطرح سے نو تیر برابر لگائی کہ تیر اول دو حصہ ہوتا جاتا تھا جو تیر کہ نشانہ
پر پڑتا گویا کہ ہشام کے جگر پر پڑتا کیونکہ ہر تیر اوسکا رنگ متغیر ہوتا آخر نوین تیر میں
بیتاب ہو کر کہنے لگا میں نے ایسے قدر اندازی نہ دیکھی تھی کہ آپ تو ماہر ترین عرب و عجم
میں ہیں فرماتے تھی کہ میں نہیں جانتا تھا یہ سنکر شرم سے جھکا لیا اور قتل حضرت کی تدبیر
سوچنے لگا وَكَانَ قَائِمًا بَيْنَ يَدَيْهِ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہم دونوں
اوس شقی کے سامنے دیر تک کھڑے رہے فَظَهَرَ اٰثَارُ الْغَضَبِ عَلٰى وَجْهِ اَبِیْ
وَرَفَعَ رَاْسَهٗ اِلَى السَّمَآءِ فَلَمَّا نَظَرَ الْهِشَامُ طَلَبَ عَلَى السَّرِيْرِ تو جناب
امام محمد باقر کے روی اقدس پر آثار غضب نمایاں ہوے اور سر کو جانب آسمان اوٹھایا کیونکہ
معمول حضرت سے تھا کہ جب آپکو بہت غصہ آتا تو جانب آسمان ملاحظہ فرماتے جب ہشام نے دیکھا

خلیفہ مذکور

کو اپنے قریب بلایا اور بوجہ معانقہ اپنی داہنی طرف کو اور آپکے داہنی بھی بٹھایا اور دونوں

دربارہ تفضیل بنی امیہ و بنی ہاشم گفتگو کرتا رہا آخر میں ماجرا مذکور سے جسکا بیان اوپر

ہو چکا جو کچھ حاجت ہو بیان فرمائے قَالَ اُرِیْدُ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَ رَسُوْلِ اللّٰہِ لِاَنَّ

اَهْلَ بَیْتِیْ مُنْتَشِرُوْنَ وَخَائِفُوْنَ مِنْکَ آپنے فرمایا میری تمنا یہی ہے کہ روضہ رسول

کی زیارت کروں کیونکہ میرے اہل و عیال میری جدائی سے خائف متردد ہیں اوسنے اجازت دیدی

اور گلی میں ہمیں دیکر رخصت کیا وہاں سے آپ چلے تھے کہ شہر میں آدمیوں کا گروہ

دیکھا بعد دریافت معلوم ہوا کہ سبب یہ تھا کہ درمیان یحیی عالم وزاہد قوم غفاری کے مابین

ہر سال اُنکا معمول ہے کہ ایک دفعہ اپنی بڑی عالی کے پاس جو اس پہاڑ پر رہتا جاتے ہیں اور

ضروریات پوچھتے ہیں اے وحی وزمی فَجَعَلَ قِنَاعَہٗ عَلٰی وَجْہِہٖ لِئَلَّا یَعْرِفُہٗ فلما بلغ

دور سے مبارک سے اپنا سر چھپا لیا تاکہ کوئی نہ پہچانے اور چادر سب کے درمیان میں جا بیٹھے جب شام

نے سنا تو اپنی گفتگو کو بھی بارہ حضرت در اوس نقصان میں جو واقعہ ہو بیان کریا۔

تھوڑی عرصہ بعد وہ مرد بیرنہایت معمر تھا اور پلکیں اوسکی گری ہوئی تھیں کہ دونوں

دیکھنے نہ سکتا تھا آیا اور بہی حریر سے اوسکو باندھ رکھا تھا اونہی دیکھتے گا جب دیکھا اوسکو

حضرت پر ٹہری یہ کہنی لگا کہ ہمارے قوم میں یہ بات مشہور ہے حضرت نے جواب دیا کہ
مین اسے مشہور ہے ہون پہر پوچھا اونکی علماء سے ہو یا جہلا سے حضرت نے فرمایا مین
جاہلون سے نہین ہون سنتی ہی اس کلام کے تحت مضطرب و پریشان ہوا اور کہنی لگا
کہ کیہہ سوالات مین کرون اور تم جواب دو یا تم سوال کرو اور مین جواب دون سبحان اللہ
مومنین دیکہی علم کس کا نام ہی کہ حضرت نے فرمایا سَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ یعنی تو ہی پوچھے
جو کیہہ تیرا جی چاہی نصرانے نے اوس وقت اپنی گروہ سے طرف مخاطب ہو کر کہا ای گروہ نصارا
دیکہتی ہو کہ ایک شخص ست محمد بچہ سے کہتا ہی جو چاہو سوال کرو تو بندہ بہی لازم ہوا
کہ کیہہ مسئلہ پوچہون فَقَالَ مَا السَّاعَةُ مِنَ السَّاعَاتِ لَيْسَ مِنَ اللَّيْلِ وَلَا مِنَ النَّهَارِ
کہنی لگا ای بندہ خدا مجہی جواب دو کہ وہ کونسی ساعت ہی کہ نہ تو روز سے و نہ شب سے ہی اور
مین ہی فَقَالَ هِيَ مَا بَيْنَ طُلُوعِ الصُّبْحِ إِلَى أَنْ طَلَعَ الشَّمْسُ حضرت نے فرمایا
وہ ساعت مابین صبح صادق تا طلوع آفتاب ہے جسکو صبح روشن کہتی ہین یہ کہنی لگا کہ ساعات
مین سے ہی آپنے فرمایا کہ وہ منجملہ ساعات بہشت ہی کہ اس وقت بیمار و دکھی سکون و
راحت پاتی ہین و درد و ساکن ہوتی ہین جسکو درد سے شب بہر نیند نہ آوی وہ اس وقت

سو جاتے ہیں خدا نے اس امت کو نیک لوگوں کی ہدایت بابت رغبت آخرت دیا

اور اونکی وسطی آخرت کی دلیل واضح ظاہر فرمائے اور متکبرین و منکرین عمل آخرت کی

کی صحیح بنایا نصرانی نے کہا ہاں درست ہے پھر پوچھا کہ تم لوگ دعویٰ کرتے ہو کہ

اہل جنت کہاتے پیتے ہیں مگر کوئی فضلہ ان سے جدا نہیں ہوتا یہ کیونکر ہو سکتا ہے اور

ہزار ممکن ہو تو دنیا سے کوئی مثال دیجئے قَالَ نَعَمْ مِثَالُهُمْ كَالْجَنِيْنِ يَأْكُلُ

وَلَيْسَ لَهُمْ فَضْلَةٌ آپنے فرمایا ہاں درست ہے اور اسمیں تعجب کیا ہے دنیا کی

مثال سن لے کہ بچہ اپنی ماں کے پیٹ میں رہتا ہے مگر کوئی فضلہ نہیں ہوتا نصرانی نے

کہا سچ کہتی تھی آپ کہ میں عالم نہیں ہوں پھر کہنے لگا اِنَّ اَثْمَارَ الْجَنَّةِ اِذَا

اُنْفُصِلَ مِنْ شَجَرَةٍ يَكُوْنُ الْآخَرُ بِمَوْضِعِهَا مَوْجُوْدَةً کہ اہل اسلام دعوے

کرتے ہیں کہ جب کوئی پھل و میوہ بہشت کے درختوں سے جدا کیا جاوے گا اور کہا یا جاوے گا تو

اوس شاخ کے میوہ میں کمی نہ ہوگی بلکہ اوسی جگہ دوسرا میوہ موجود ہوگا اسکی مثال دنیا

میں کیا ہوگی قَالَ نَعَمْ نَظِيْرُهُ السِّرَاجُ حضرت نے فرمایا یہ بھی درست ہے دنیا کی شبیہ

میں

چراغ تھی کہ اگر ایک چراغ سے ہزار چراغ بھی روشن کیے جاویں تو اوس کی روشنی میں کسی قسم کی
کمی نہ ہوگی   نصرانی نے کہا کہ اب میں ایسی بات پوچھتا ہوں کہ
ہرگز اوس کا جواب نہ دیں گے   حضرت نے فرمایا کیوں ہم سے اگلی ہی دلیل پوچھی جاوے
کہنے لگا آپ جواب فرمائیے کہ ایک مرد نے اپنی عورت سے مصاحبت کی اور وہ عورت دو لڑکوں سے
حاملہ ہوئی اور دونوں ایک ہی ساتھ پیدا ہوئے اور ایک ہی ساتھ انتقال کیا لیکن ایک کی
عمر مرتے وقت صرف پچاس برس کی تھی اور دوسرے کی ایک سو پچاس فرمائیے وہ دونوں
کون تھے   عالم علوم ربانی واقف اسرار یزدانی جناب امام محمد باقر نے جواب دیا
کہ وہ دونوں بھائی عزیر و عزیرہ تھے کہ دونوں توام پیدا ہوئے جب دونوں کی عمر تیس سال
کی ہوئی تو خدا نے عزیر کو موت دی اور بعد سو برس کے پھر زندہ کیا پھر دونوں بیس برس
زندہ رہکر ایک ساتھ انتقال کیا چنانچہ ایک کی عمر صرف پچاس برس کی ہوئی کیونکہ وہ
سو برس بحکم خدا مردہ رہے اور دوسرے کی ایک سو پچاس کی عمر کیونکہ وہ برابر زندہ رہا اور بعد
دونوں ایک ساتھ انتقال کیا   نصرانی نے شرمندہ ہو کر سر جھکایا اور کہنے لگا

[illegible]

بجہ سے زیادہ عقلمند کوئی ہو نہ مجھکو ذلیل و رسوا کرو خدا کی قسم جب سے مرد شامی نے مجھ

تم سے کچھ مضائقہ نہ کرونگا جو کچھ کہو دریافت کرنا ہو کر لیجئے یہ وصیو دہر دریافت کیا

رات کیوقت آکر بعد معاینہ معجزات حضرت مسلمان ہوا کیونکہ ہمہ مومنین ایسے امام

عالی مقام ہمارے ہیں کہ جنکی سامنی اپنی اپنی زمانہ میں دوسرے کی مجال مقاومت نہیں تھا و شعر

قسم بخالق بیچون و صد ہزار امام   کہ بعد سید سجاد و باقر است امام

امام دست بحکم خدا و قول رسول   کہ مستحق امامت بود بہ نص کلام

امام دست کہ قایم بود بہ حجت خویش   چراغ عمارت ز دیگری نگیرد دام

مگر مومنین اَلْبَرَاءَۃُ لِلْوِلاءِ کَالْلَّهَبِ لِلذَّهَبِ بعد مقربان بارگاہ الٰہی

کے لئے عمل مقبول شمار   ہر کہ درین بزم مقرب تر است   جام بلا بیشترش می دہند

ہشام آپکا ایسا دشمن ہو گیا کہ کوئی نہ کوئی حیلہ قتل کا ہمیشہ سوچتا رہتا اور درپے میں

رہتا تا آنکہ آپسے اور زید بن حسن سے دربارہ اوقاف رسول کچھ نزاع تھی

(زید معتقد تھا کہ ہم اولاد سبط اکبر ہیں ہمارا میراث رسول ہمیں پہنچتی) اید وز تعصب

(فایدہ در صورت خصومت و حال زید
زید بن حسن مبتلا بعداوت شیعیان اہل بیت
عداوت زید بہ شیعیان)

بین

اپنے چچا کی کہو

خط قاضی میں کہ جو آپ کیطرف سے جواب دیتی تھی زید نے کہا ای فرزند
کنیز سندیہ خاموش رہو آپکے بھائی نے صاف ہی ایسے خصومت پر جسمین مانکا
نام مذکور ہو اور قسم کھائی کہ تا حیات زید سے کلام نکرینگے اور اگر حضرت سے عرض کیا
کہ مین نے آپ پر بھروسہ کرکے چھوڑ دیا اگر اپنی خفیف تھمیم سے کوشش نفرمائیگا تو میرا
حق ضایع ہو جائیگا جب زید نے یہ حال سنا خوش ہوا کہ اب سامنے اونکا ذلیل کرنا
کیا سہل ہی اور حضرت کے پاس آکر کہنے لگا جیسی ہماری اور آپکی نصیحت قاضی کے یہان
ہو جاویگی حضرت اوسکی اصرار سے دو تین روز نہ تو ہوئی مگر باہر تشریف لاکر فرمایا کہ
ناحق تمکو اوقاف رسول مین نزاع ہی (ذاکر عرض کرتا ہی کہ مراد حضرت یہ ہوگی کہ چونکہ
امامت اولاد امام حسین علیہ السلام مین ہی لہذا وہی اسکی مستحق ہین) لہذا تمکو ایسے دعوا ناحق
سے درگذر کرنا لازم ہی اور اگر تمکو ثبوت امامت مین کچھ دیکھنا منظور ہو تو اوسکو ملاحظہ کرو
تا کہ تمکو معلوم ہو کہ حق میرا ہی یہ چھری جو تو نے مجھسے پوشیدہ کیا ہی اگر گواہی دے تو مانیگا حضرت کا
یہ فرمانا تہا کہ کارد اوسکی ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر پڑی اور بقدرت خدا بزبان فصیح گویا ہوئی

که ای زید تو ظالم ہی اور امام محمد باقر حق پر ہین ای زید اگر تو نہی صمت سی باز نه آویگا

تو مین تجهی ہلاک کر دونگی زید اس حال کو دیکهتی ہی بیہوش ہوکر گر پڑا حضرت نے اوسکا سر

پهر گود مین اوٹها لیا اور پهر سمجهایا که اگر یه پتهر جس پر جهوٹ کر دی ہین گواہی مری حق کی دی تو مانیگا

اوسنی کہا ہان حضرت نے اوس پتهر کی اوس سمت پر که جدهر زید تها اشاره کیا تو [illegible]

که او سمت سی فصیح ہوا مگر جب امام محمد باقر مطلق حرکت نہوئی اور [illegible] کہا ای زید [illegible]

کیونکه امام محمد باقر علیه السلام حق مین ورنه قتل کرونگا اسیطور ایک درخت کی گواہی کو [illegible]

آمنے کہا اور زید نے قبول کیا اور قبول کر لی که حضرت اوسکو حکم فرماوین اپنی مقام سی چلو اور [illegible]

دونون کی سرو نیر بسما بقدرت خدا حق حضرت پر گواہی دی زید ہر مرتبه بیہوش ہو ہو جاتا

اور حضرت نے رحمت و شفقت سی اوسی اوٹها لیا تا آنکه اوسنی قسم کهائی که اب کبهی [illegible]

آپ سی منکر نه ہوگا اور وہ اوسی روز شام مین ہشام بن عبد الملک کی پاس چلا گیا اور وہان [illegible]

شقاوت کا موقع پایا اور اوس ملعون سی که ہمیشه جویان حیله رہتا ملاقات کر کی کہا مین [illegible]

جادوگر در دمشق کی پاس سی آتا ہون تجهی مناسب ہی که اوسکو قتل کر پهر [illegible]

نے پہلی خیال اپنی بدنامی کے پوچها که اگر تجهکو حکم دون تو تو قتل کریگا اوسنے اقرار کیا [illegible]

کہا کہ امام محمد باقر علیہ السلام کو قید کر کے بھیجدیا اوسنی جواب مین لکھا کہ مین براہ دیانت خیرخواہی

نصیحت نہ براہ نادانی ومخالفت عرض کرتا ہون کہ تو نے جسکی اہانت وقید کا بھی حکم دیا ہی

تمام روی زمین پر اوس بزرگوار سے زیادہ کوئی عابد وزاہد ومتقی وپرہیزگار نہین جسوقت محراب

عبادت مین بیٹھتی ہین تو اس خضوع وخشوع سے عبادت وتلاوت کرتے ہین کہ مرغان وحشی اور

جانوران صحرا کے ذوق آواز سننی کو جمع ہوجاتے ہین اور صدای داودی پر محو ہوتے ہین تیری بقاء عمرو

دولت کی ای مناسب نہین سمجھتا کہ ایسے نرم دل اور دانا شخص سے متعرض ہو اور تیری عمرو دولت

پر کوئی صدمہ پہونچی کیونکہ خدا فرماتا ہی إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ

خدا اپنی نعمت کو عباد سے تغیر نہین دیتا جب تک بندی خود کفران نعمت کرین   زنبلہ

ہشام نے اوسکی تحریر پر ضد آپکو بسپرد کیا گر زید کا کہنا معلوم ہوتا تھا کہ حاکم مدینہ نے کچھ رشوت

لیکر الٹا لکھا ہی   ہشام دشمن اہلبیت تھا جو نے کہا تیری پاس کوئی عمدہ چیز جناب

حضرت کو ہدیہ کرون   فَقَالَ عِنْدَهٗ اَسْلِحَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَاطْلُبْهُ وَاِنْ لَمْ تُعْطِيْكَ

فَلَكَ عُذْرٌ قَوِيٌّ   زید نے کہا حضرت کے پاس تبرکات وہتیار رسولخدا مین تو اوسے طلب کر

وہ اون تبرکات کو یقینا نہ دینگے اوسوقت تجہی اونکی قتل کا معقول حیلہ ہاتہ آئیگا اور کری تھی

الزام نہ دی سکینگا ہشام نے والی مدینہ کو لکہا کہ لاکہ درہم حضرت کے نذر کر اور رسول کے

تبرکات اونسے لیکر یہاں بہیجدی امام جعفر صادق ع فرماتے ہیں کہ حاکم مدینہ

میں سو لاکہ درہم ہمارے پاس آیا اور مضمون خط سے مطلع کیا فَقَالَ اَمْهِلْنِی اَیَّامًا

نے چند روز کی مہلت لی اور اوس عرصہ میں کی تلوار و زرہ و انگشتری و عصا وغیرہ بنوا کر

حاکم کے پاس بہیجدیں اور اوسنے شام کو بہیجدیں فَتَسَبَّبْتُ بِذَلِکَ ثُمَّ وَاَعْطَیْتُهَا وَرَاعَهُمْ

اَعْیَانَ الشَّامِ فَخْرًا وہ دیکہکر بہت خوش ہوا اور اہل شام کو ازراہ فخر دکہلایا کہ

رسول کے تبرکات آگئی لیکن جب زید کو دکہلایا تو اونہی شقق وقت سے نہیں کہا لیکن آپکے

تبرکات سے نہیں پہر ہشام نے حضرت کو لکہا کہ اپنی مال لے لیا اور تبرکات نہیں بہیجے

جواب دیا کہ تمہی جو وہم ہو یا سو یعنی جو چیزیں دیکہیں تہیں بہیجدیں

ہشام نے زید کو قید کیا اور کہا کہ اگر اولاد فاطمہ کو خروج ہوگا ترب و جدال ہوتا

قتل کرتا اور باہمیں شہید ہوا امام محمد باقر ع کی تدبیریں سازش کرکے زہر دیا

کہ حسین نہ مر قاتل بہر دیا تہا ہو زید کے روانہ کرکے حضرت کو خط لکہا کہ آپکے حجاز

خدمت حضرت میں بھیجتا ہوں فَاَدِّبْ لَهُ بِاَيِّ عُقُوبَةٍ شِئْتَ وَهٰذِهٖ هَدِيَّةٌ

فَاتْرُكْ عَلَيْهِ جس طرح مناسب ہو آپ اسکو ادب فرمائیں اور یہ زین بطور ہدیہ بھیجتا ہوں

اسپر آپ سوار ہوں آہ جب یہ حضرت کے سامنے آیا تو آپ فوراً بات سمجھ گئے کہ یہ سب

میری شہید کرنے کا حیلہ ہے زید سے کہا وَيْلٌ لَكَ مَا اَشَدَّتْ وَظَنَنْتَ اَنِّيْ

لَمْ اَعْلَمْهُ وای ہو تجھپر کس امر عظیم کا تونے قصد کیا ہے اور کیا فعل بد تیری ہاتھ سے جاری

ہوا ہے تو گمان کرتا ہے کہ میں نہیں جانتا ہوں میں خوب جانتا ہوں کہ یہ زین کس غرض کا بنایا گیا ہے

اور ہمیں کیا چیز پوشیدہ ہے مگر کیا کروں کوئی چارہ نہیں بروایتی حضرت نے سوار ہونے

سے اعراض فرمایا تھی مگر مدت زمان خلیفہ نے جبراً آپ کو سوار کرایا آہ ایسا زہر اسمیں پوشیدہ

کیا تھا کہ فوراً تمام بدن میں سرایت کر گیا جب آپ اتری تو اثر زہر سے تمام جسم اقدس

ورم کر گیا اور آثار موت ظاہر ہوگئے آہ ایسے درد و تکلیف میں تین روز بیمار رہ کر

آخر اپنی وہ چادر جسمیں اپنی احرام باندھا تھا منگوایا اور فرمایا مجھے اسمیں کفن دینا اور اپنی

فرزند امام جعفر صادق سے وصیت فرمائی کہ میری آل بچے میری ردیفوں کو تسلی و تاکید کرنا

کہ دس برس تک ایام حج مقام منیٰ میں میری مظلومیت پر گریہ کریں پھر امام نے مجھ کو

دفن کیجیو اسکی وصیت فرمائی کہ زمین مدینہ جنت البقیع میں میری قبر بنانا اور چار

انگشت بلند کرنا اور سب اہل مدینہ کو گواہ کیا امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا اے پدر بزرگوار

آپنے فرمایا میں ضرور عمل میں لاتا گواہ لینے کی کیا ضرورت تھی فرمایا تاکہ لوگ

سمجھیں کہ تم بعد میرے وصی ہو اور میراث امامت میں تجھسے نزاع نکریں پھر امام نے مرض میں فرمایا

پدر بزرگوار آج یقین ہوتا ہے کہ بہتر ہوا حالانکہ ویسے ملاقات میں نہ پایا فرمایا اے فرزند کیا

تم نے آواز پدر بزرگوار امام زین العابدین کی نہیں سنی کہ پس دیوار سے فرماتے تھے کہ

جلد آؤ کہ میں تمہارے انتظار میں ہوں بروایت بصائر الدرجات پھر اسی شب کو امام

کہ علیحدہ کر کے مشغول بہ مناجات باری ہوے اور بعد سجدہ کے دیکھا حال حضرت متغیر ہوا

کہ حضرت کے وضو کو قریب رکھت خراب رکھا جاتا تھا آپنے اوسی حالت میں فرمایا

اسنے ... کو امام جعفر صادق متعجب ہوے اور گمان کیا کہ شاید بیہوشی کیوجہ سے فرماتے ہیں

مگر جب اوسے دیکھا تو موش مردہ اوسمیں تھا اور حضرت کو بجز اسکے حالت نزع

آخر بروز دوشنبہ ۷ ذی الحجہ ۵۷ سال کی عمر میں سنہ ۱۱۶ ہجری میں دنیا سے رحلت فرمائی

[illegible]

اور پیشوائے پدر بزرگوار و عم و جد بزرگوار مدفون ہیں اور نہ یہ چند دنوں بعد دیوانہ ہو گئے گریہ

کیوں نہ سنیں ہشام باوجودیکہ خاندان نبوت سے کینہ رکھتا تھا مگر جب امام محمد باقرؑ

کو اپنی دربار میں طلب کیا تو آپ کے ساتھ بطرح پیش آیا کہ تعظیم و تکریم بھی کی گلے سے بھی لگایا اپنی

پاس میں بٹھایا مگر آہ ملعون یزید کو دودمان نبوت سے کیسی عداوت ہو گئی تھی باوجودیکہ

تمام خاندان رسالت کو کربلا میں تباہ و برباد کر چکا تھا اس پر بھی اس کی رگ شقاوت و

عداوت کو سکون نہ ہوا کہ کربلا سے اہلبیت رسول کو اپنی دربار میں بلوایا اور بلوایا بھی تو کس ہیئت سے

راوی کہتا ہے میں دربار یزید میں موجود تھا دفعۃً دروازے سے ایک شور ماتم و آواز

گریہ ایسے پیدا ہوئی کہ دل میرا بھر آیا اور آنسو جاری ہو گئے تھوڑی دیر کے بعد دیکھا چند بیبیاں

جنکے چہرے مثل آفتاب درخشاں میں مگر تمازت آفتاب و مشقت سفر سے مرجھا گئیں

ہاتھوں سے سینہ چھپائے ہاتھوں میں شانوں تک رسیاں بندھیں سامنے سے نمودار ہوئیں

اور [illegible]

اور آگے آگے اونٹنی ایک نوجوان بیمار طوق و زنجیر میں گرفتار کثرت ضعف و لاغری بہت

سے ڈگمگاتا چلا آتا تھا جب اسیران ستم قریب تخت پہونچے یزید میمون فرط مسرت

سے اسقدر متبسم ہوا کہ دندان نحس باہر نکل آئے اور سر اپنا اوٹھا کر ایک ایک قیدی

کیطرف دیکھ کر پوچھنے لگا یہ بی بی کون اور یہ خاتون کون ہے ملاعین نے کہا یہ

زینب ہیں یہ ام کلثوم ہیں یہ رقیہ یہ صفیہ یہ ام ہانی دختران علی ابن ابیطالب ہیں یہ فاطمہ

دختر حسین ہے ناگاہ نظر یزید کی ایک صاحبزادی پر پڑی کہ رسن سے سر و دیدار بسبب بندھے

ہوئی ہے اور اپنی دونوں ہاتھوں سے منہ چھپائے ہوئے ہے پوچھنے لگا یہ لڑکی کون ہے لوگوں نے

کہا هٰذِهِ سَكِينَةُ الْحُسَيْنِ یہ سکینہ دختر امام حسین ہے یزید نے جناب سکینہ کی طرف

ہو کر کہا اَنْتِ سَكِينَةُ الْحُسَيْنِ بِنْتُكَ کیا تمہارا ہی نام سکینہ ہی ہو شہزادی

بی بی اسطور سے زار زار رونے لگی کہ اوسکی ہچکیاں لگ گئیں بیہوش ہو گئی اور قریب تھا کہ روح

بدن مطہر سے نکل جاوے یزید نے کہا مَا يُبْكِيكِ ای سکینہ تمہارے رونے کا کیا

سبب ہے آہ رسین دل تم نازک ہوتا ہے لقصور یہی کہ اوس تمہ نے کیا فرمایا قالت الا

كَيْفَ لَا تَبْكِيْ مَنْ لَيْسَ لَهَا سِتْرٌ تَسْتُرُ وَجْهَهَا عَنْكَ وَعَنْ جُلَسَائِكَ جناب سکینہ

نے کہا اے یزید کیونکر وہ مظلومہ نہ روئے کہ جو مجمع نامحرموں میں بے نقاب کھڑی ہو اور

اس کے پاس لباس نہ ہو کہ سر و تن چھپائے اور تیرے رفیقوں سے چھپاؤ   بروایتی یزید نے کہا تمہی

بھی ہو آہ سوسنیں عجب جواب دیا صَغِيْرُنَا وَكَبِيْرُنَا سَوَاءٌ ہمارے چھوٹے بڑے سب

میں سب برابر ہیں بزرگوں کے سر نیزہ پر ہیں اور چھوٹے ان کے منہ پوشیدہ ہیں گھر میں کیا کر سکتا

یزید نے کہا اے سکینہ کچھ حال اپنی مصیبت کا بیان کرو   فرمایا اے یزید کیا حال بیان

کروں اور نے یہ بات کہہ کے ثُمَّ اَنْتُمْ مُنْذُ قُتِلَ اَبِيْ جب سے میرے پدر بزرگوار شہید ہوئے

اس روز سے ہونا نصیب نہیں ہوا کیونکہ بعد شہادت حضرت تیرے ملازموں نے ہمیں مقید کیا

اور ہر ایک نے یہ ہی کا قصد کیا تو سب اسیروں کو شتران بے فرش و بے پردہ پر سوار کیا و

حَمَلْتُمُوْنِيْ عَلٰى ظَهْرِ بَعِيْرٍ اَدْبَرَ اَعْجَفَ بِغَيْرِ وِطَاءٍ لَمْ تَتَمَكَّنْ مِنَ الرُّكُوْبِ اور مجھ کو ایک پشت پر

ایسے اونٹ ضعیف و لاغر پر بٹھایا تھا کہ ہر قدم اس کی کمر زمین سے مس کر جاتی اور

جب ہم خوف گرنے کے میں پیادہ چلتی تو یہ زجر بن قیس کہ جو تیری سانجی ہے علیہ مجھے تازیانہ مارتا

اور یہ شخص رحیم بجز دشمنوں کے آپ نہ تھا جو کسی ظلم سے بچاتا تب وہ سو بیت کی

بہی باوجود یکہ تاثیر کلام مظلومہ سے رو دیا پھر کہنے لگا اے سکینہ تیری باپ نے حق کو

اور میری سلطنت میں نزاع کی فقالت له ويحك يا يزيد اتفرح بقتل ابي

سکینہ رو رو کر کہنے لگیں وائے ہو تجھ پر اے یزید میرے باپ کے قتل سے تو خوش ہوتا ہے اے یزید ہزار نفرین

جواب خدا و رسول کے ای ستمگر منقول ہے کہ اے سکینہ حبیب رہ تیری باپ کا کوئی حق نہیں

روی ہشام جب اہل بیت نے نصرت وحشت دی شہزادی بنت حضرت سکینہ تھا ایک شخص عالی

سے اٹھا اور یزید سے آکر عرض کرنے لگا يا امير هب لي هذه الجارية من

الغنيمة ای امیر شام کی مجھے کنیزی میں دیدے آہ جو میں نام کنیزی سنا سکینہ بنی ہوئی

سے بسبب نگیں اور پھوپھی سے عرض کیا يا عمتاه اتسترقين نسل رسول الله مماليك للدعباد

ای پھوپھی آپ دیکھتی ہیں کہ نسل رسول کنیزی میں زناکاروں کے جاتی ہیں حضرت ام کلثوم نے

اگر اوس ملعون سے کہا خدا تجھکو اندھا کریں اور زبان تیری قطع ہو اور تیرا ہاتھ خشک کریں

روی ہشام قسم بخدا ابھی کلام حضرت تمام نہ ہوا تھا کہ آپکے دعا اثر کی غضب ام کلثوم نے فرمایا

جو متعرض حرم رسول ہو

راوی مقاصل اسطور سے یزید دمشقی نے مدت تک دربار میں سب اہلبیت کو ہر اک بیمار اور
مجالس المتقین تا آخر
ایک ایک سے صدمات متفاوت کرتا ہر پھر بھی دستور تسکین نہوئی ایسے مکان میں قید کیا کہ جسکی
چھت تک نہ تھی رات کی شبنم دن کی دھوپ پڑتی تھی ان بیچاروں پر آفتاب جب چمکتا تھا آہ
کوئی جگہ حفاظت کی نہ تھی جسکے سایہ میں بیٹھتی اور جب آفتاب غروب ہوتا تمام اہل شام گروہ گروہ
بنی امیہ پھر وہیں سامان حسرت قتل کہانے وغیرہ کی ہمتے اور بیچاروں پر نظر حسرت سے دیکھا کرتے
وہ بیبیاں منتظر سلطان و حاکم پر تیکل حرات میں پڑتی کہ رحم کریں آہ ان بیچاروں کی کوئی پرسان حال
نہ تھا رات کو نہ کوئی روشنی و چراغ کی اور نہ کہانیکی خبر لیتا بجز نالہ و حسیناہ و دیکہ
ان سوگواروں کا کام نہ تھا کَانَتْ لِمَوْلَانَا الْحُسَيْنِ بِنْتٌ عُمْرُهَا ثَلٰثُ سِنِيْنَ (فی المنتخب)
اوس قید خانہ میں ایک صاحبزادی کمسن جنکی عمر تین برس کی تھی مقید و اسیر تھیں اور جس روز
پدر بزرگوار اون مظلومہ کے شہید ہوئی تھی اوس روز سے نہیں دیکھا تھا حضرت کی مفارقت
اون کی بہت شاق تھی اکثر شب کو اپنی پدر نامدار کو یاد کرتیں اور رو رو کر پکارتی تھیں

چونکہ بچوں کا بہلانا کلمات سے جائز ہی تھا اہلبیت طاہرین فرماتے اِنَّ اَبیکِ

غَدًا یَاتی وَمَعَہُ مَا تَطلُبِینَ کہ کل تمہارے پدر بزرگوار سفر سے آئینگے اور جو چیز تم

طلب کرتی ہو وہ بھی اونکے ساتھ ہونگی یہہ سنکر چپ ہو جاتی تھیں اور ہمارا دسیعوں سے کہتی تھیں

فَرَأَت لَیلَۃً اَبَاہَا بِنَومِہَا وَصَاحَت اسیروں سے رہتی رہی ایک شب کو سوگئی

اور خواب میں اپنے پدر بزرگوار کو دیکھا بیتابی و شوق میں اٹھیں اور منہ کے بل گر گئیں

بہ آواز بلند بیتاب ہو کر رونے لگیں ہرچند اہلبیت نے تسکین دی مگر اوسکا غم کم نہوا پوچھا تمہارے

رونے کا کیا سبب ہے قَالَت اِیتُونِی بِوَالِدِی کہنے لگیں میرے بابا کو بلا دو ابھی تو

میرے پاس تھے سوئی تھی اہلبیت نے سمجھا کہ ابھی خواب میں دیکھا ہے تو ہوسکتا ہے کہ دکھا

ہے کہ جب کوئی دہشت ہوتی ہے تو غم زیادہ ہو جاتا ہے جب اونکو معلوم ہوا کہ حسین ابن علی

میں آئی تھی بیتاب ہو گئے بال سر کے کھول دئے خاک اپنے سر پر ڈالنا شروع کیا طمانچے منہ پر

مارنے لگیں اون کے ساتھ رونے میں شریک ہوئیں شور ہوا سیدانیاں و بچیاں

اہلبیت سے خود بخود لوگوں کے دل ابلتے آتے تھے جب مجلس المتقین طاہر بن حارث نے

کہ طاہر اوس رات کو یزید پلید کے پاس تھا اور سر مبارک مظلوم کربلا طشت طلا میں نہی
یزید کے رکھا ہوا تھا جب یزید پر نیند نے غلبہ کیا تو طاہر کے زانو پر سر رکھ کر سو گیا
جب تھوڑی سی رات گذری تو سنا کی آواز گریہ و زاری ذریت رسول کی خرابہ سے بلند ہوی
طاہر کہتا ہی کہ اون ستمگاروں کے رونے سے ایسا لرزہ اوس سر مظلوم کربلا پر طاری ہوا کہ یہ تصور
جانتا کہ بلند ہو کر ہوا میں قایم ہوا اور زار زار مثل ابر نوبہار گریہ و زاری کرتا جاتا تھا
اور با واز حزین خداوند عالم کی مناجات میں عرض کرتا تھا اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰؤُلَاءِ اَوْلَادُنَا
وَاَکْبَادُنَا خداوندا تو واقف ہی کہ یہ سب زندہ ہیں اور ہوا ہیں تیری کنیزیں میں اور یہ
بھی کہ پارہ جگر کلمہ ہی رتے ہیں اور کوئی انکا فریاد رس نہیں طاہر کہتا ہی سکہ یہ دیکہ کر
بطور انسوراب وحشت طاری ہوی اور رونی لگا اور شدت اضطراب کی یزید بیدار ہو گیا تو قریب تھا کہ تیغ جفا
جا اون مظلوموں سے پوچھنی لگا کہ آج کیا حادثہ پیش آیا جو آپ لوگ اس قدر بیتاب اور نالاں ہیں
کرتے ہو کہ ہم طاقت سننے کی نہیں اہلبیت طاہرین نی جواب دیا کہ امام حسین کی ایک لڑکی کمسن ہی جسکو
حضرت بہت پیار کرتے تھی اب شوق دیدار پدر میں بیتاب ہو ہو کر کہتی ہی کہ میری باپ کہاں ہیں
بلاو و دیکہا دو طاہر کہتا ہی یہ حال سنکر میں روتا ہوا واپس آیا یہاں خود گریہ و زاری سے

یزید بیدار ہو چکا تھا اور سر امام حسین ع وسط طور سے ہوا میں معلق تھا اور تربت دیکھا

میں سر مبارک نے جانب یزید رخ کر کے باواز فصیح فرمایا کیوں اے یزید میں نے تیری کیا حق

میں کیا بدی کی تھی کہ تو نے میری ساتھ یہ سب ظلم کیا رہی آگ جسم جیسے تو خاک گرم پر بدبو

بے کفن و دفن چھوڑ دیا وَاشْتَهَرَتِ النَّاسُ فِي الْبُلْدَانِ مَعَ اَهْلِ بَيْتِي اور میرے

سر کو نیزہ دشت تمام شہر بہ شہر پھرائے ہوئے شام میں منگوایا میری خیموں میں آگ لگوائی ناموس کو میرے

و ذریت رسول کو اسیر قید کر رکھا پھر خدا کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا اَللّٰهُمَّ خُذْ اِنْتِقَامِي

مِنْهُ خداوندا تو حق دادرس ہے میری مظلومی کا تو حق عوض لینے والا ہے جابر انتقام لے

کے بدن پر لرزہ پڑ گیا تھا پھر وہ سر بیت الحزن میں نہ لگا جب حقیقت معلوم ہوئی تو حکم دیا کہ سر مطہر کو اسی

خیمہ کے پاس ہی دفن کر دو تا کہ تسکین ہو فَجَاءُوا بِالرَّاسِ الشَّرِيفِ مُغَطًّى بِمِنْدِيلٍ دِيبَقِيٍّ یعنی

یزید سر انور کو ایک رومال دیبا سے ڈھانک کے قیدخانہ میں اوس بی بی کے قریب لائے اوس بی بی

وہ سر مطہر قیدخانہ میں پڑا تمام اہل بیت طاہرین رو رو کر بیتاب ہو گئیں جب بی بی کی

خیمہ کے پاس اور رومال کو وسپر اوٹھایا تو نظر اوس بی بی کی سر منور پر پڑی آہ کر کے

سے عرض کیا جاؤ یہ بوجھ گرد و غبار و خیرہ آلودگی خون کے بوجھ چوب لگانے یزید کے ہو گئی تھی

[illegible]

اوس بچی نے اپنے بابا کا سر نہ دیکھا تھا فَقَالَتْ مَا هٰذَا الرَّأْسُ اور منتیں کیں یہ کس کا سر ہے
قَالُوا رَأْسُ اَبِيكِ فَرَفَعَتْهُ مِنَ الطَّشْتِ حَاضِنَةً لَهُ مدد زمان زینب نے
کہا ای بچی یہ تمہاری بن بابا ہے یہ او نہیں کا سر ہے پس بغل میں لیا تم رو رو کے کہا اوس نے بیٹی مشتاق
و اوس عاشق پدر نے سر کو محبت سے گود میں اٹھایا اور سینے سے لگا کر بین جگر خراش
کرنے لگیں ہای ای بابا مجھے تو خبر ہی نہ تھی کہ ظالم بیرحم نے آپکو آپکے خون میں رنگین کیا
اب کون مجھ یتیمہ کی پرورش کریگا کون ہم بیکسوں کی حمایت کریگا کون ان بیوہ عورتوں
کی خبر گیری و تقیید میں حامی و مددگار رہیگا یَا اَبَتَاهُ مَنْ لِلضَّائِعَاتِ الْغَرِيبَاتِ وَمَنْ
لِلنِّسْوَةِ النَّاشِرَاتِ ای بابا کون مجھ جوا ہم کو رونے سے منع کریگا اور اونکو دلاسہ و تسلی گریز اونکے
دیگا ای بابا آپکے انتقال سے اس عالم غربت و اسیری میں ضایع و برباد ہوگئی کوئی رحم
ان بیکسوں پر نہیں کرتا یَا اَبَتَاهُ لَيْتَنِي كُنْتُ قَبْلَ هٰذَا الْيَوْمِ عَمْيَاءَ وَلَا اَرَى
شَيْبَكَ مُخَضَّبًا بِالدِّمَاءِ ای پدر مظلوم کاش میں آج کی قبل نابینا ہوتی اور آپکی
ریش مطہر کو خون سے رنگین نہ دیکھتی پھر اوسی حالت بیتابی میں اپنا منہ دہن مبارک
حضرت پر رکھدیا اور اس شدت سے روئیں کہ روتے روتے بیہوش ہوگئیں جب زینب اوس یتیمہ

سے آواز رونے کی نہ آئی حرکوها فاذا قد فارقت روحها الدنیا
شاہ نے پدر کی سدھایا آہ آہ معصوم ہوا کہ روح اوس شیفتہ دیدار کی دنیا سے مفارقت کر گئی
سب اہلبیت نے رونا شروع کیا آہ مومنین اوس عالم بیکسی و دربدری میں یہ مصیبت اور
بھی سخت تھی جناب زینب کہ بزرگ خاندان تھیں کیا کرتیں ہای چادر تک نہیں کہ
کفن دیا جاوے جنوہ کا کیا ذکر ہای چراغ تک اوس مکان تاریک میں نہ تھا کہ بجا اوس میت کی
تربیت تجہیز و تکفین کیا جاوے آہ مومنین جناب زینب کہ جنکی سب ردگی میں کہی امام حسین یاد کر
کے جنکی ساتھ روئی تھیں کہ ہای ایک یادگار حسین تھی وہ بھی دنیا سے سدھاری روتی تہیں
اونکی گریہ سے ایسی قیامت برپا تھی کہ جتنی لوگ گرد و نواح اوس محلے میں تھی گریاں تھی

اور روز ماتم معصوم شہزادی کا الا لعنۃ اللہ الخ

فضایل و معجزات جناب امام جعفر صادق عم ہشام کا مکتب رہنا بقصد قتل
اور آپکا بوجہ معجزات بچنا مدینہ میں خفیہ لوگونکا بقصد قتل آنا و معجزہ حضرت
احراق خانہ بذریعہ حاکم مدینہ ربط احراق خیمہ حسینی در کربلا ظلم ہائے شام
بعد شہادت حضرت روایت ابن طیریہ ربط شہادت عبداللہ ابن امام حسن

قال اللہ تبارک و تعالی إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِينَ وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ
مُّقِيمٍ ظاہری ترجمہ اس آیہ شریفہ کا یہ ہے کہ اس بیان میں علامت ہیں اون لوگونکی
لئے جو فراست اور دانائی سے غور و فکر کریں اور یہ آثار اون لوگونکی تا قیام قیامت باقی ہیں
روشن ہیں گو خداوند عالم نے اس آیہ شریفہ کو بعد بیان قصہ قوم لوط بیان فرمایا ہے جس سے گمان
ہوتا ہے کہ مقصود خدا یہ ہے کہ جو لوگ اس قصہ میں یعنی نافرمانی قوم لوط و ارتکاب امور بد پر نزول عذاب
میں غور کرینگے اور سبیل مقیم یعنی شہر لوط جو مدینہ سے راہ شام میں واقع ہے دیکھینگے عبرت
پکڑینگے جیسا کہ اسی مضمون کو بعض نے گمان کیا ہے مگر کتاب کافی و بصائر و مناقب و تفسیر
عیاشی و غیرہ و دیگر کتب سے منقول ہے کہ متوسمون سے مراد ائمہ ہیں و انہا لبسبیل مقیم

مین راہ مستقیم امامت و خلافت کی یہ جو تا قیام قیامت اون بزرگوارون مین تا بحق قائم
رہے چنانچہ اونہین کتب مین آئمہ سے منقول ھی کہ ہم متوسمون مین یعنی فراست کے
لوگون کی حالت کو دریافت کرتے ہین اور یہی معنی حدیث رسول کے ہین اِتَّقُوا فِرَاسَةَ
الْمُؤْمِنِ فَاِنَّهٗ يَنْظُرُ بِنُوْرِ رَبِّهٖ کہ فراست مومن سے پرہیز کرو یعنی اوسکی فراست
کہ وہ نور خدا کو دیکھتا ھی یعنی تمام حالات سے واقف ہوتا ھی پھر فرماتے ہین کہ ہم ہین راہ
ثابت و مستقیم ھی کتاب عیون اخبار الرضا مین منقول ھی کہ لوگون نے آپ سے سوال کیا کہ
اسکی کیا وجہ ھی کہ آپ اون چیزون کی خبر دیتے ہین جو لوگون کے دلون مین پوشیدہ اور پنہان ہین
فرمایا کیا تو نے نہین سنا کہ حضرت رسول نے فرمایا کہ فراست مومن سے ڈرتے رہو یعنی اوسکی فراست
سے ڈرو کہ وہ نور خدا کو دیکھتا ھی راوی نے عرض کیا ہان سنا ھی فرمایا کوئی مومن نہین ہی مگر کہ
ایک فراست رکھتا ھی جسکی سبب بقدر اپنی ایمان و دانائی کے نور خدا کو دیکھتا ھی اور
حق تعالی نے ہم اہلبیت مین تمام و کمال وہ فراست جمع کی ھی جسکو کہ جمیع مومنین مین متفرق
و پراگندہ فرمایا ھی اور حق تعالی فرماتا ھی اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ

پس متوسمین کے پہلی شخص جناب رسول تھے اونکے بعد امیر المومنین اونکی بعد حضرت حسن و حسین

اور وہ ایمہ ہین جو فرزندان حسین سے روز قیامت تک ہونگی

کتاب بصایر الدرجات مین لسند معتبر روایت کی ہی کہ ایک شخص امام جعفر صادق عم کے پاس آیا اور

ایک مسئلہ پوچھا حضرت نے اوسکا جواب دیا پہر دوسرا شخص آیا اور وہی مسئلہ پوچھا حضرت

نے دوسری طرح جواب دیا پہر تیسرا شخص آیا اور وہی مسئلہ پوچھا حضرت نے اون دونون جوابون

کے برخلاف فرمایا بعد اسکی ارشاد فرمایا کہ خدا نے خلایق کے امور ہمپر چہوڑدی ہین کہ ہم

ہر ایک شخص کے فہم و قابلیت کے موافق جواب دین جیسا کہ امور دنیا کی اختیار کو جناب سلیمان

کے اختیار پر چھوڑ دیا تہا جیسا کہ فرمایا ہی هٰذَا عَطَاءُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ

جیسا کہ قرات صاحب علیہ ہی کہ ای سلیمان یہ ہمارا بخشش ہی جسقدر چاہو عطا کرو رادی نے پوچھا

کہ آیا امام ہر شخص کے مذہب اور ہر شخص کے قابلیت کو جانتا ہی کہ اوسکی حال کے مناسب جواب دے

حضرت نے از روی تعجب فرمایا سبحان اللہ کیا تو نے قرآن نہین پڑہا کہ اوسمین حق تعالی

فرماتا ہی اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ متوسمون ایمہ ہین وَاِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ

مُّقِیْمٍ اور یہ آیتین ایک راہ مستقیم و دایم ہین کہ ہرگز اوس سے خارج نہین ہوتین یعنی

امامت وخلافت ہرگز اہلبیت سے خارج نہیں ہوتی پہر فرمایا ہاں جب امام کسیکو دیکہتا

ہے اوسکی رنگ ونوع کو پہچانتا ہے اور اگر کسیکا کلام دیوار کے پردہ میں سنتا ہے اوسکو

بہی پہچانتا ہے اور جانتا ہے کہ کون ہے اور کیا ہے اور اوسکی صفتیں بیان مین اسلیٔ کہ حق سبحانہ

فرماتا ہے وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْعَالِمِينَ یعنی از جملہ آیات قدرت وعظمت خدا آسمانوں اور

زمینونکا پیدا کرنا اور تمہارے زبانوں ورنگونکا اختلاف ہے بدرستیکہ اسمین عالموں کے لئے

آیات وعلامات ہین پہر حضرت نے فرمایا وہ عالم آیہ مین جسکا ذکر خدا نے اس مقام مین فرمایا ہے

اور امام کسیکی کلام یا زبان کو نہین سنتا مگر یہ کہ جانتا ہے کہ یہ ناجی ورنہ ناجی ہے یا ہالک پس

اسی لئے ہر شخص کو اوسکی حال کے مناسب اور مذہب وقابلیت کے موافق جواب دیتا ہے۔

ذاکر عرض کرتا ہے کہ اسمقام نکتہ اون احادیث کے بیان کا کہ جو ائمہ طاہرین صلوات اللہ علیہم

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام دربارہ بعض اعدائے دین مروی ہین قطع نظر اسکے کہ وہ صحیح

ومعتبر ہین یا نہین یا یہ کہ اوزلی تہی دوسری مین جیسا کہ دوسری حدیث مین ظاہر ہو اسی لفظ تقیہ ہو یا

حضرت نے کشتی میں یہ جو بہ سائل و توریت کا ایک تھا ہندا اور سب کی بوثوق جواب فرمایا

حق تو یہ ہے کہ گوہر نایاب انہیں سے نور ہدایت سے عالم کو روشن کر دیا ہے میں جیسا کہ شاعر کہتا ہے

فَلَکٌ فِی فَلَکٍ فِیْهِ نُجُوْمٌ صَدَفٌ فِی صَدَفٍ فِیْهِ دُرَرٌ

یعنی ایسے عصر میں کہ ایک بعد دیگری اسطح میں یا جیسے سطح آسمان زیر آسمان ہے اور ان میں ستارے ہیں تابان

ہیں یا جیسے صدف کے اندر صدف ہو اور ان میں گوہر آبدار ہوں

عِلَّۃُ الْکَوْنِ وَلَوْلَاهُ لَمَا کَانَ لِلْعَالَمِ عَیْنٌ وَ اَثَرٌ

انکی ذات بابرکات باعث ایجاد خلائق ہے اور اگر ان بزرگوں کی ذات نہ ہوتی تو ہرگز دنیا کا

وجود ہی نہ ہوتا مگر مومنین وجود با مسعود جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے بعد آباء طاہرین صلوات اللہ

علیہم اجمعین جو فیض علمی و ہدایت دینی خلق خدا کو نصیب ہوا کسی سے بہم نہیں پہنچا کیونکہ آپ کا

زمانہ اواخر بنی امیہ و اوائل بنی عباس تھا اور دونوں کے دونوں اپنی اپنی افکار سلطنت میں گرفتار

تھے خاندان رسالت کی طرف چنداں توجہ نہ تھی آپ جو نشستیں ہر جگہ امام زمان علیہ السلام

چنانچہ آنحضرت کے زمانہ میں چار ہزار راویوں نے چار ہزار کتابیں احادیث کی جمع کیں جو آپ سے سنی تھیں

باتفاق فریقین تمام عالم مین افضل و اعلم تھی ابو حنیفہ جو امام اعظم مشہور ہین حضرت

ہی کے نفش برداری کیوجہ سے یہ رتبہ پایا مگر جب حضرت کو معلوم ہوا کہ یہ قیاس کو مسائل شرعیہ

مین دخل دیتا ہی تو بہت زجر و توبیخ فرمائے اور فرمایا اَوَّلُ مَنْ قَاسَ اِبْلِیْسُ یعنی پہلی بار جس نے

قیاس کر دخل دیکر حکم خدا سے نافرمانی کی وہ شیطان تھے

عَنْهُ دِیْوَانُ عُلُوْمٍ وَحِکَمٍ فِیْهِ طُوْمَارُ عِظَاتٍ وَعِبَرٍ

اوس جناب کے ذات بابرکات مین دیوان کے دیوان علوم و حکمت کے بھری ہوی ہین اور بیت

سے طومار نصایح و معرفت حقیقت حال کے ہین جنکا شمار ممکن نہین شمار ...

بعلم و بفضل و بعقل و بجود نیاید کسے ہمچو او در وجود

بود منتخب از حکم خیر البشر وصی و بحق جانشین پدر

که از جد باقر بود در جہان زمام الہی امام زمان

امام زمان مجتبی ناطق است که بر آسمان نام او صادق است

امام زین العابدین علیہ السلام سے سائل نے پوچھا کہ لفظ جعفر کے ساتھ صادق کی خصوصیت کیون ہے

آپ سب معصوم اور صادق ہیں حضرت نے فرمایا بذریعہ پدر بزرگوار و امیر المومنین جناب
رسولخدا سے منقول ہے کہ جب فرزند میرا جعفر بن محمد پیدا ہو تو اوسکا نام صادق رکھنا
اسلئے کہ اوسکی اولاد سے پانچویں پشت میں ایک فرزند ہوگا اوسکا بھی نام جعفر ہوگا
امامت کا دعویٰ باطل کریگا اور وہ خدا کے نزدیک جعفر کذاب یعنی خدا پر افترا کرنیوالا [illegible]

مومنین امام جعفر صادق ع چھٹے امام ہیں اسم مبارک جعفر کنیت ابو عبداللہ
القاب فاضل صابر طاہر صادق ہیں پدر بزرگوار آپکے امام محمد باقر والدہ ماجدہ ام فروہ
یا دوسرا نام فاطمہ قاسم بن محمد بن ابی بکر کی بیٹی ہیں بنا بر مشہور ۸۳ھ سترہویں ربیع الاول
یا غرہ رجب مدینہ میں پیدا ہوئے پینسٹھ برس عمر امام ع بنا بر قول اکثر علماء کے ۶۵ برس
کی ہے بعض نے اڑسٹھ بعض نے اکتیس بھی کہی ہے

[illegible]
فضائل و معجزات خصوصاً جناب علمیہ تو انتہا نہیں کہ آیت قرآن و حدیث سے ملی ہوئی ہے
چنانچہ عوالم وغیرہ میں احمد بن عمر سے منقول ہے کہ ایکدفعہ منصور دوانقی یعین پر ایک مجلس
[illegible]
بیٹھی ہر چند وہ شقی ذبح کرتا او ... نکلتا تھا مگر وہ ذبح نہ ہوتی تھی اور اوس ... عاجز

حضرت صادق سے مروی ہے کہ جب امام ... ہوتا ہے
تو لوگوں کے کلام کو سنتا ہے ...
مخلوقات سے ایک ... پیدا ہوتا ہے جب ...
ماں کے ... ہوتا ہے ...
[illegible]
... پیدا ہوتا ... روز ...
تو دونوں ہاتھ زمین پر رکھتا ہے ...
... ایک ...
دونوں ... کے درمیان ... لکھا ہوتا ہے
وتمت کلمة ربک صدقا وعدلا لا مبدل
لکلماتہ وهو السمیع العلیم اور جب ...
پر فائز ہوتا ہے تو ... میں ایک ...
مقرر ... اوس ...
... ہے
[illegible]

پریشان کر دیا یہاں تک کہ وہ اپنا منہ پیٹنے لگا اور تیوریت امام جعفر صادق علیہ السلام وسکی با

زندیق ای منصور کہنے لگا یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰه لِمَ خَلَقَ اللّٰهُ تعالی الذُّبَابَ ای یو

خدا نے مکھی کیوں عبث پیدا کیا فَقَالَ لِیُذِلَّ بِهِ الْجَبَابِرَةَ حضرت نے فرمایا تا

جابروں اور متکبروں کو اس سے ذلیل کرے مومنین سے کلام حضرت اوس آیہ سے تعقب کل کہ جو بت

معبود کفار یعنی اصنام ہیں وارد ہی خدا فرماتا ہے وَاِنْ یَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَیْئًا

لَا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ کہ اگر مکھی اصنام سے کچھ چھین لے

یا کوئی کہ اونکی منہ پر جو کافر اونپر از قسم زعفران و مشک و عنبر ملتی ہیں اور مکھی کھالے تو وہ اوسکو

چھڑا نہیں سکتی اور ہمارے ایک مخلوق کم حقیقت سے طالب و مطلوب یعنی کافر و صنم دونوں

دونوں عاجز ہیں ہندا گویا مراد حضرت یہ تھی کہ جس طرح اصنام معبود کفار ایک مکھی کے دفع

سے عاجز تھے اسی طرح بادشاہان جبار جو اپنی طرح خدایق جانتے ہیں ایک مکھی ناچیز

کے دفع سے عاجز ہیں اور جو اوسکی مصلحت و حکمت میں دخل دیتے ہیں اونکی تیوریت و لوگ اسی مخلوق

کم حقیقت سے ڈراتے تھی راوی کہتا ہے کہ یہ سنکر منصور ایسا خاموش ہو گیا کہ گویا اوسکی منہ

میں لقمہ بند ہو گیا تھا مومنین سے تو ایک ادنی سی بات آپکے سامنے تھی لیکن

آپ کی ذات سے ظاہر ہوئے اور خداوند عالم نے عجب نعمتیں عطا فرمائی تھیں

قَالَ اِنَّ لِیْ حَوْضًا

کتاب بصائر الدرجات میں عبد اللہ بن سنان سے منقول ہے کہ امام جعفر صادق نے ارشاد فرمایا کہ

خدا نے ہم اہلبیت کو ایک حوض عطا فرمایا ہے مَا بَیْنَ بُصْرٰی اِلٰی صَنْعَاءَ اَتُحِبُّ اَنْ

تَرَاہُ کہ مقدار اوسکی طول کی بمقدار مسافت بصرہ و یمن کی ہے پھر مجھ سے ارشاد فرمایا کہ کیا تو

اوس حوض کو دیکھنا چاہتا ہے میں نے عرض کیا ہاں ای مولا مجھکو کمال اشتیاق ہے فَاَخَذَ بِیَدِیْ

وَاَخْرَجَنِیْ اِلٰی ظَهْرِ الْمَدِیْنَةِ حضرت نے میرا ہاتھ پکڑا اور پشت مدینہ کیطرف لیگئے جب

ایک مقام پر پہونچے تو حضرت نے پای اقدس کو زمین پر مارا فَنَظَرْتُ اِلٰی نَهْرٍ یَجْرِیْ

لَا یُدْرَکُ حَافَتَاہُ اِلَّا الْمَوْضِعَ الَّذِیْ اَنَا فِیْہِ قَائِمٌ میں نے دیکھا کہ ایک

نہر جاری ہوگئی ہے کہ بجز اوس مکان کے جسپر ہم تھے اوسکی کنارہ انتہا نہ معلوم ہوتی تھی گویا کہ

مثل جزیرہ کے نمایاں تھی جب میں نے اوسمیں غور کیا تو دیکھا کہ اوس نہر کی تین جانب میں

ایکطرف پانی برف سے سفید و صاف تر دوسری جانب شیر ہے درمیان میں اون دونوں کے

شراب طہور سرخ رنگ ہے فَمَا رَاَیْتُ شَیْئًا اَحْسَنَ مِنْ تِلْکَ الْخَمْرِ بَیْنَ اللَّبَنِ

وَالْمَاءِ عبد اللہ کہتے ہیں کہ وہ شراب طہور سرخ رنگ درمیان شیر و پانی کے ایسے

خوشنما معلوم ہوتی تھی زمرد کی شاخیں خوبتر ہیں تھیں اور سب سے زیادہ نہ تھی تھی فَقُلْتُ لَهُ

أَيْنَ يَخْرُجُ هٰذَا وَمَا مَجْرَاهُ میں نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ میں آپ پر سے فدا ہوں

یہ نہریں کہاں سے آئی ہیں اور ان کا بہاؤ کہاں ہے حضرت نے فرمایا یہ وہ نہریں ہیں جنکا ذکر حق تعالیٰ

نے اپنی کلام مجید میں فرمایا ہے عُيُونٌ مِنْ مَاءٍ وَعُيُونٌ مِنْ لَبَنٍ وَعُيُونٌ مِنْ خَمْرٍ تَجْرِي فِي

هٰذِهِ النَّهْرِ کہ جنت میں چند نہریں ہیں ایک نہر پانی کی اور ایک نہر شیر کی

اور ایک نہر شراب طہور کی ہے جو ان دونوں نہروں کے درمیان میں جاری ہے پس میں نے

پھر جو میں نے کنارہ نہر پر نظر کی تو دیکھا کہ برابر درخت نہر کے کنارے لگے ہوئے ہیں

اور ایسے ایسے حسین و جمیل صورتیں جنکو میں نے کبھی نہ دیکھا تھا کہ انکے سروں پر بال عجیب

خوشنما تھے ہاتھ میں ظروف کہ بہتر ظروف دنیا سے بہشت کی ہوئی تھی ہر درخت کے نیچے ایک

میں فَدَنَا مِنْ اَحَدِهِنَّ فَاَوْمَى بِيَدِهِ لِتَسْقِيَهُ حضرت ایک

ایک کے قریب تشریف لے گئے اور دست مبارک سے اپنے پاس آنے کا اشارہ فرمایا فَنَظَرْتُ

اِلَيْهَا قَدْ مَالَتْ لِتَغْرِفَ مِنَ النَّهْرِ فَمَالَتِ الشَّجَرَةُ مَعَهَا فَاغْتَرَفَتْ حضرت

اشارہ فرماتے تھے وہ حوریہ سے ظرف پانی بھرنے کیواسطے جھکی تو میں نے دیکھا کہ وہ
درخت بھی جھکا اور جب اوسنے پانی بھر لیا تو اوسکے ہمراہ شاخ دوبارہ حضرت کیطرف
جھکی اور وہ جام آب دست حق پرست میں دیا فَنَاوَلَنِی فَشَرِبْتُ حضرت
نے مجھی عنایت فرمایا اور میں نے پیا عبداللہ کہتے ہیں میں نے ایسا خوشگوار
پانی نہیں دیکھا تھا کہ اوسمیں خوشبو مشک کی آتی تھی فَنَظَرْتُ فِی الْکَاسِ
فَاِذَا فِیْهِ ثَلٰثَةُ اَلْوَانٍ جب میں نے اوس کاسے کو دیکھا تو بقدرت خدا تین
رنگ جو نہر میں تھے وہ اس کاسے میں بھی موجود تھے جب میں نے پیا تو نہایت خوشگوار
شیریں تھا فَقُلْتُ لَهٗ مَا رَاَیْتُ کَالْیَوْمِ قَطُّ میں نے عرض کیا یابن رسول اللہ کبھی
آجتک میں نے ایسی چیز نہ دیکھی تھی اور میں نہیں جانتا تھا کہ یہ اس طرح پر ہے فَقَالَ
لِیْ هٰذَا اَقَلُّ مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لِشِیْعَتِنَا حضرت نے فرمایا ای عبداللہ یہ جو تمنے دیکھا ہے
شیعوں کیواسطے خدا نے مہیا فرمایا ہے یہ تو کچھ بھی نہیں ہے اس سے اعلی اعلی نعمتیں
خدا نے بخشی ہیں اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا تُوُفِّیَ صَارَتْ رُوْحُهٗ اِلٰی هٰذَا النَّهَرِ

وَرَغِبَتْ فِیْ رِیَاضِہٖ وَشَرِبَتْ مِنْ شَرَابِہٖ گویا یہ مراد حضرت کی تھی

کہ جب مومن انتقال کرتا ہے تو اوسکی روح اول ہی اول اس نہر کے پاس آتی ہے

اور اوسکے باغات میں سیر کرتی ہے اور اس پانی سے سیراب ہوتی ہے یہ ہر جو بہشتین کی

خزانہ غیب کے اور یے سلطانوں انکا کیا ذکر ہے وَاِنَّ عَدُوَّنَا اِذَا تُوُفِّیَ تَعَلَّقَتْ

رُوْحُہٗ اِلٰی وَادِیْ بَرَہُوْتَ حضرت فرماتے ہیں اور جب ہمارا دشمن مرتا ہے

تو روح اوسکی وادی برہوت کیطرف جاتی ہے اور مخلد بہ عذاب رہتی ہے وَاُطْعِمَتْ

مِنْ زَقُّوْمِہٖ وَاُسْقِیَتْ مِنْ حَمِیْمِہٖ اور یہی غذا زقوم اور پانی آگ کا

ہوتا ہے

اسیطور سے بہت بحوزث ورات

کرامات آپ سے ظاہر ہوئیں کہ جنکا بیان محال ہے تمام اشیاء پر اپنی زمانہ میں بحکم خدا قادر تھے

مگر سبحان اللہ باوجود اس قدرت کے کس حالت سے بسر کی حضور سے کہ ادنی شخص بھی بسر نہ کریگا

آپکا پیراہن اقدس ایسے کہنہ ہو گیا تھا کہ اوسکی وجہ سے جسم اقدس کو اذیت ہوتی فاقہ کرکے تمام

خزائن ارض آپکے قبضہ میں تھی کتب معتبرہ صحاح العیون وغیرہ میں بسند معتبر یونس سے منقول ہے کہ ایکروز

ہم لوگ خدمت حضرت میں حاضر تھے کہ آپنے ارشاد فرمایا کہ خزانے زمین کے ہمارے ہی قبضہ قدرت

میں ہیں اگر ہم پیر سے اشارہ کریں تو زمین فوراً اونکو ظاہر کردے یہہ فرماکر آپنے پائے مبارک سے

زمین پر کھینچا پھر ہاتھ بڑھا کر ایک شمسہ طلائی درحقیقۃ بقدر ایک بالشت تھا اوٹھا لیا اور

ہم لوگونکو اوس زمین میں دیکھنے کو ارشاد کیا جب ہمنے نگاہ کیا تو بکثرت شمسے تہ بتہ زمین کے

پڑے دیکھے کہ چمک رہے ہیں ہم لوگوں میں سے ایک شخص نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ میں آپ کے

فدا ہم اکثر شیعہ آپکے محتاج ہیں یہہ سنکر حضرت نے ارشاد فرمایا کہ ہمارے شیعوں کی واسطے

خدانے جنت کو خلق کیا ہے کہ وہ دولت و نعمت ابدی ہے یہہ زائل ہونیوالی درحقیقت لائق نہیں

نیز اسیطور سے بسند معتبر ابو بصیر سے منقول ہے کہ ایکمرتبہ حضرت نے پائے مبارک زمین پر مارا فوراً

نقلہ من ... المموزۃ

آپکے اعجاز سے ایک دریائے عظیم ظاہر ہوا کہ جسکے کنارہ پر نقرئی کشتیاں بندھی ہوئی تھیں امامؑ نے
ابوبصیر کو حضرت ہمراہ لیکر ایک کشتی پر سوار ہوکر روانہ ہوئے یہانتک کہ ایک مقام پر
پہونچے کہ بہت سے خیمہ نقرئی خوشنما نصب و قایم تھے حضرت کشتی پر سے اوتر کر ایک
خیمہ میں داخل ہوئے اور باہر تشریف لائے اسیطور سے جسطرح کہ آفتاب بروج میں سیر کرتا ہے آپ
نے اون خیموں نورانی کی سیر فرمائی پھر کہنے تب ہوکر فرمایا ای ابومحمد ای ابوبصیر کیا
تمہیں معلوم ہوا کہ یہ خیمے کیسے ہیں میں نے عرض کیا خدا و رسول و امام زمان بہتر جانتے ہیں
فرمایا اول خیمہ جسمیں میں داخل ہوا وہ جناب رسول خدا کا تھا دوسرا امیرالمومنین علی مرتضیٰ
کا تیسرا حضرت سیدہ کا چوتھا جناب خدیجہ کبریٰ کا پانچواں امام حسن مجتبیٰ کا چھٹا امام حسین کا
ساتواں امام زین العابدین علیہ السلام کا اونکے بعد پدر بزرگوار امام محمد باقرؑ کا اور نواں خیمہ میرا ہے
اور جو شخص ہم اہلبیت رسالت سے دنیا سے رحلت کرتا ہے وہ یہاں ایک خیمہ میں ساکن ہوتا ہے
مومنین سنا آپنے کہ شمل اب وجہکے آپکو قدرت سب امور پر قادر تھی اور سب نعمت
عند اللہ تھی مگر مومنین اشقیا کو آپکا وجود و جود شاق خاطر ہوتا تھا

پھر جب سنہ ۱۳۶ھ ایک سو چھتیس ہجری میں ملک بنی امیہ سے نکل کر بنی عباس کے خاندان میں آیا اور ابو العباس
سفاح جو پہلا خلیفہ عباسیوں کا تھا تخت پر بیٹھا اور چار برس آٹھ مہینے سلطنت کی اوس نے
امام جعفر صادق علیہ السلام کو مدینہ سے عراق میں بلایا اور آپ کے معجزات و مکارم اخلاق دیکھ کر
کچھ اذیت نہ دی تھا اور مدینہ کو رخصت کیا مگر جب اوس کا بھائی منصور دوانقی خلیفہ ہوا اوس نے
کثرت سے حضرت کو بلا بھیجا اور پانچ بار بلکہ زیادہ آپ کے قتل کا ارادہ کیا لیکن ہر دفعہ
حضرت کے معجزات دیکھ کر خوف سے دم بخود ہو جاتا تھا۔ ایک مرتبہ کہ عداوت و شقاوت سے
جوش میں آیا کہ تلوار و فرش چرمی اپنے پاس رکھ کے حضرت کو بارادۂ قتل بلوا بھیجا اور
اپنے حاجب یعنی دربان مسمی بہ ربیع سے کہ جو حضرت سے محبت رکھتا تھا اور اوسکو وہ ملعون نہایت
معتمد سمجھتا تھا بطور راز کہا کہ جب حضرت آئیں اور میں اون سے باتیں کرنے لگوں اور
اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھوں اوس وقت تو اونکو قتل کر ڈالنا قال الربیع فلما جاء
قام من مجلسہ وقال اھلاً وسھلاً یعنی امیرالمومنین نے امام عالی مقام کے لیے من اور اعزاز بھی کیا تھا میں
ربیع کہتا ہے کہ وہ اوس غصہ میں مستعد قتل بیٹھا تھا مگر حضرت جب اوسکی مجلس میں داخل ہوئے

[illegible]

میں نے دیکھا حضرت کے لبہاے اقدس جنبش میں تھے جب نظر منصور کی حضرت پر پڑی
بے اختیار اوٹھ کے مرحبا کہتا ہوا دوڑا اور بہت سے باتیں خوشامد کی کرنے لگا اور
کہنے لگا اے ابو عبد اللہ میں نے آپکو اسلیے تکلیف دی کہ آپکا قرض ادا کروں اور جو حاجت ہو
روا کروں یہہ کہکر ربیع کو تاکید کی کہ حضرت کو تین دن کے بعد مدینہ روانہ کردی
پھر آپکو بسلامت رخصت کیا قَالَ الرَّبِيعُ لَمَّا رَجَعْتُ مَعَهُ مِنْ مَجْلِسِهِ قُلْتُ
مَا قَرَأْتَ يَا سَيِّدِي ربیع کہتا ہے جب میں امام کو لیکر باہر آیا تو عرض کیا یا حضرت
تلوار و نطع بھی آپ نے دیکھی جو آپنے ملاحظہ فرمایا شقی نے آپ ہی کے قتل پر لگایا تھا
یا حضرت کیا ایسی دعا آپنے پڑھی جو اس ظالم کے شر سے محفوظ رہے حضرت نے فرمایا میں نے
یہہ دعا پڑھی يَا عُدَّتِي عِنْدَ شِدَّتِي وَيَا غَوْثِي عِنْدَ كُرْبَتِي احْرُسْنِي بِعَيْنِكَ
الَّتِي لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِي بِرُكْنِكَ الَّذِي لَا يُرَامُ ربیع کہتا ہے میں نے وہ دعا
حفظ کیا اور جس سختی و شدت میں پڑا اوس سے فوراً نجات ہوئی بعد اسکی ربیع نے اوس
منصور سے کہا تیرا غصہ مبدل بہ خوشنودی کیونکر ہوا اسکی وجہ سمجھ میں نہیں آتی کہتا تھا
کیا کہوں جب جعفر بن محمد علیہما السلام کے گھر میں سے سامنے آئے تو ایک اژدہا منہ پھیلا

وقت بیٹھا ہوا ظاہر ہوا اور بزبان فصیح گویا ہوا ای منصور اگر امام کو کچھ بھی تکلیف دے
تو تیرا گوشت ہڈی سے جدا کر دونگا اس خوف سے میں نے حضرت کی تعظیم کی اور کچھ
ایذا نہ دے سکا اسیطرح سے اس ملعون نے ایکمرتبہ جناب رسولخدا کو دیکھا اور ڈر کے
امام کو چھوڑ دیا مگر ایسا شقی تھا اور ایسی عداوت خاندان رسالت سے تھی کہ بار بار بلاتا تھا
تا اینکہ مرتبہ آخر میں حضرت کو بلایا اور ایک اژدہا کو دیکھا کہ دم اپنی اوسکی قصر کے
چاروں طرف سے کھینچی ہے اور ایک لب تہ زمین میں اور ایک بالائے قصر کی ہوئی ہے رکھی ہے
کہ اگر کچھ بھی ایذا امام کو دیگے تو بکبمع تیری قصر کے نگل جاونگا اور ملعون سے دیکھکر خائف
ہوا اور حضرت سے کہتی تھا آپنے کیوں زحمت کی جب حضرت نے فرمایا کہ جب حکم خدا و رسول
و تیری اطاعت کے آیا کرتی تھا کہ تا تونے غلطی کی خیر اب جب آپ تشریف لائے ہیں
تو جو حاجت ہو بیان فرمائے آپنے فرمایا مجھی بار بار نہ طلب کر اوسنے قبول کیا اور پھر دوبارہ
بغداد میں کبھو نہ بلایا مگر اسی تدبیر میں رہا کہ حضرت کو قتل کرے ایکمرتبہ ایک امیر کو
ہزار نفر اہل فوج سے دیکر روانہ کیا کہ خفیہ مدینہ میں جاکر حضرت کو مع آپکے فرزند کے قتل کرے

جب وہ بغداد سے مع اپنی لشکر کے خفیہ مدینہ میں داخل ہوا اور سیدنا حضرت نے دروازے اپنی در دولت کا

بند کروادی اور تمام اپنی اولاد کو مجتمع فرما کر خود عبادت میں مشغول رہا ہو جب وہ حضرت

کے دروازہ پر آیا تو اپنی ملازموں سے ان ساتوں کا سر کٹوا کے واپس گیا اور منصور نے

کہ میں نے تعمیل حکم کی یہ ہاتھ صاف کیا اسی دونوں یعنی امام جعفر صادق اور انکی فرزند کی سر میں

جب وہ کہ ہمیشہ کہ لگ گیا تو اسی وقت وہ سر تا قونکی تھی منصور نے کہا یہ کیا یہ تیری تلوار ہی

کیا کیونکہ جب میں انکی تلوار کے قریب ہوا تو میری سر میں ایک عجیب حالت طاری ہوئی اور نیم بیہوش

و ہاں یک ہو گیا فَرَأَيْتُ رَجُلَانِ قَائِمَانِ كَأَنَّهُمَا جَعْفَرٌ وَابْنُهُ میں نے دو شخص کو

دیکھا کہ کھڑی ہوئے ہیں وہ دونوں میری نظر میں امام جعفر صادق اور انکی فرزند معلوم ہوتے تھے میں نے

اپنی ہمراہیوں سے انکی سر جدا کرائی اور تیری پاس لایا اب معلوم ہوا کہ وہ معجزہ حضرت تھا

کہ تا کہ میری آنکھوں میں بصیرت انسان متحقق ہو گئی منصور نے کہا خبردار کہیں کسی سے کہا

نہ کہنا اور اس معجزہ پر کسی کو مطلع نہ کرنا راوی کہتا ہے کہ اس راز کو تا حیات منصور بیان نہ کیا

میں نے جب کل وہ شقی مر گیا اور حضرت کے معجزات میں سے یہ ہے کہ جس نے جلد تو بتا کی

کہ بذریعہ والیٔ مدینہ انگور زہرآلود ہلاک کرایا ششم ہجری ماہ شوال یا پندرہ رجب

بروایت مشہورہ ۶۵ برس کے سن میں شہید ہوئے   حسب روایت کافی مفضل

بن عمر ناقل ہیں کہ منصور نے حسن بن زید کو کہ اوس شقی کی طرف سے حاکم مدینہ تھا حکم

کہ حضرت کے گھر میں آگ لگا دیں اور آپ کو مع عیال کے جلادے   فالقی النار فی دار

ابی عبداللہ عم فاخذت النار فی الباب والدھلیز   آہ مومنین اوس شقی

نے حسب حکم منصور علیہ ... خانۂ جناب صادق عم میں آگ لگا دی یہانتک کہ آگ مشتعل ہوئی

اور در و دیوار کو گھیر لیا اور راہ آمد و رفت کی مسدود ہو گئی   فخرج یتخطی النار ویمشی

فیھا ویقول انا ابن اعراق الثری انا ابن ابراھیم خلیل اللہ   روی شیخ

کہ در روایت حضرت صادق عم آگ کو پامال کرتے ہوئے دو تیسرے باہر تشریف لائے اور فرماتے جاتے تھے

کہ میں فرزند اون بزرگوار کا ہوں جو بقای زمین کے بنیاد ہیں میں فرزند ابراہیم خلیل اللہ

ہوں کہ آتش نمرود کو خدا نے جنکے پر سرد کیا تھا یعنی ہم اہلبیت پر آگ حرام ہے

مومنین سنا آپنے کہ اعدا نے خانۂ جناب صادق میں آگ لگا دی اور راہ مسدود کر دی ہیں تو یہ سنیں

یہ سماں تو آبادی خیمہ میں تھا، لوٹ آتے کچھ لوگ آتے ابھی بے حجابی آگ کے شعلے فرو نہ

ہوئی تھی کہ کبھی ایک گھر اس یاد آیا تھا کہ جو صحرا میں تھا، اور بجز دشمنوں کی دوستوں میں سے

بجز ایک بیمار کے کہ وہ بھی غش پر غش آتی تھی باقی نہ تھا ہر شخص ضرور سمجھ گیا ہوگا کہ آہ

وہ خیمہ حسینی میں کہ جو سب سے جلتی ریگ پر نصب تھی آہ آہ، بعد شہادت مظلوم کربلا

جب ناریوں نے خیمۂ عصمت میں آگ لگا دی اور قناتیں جلنے لگیں تو جس طرف کی قنات

جلتی تھی اس طرف سے نبی بیبیاں مع اطفال کے خوف جان مضطر و پریشان دوسری جانب

جاتی تھیں جب وہاں تک پہنچتی تھی تو اور طرف گھیر لیتی تھیں یہاں تک کہ جب

کہیں جائے امن نہ ملی مجبور چار و ناچار طرف آگ شعلہ در پیش تو نکلے بیبیاں اور ننھی منی بچیاں بے مقنعہ و چادر

باہر نکل پڑیں اور وہیں ہجوم اعدا میں جسے جدھر راستہ ملا منتشر ہو گئیں مگر حضرت زینب

یہ حال تھا کہ کبھی امام زین العابدین کو کہ ایک خیمہ میں بیہوش پڑے ہوئے تھے اٹھاتی تھیں

ہائے ہمشیرہ و ہائے برادرہ کر کے گود میں اٹھا لاتی تھیں اور دو دو بٹھا دیتی تھیں

اور ایک خیمہ میں کہ نصف اس کا جل چکا تھا اور قریب تھا کہ جو خیمہ کہ ... باہر لا بٹھاتی تھیں

اور جب شعلۂ آتش سے تکلیف ہوتی تو ہٹ آتیں کسی نے عرض کیا اے ثانی ...

تھے اس خیمہ میں تیر بار بار جاتے ہیں اور سقف تک آگ پہنچ گئی تھی اور محمود خیمہ میرا
جاتا تھا ایسا ہو کہ آپ جلد ہلاک ہو جاوین قال یا ہذا فیہ ابنتی علیل فرمایا
اے شخص میں کیا کروں اس خیمہ میں ایک مرا بیٹا بیمار و ضعیف غش میں پڑا ہے اٹھنے کی
طاقت نہیں اور چھوٹے چھوٹے بچی جابجا منتشر پھرتے ہیں باہر نہیں نکل سکتی اور بے
کیونکر ہو سکتا ہے کہ اس وقت اپنی جان بچا کر آگ سے ہو جاوین اور بہائی کے بچوں کو چھوڑ دوں تا کہ
ضائع ہو جاتے ہیں اور عابد بیمار کو باہر لاتے ہیں آہ یہ بھی عجب قیامت کا وقت تھا اور عجب قیامت
[illegible]
دن لاوارثوں اور بیچارگی تھی حمید ابن مسلم کہتا ہے میں نے ایک لڑکی کو کہ اوسکا سن تین یا
چار سال کا ہوگا دیکھا کہ خیمہ سے بیتابانہ فریاد یا اباہ یا عماہ یا اخاہ کرتے ہوئی
نکلی اور ایک جانب دوڑی چلی جاتی ہے کانوں سے خون جاری ہے گوشہ پیراہن میں آگ لگی تھی
اور وہ معصومہ صغر سنی کی وجہ سے وہ نہیں بجھا نہیں سکتی تھیں آہ اوس بیقراری میں جب جلد دوڑتی
دوڑتی تھی تو آگ اور بھڑکتی تھی حمید کہتا ہے یہ حال دیکھکر مجھ سے ضبط نہ ہو دوڑ کر اوس
آگ کو بجھا دیا اور پوچھا مَن اَنتِ یا صَغیرۃ اے لڑکی تو کون ہے قالت انا سُکینۃ

بنت الحسینؑ اوس صاحبزادی نے روکر فرمایا میں سکینہ دختر حسین بن علیؑ

بروایتی وہ صاحبزادہ تہا جب وصل کرتے ہوئے آپ بہی دیکہا تو اوس معصوم نے اونسے

پوچہا کہ تو ہمارے دوستوں سے ہی یا دشمنوں میں سے ہیچ ڈر نے کہا نہیں میں

دوستوں سے ہوں مگر جو کام ہو فرمایئے آہ مومنین اوس نے کیا کہا ہوگی

کہ ہمکو نجف کا رستہ بتلادو اوسنے کہا اے صاحبزادی نجف چار کوس ہیگا فرمایا میں

اپنی جد علی ابن ابیطالب سے شکایت کرونگا جب امام کا پتہ نہ پایا تو معصومہ کہ زندہ

امام زین العابدین امام محمد باقر ہیں

منقول ابن زکی وشرف الخمر میں کمال الدین طلحہ سے منقول ہے کہ امام حسینؑ نے وقت وداع

جناب زینب سے یہ وصیت کی تہی کہ ای بہن میری شہادت کے بعد ہمارے بچوں کا بہت خیال

رکہنا اور یتیموں پر شفقت مادرانہ کرنا جناب زینب فرماتی ہیں کہ شہادت امام حسینؑ

اور خیموں جلنے کے بعد اسباب لٹنے وقت ہمارے بہائی کے اطفال صحرا میں متفرق ہوگئی تہی میں نے

حسب وصیت اپنے بہائی کے چاہا کہ ان بچوں کو جمع کروں انہوں میں حرف تلاش کرتے ادہر

آیا لکن ما وجدت طفلان لیکن شمار کرنے سے معلوم ہوا کہ دو صاحبزادے
آپ کے سن میں ہیں نے مضطرب ہو کر اپنی بہن ام کلثوم کو آواز دی ھلمی الینا ای خواہر
جلدی آؤ دونوں بچے بھائی کے نہیں ملتے پھر جناب ام کلثوم کو ساتھ لیکر قتلگاہ میں اس
خیال سے پہنچی کہ شاید اپنے باپ کی لاش سے لپٹے ہوں لکن ما وجدناھما فجئنا
الی الفرات مگر وہاں بھی نہ دیکھا مضطرب ہو کر ذرا آگے بڑھی وہاں بھی یہی حسرت
رہی فجئنا الی الصحرا لکن ما وجدناھما دونوں بہنیں روتی ہوئیں اور
پکارتی ہوئیں چلی جاتی تہیں اور کہتی تہیں الہی نہو کہ دونوں معصوم صدمہ ہوا سے جان بحق
ہو گئے ہوں اسی اثنا میں ہم دونوں بہنیں ایک مقام پر پہنچیں تو ایک سیاہی سی نمودار ہوئی
جب اوس سیاہی کی طرف روانہ ہوئے تو دیکھا کہ دونوں بھائی گردن میں ہاتھ ڈالے غش
دو جانب کئے بیٹھے ہیں میں نے ام کلثوم سے کہا ای خواہر قدم آہستہ اوٹھاؤ یہ دونوں یتیم
بچے مدت کے بیدار ہیں ایسا نہو کہ قدم کی آہٹ سے چونک پڑیں آہ جب قریب پہنچیں
تو معلوم ہوا کہ پیاس سے رخسارے زرد ہو گئی ہیں اور کچھ خاک اوڑ کر اون کی دہن میں بھر گئی
آنکھوں میں حلقے پڑ گئے ہیں آہ جب چاہا کہ ان کو اوٹھا کر خیمہ کی طرف لیجاؤں تو میں نے دیکھا

ش نے انکو رخصت دی دیکھا کہ اونکی روحین جسم سے مفارقت کر گئی ہین اور تشنگی سے
زبانین باہر نکل آئین ہین اور تربت یہ حال دیکھکر بآواز بلند رونے لگی اور کہا ہاے
بیٹو ہاے مظلوم یہ دونون معصوم اپنے باپ کے پاس سدہارے یہ کہکر دونون بیٹون کو اوٹہا کر
گود مین اٹہا کر مقتل مین لا کر لٹا دیا ۔

منقول ہی کہ بعد شہادت امام جعفر صادق عم منصور لعین ایسا سفاک اور دشمن آل رسول ہو گیا کہ ہمہ
سادات بنی فاطمہ کو قتل کیا چنانچہ کتاب عیون اخبار الرضا مین منقول ہی اِنَّ اَبَا جَعْفَر
نِ الْمَنْصُوْرِ بَنٰی جَامِعاً فِی الْبَغْدَادِ وَجَعَلَ اَسَاسَہٗ عَلَی السَّادَاتِ مِنْ آلِ
الرَّسُوْلِ کہ ابو جعفر منصور عباسی نے ایک مسجد جامع شہر بغداد مین بنوائی اور بنیاد اوسکی
ذریت واولاد جناب رسولخدا سے بہروائی اور علاوہ اس مسجد کے بہت سے مکانات بنوائی
اور تلاش کرکے سادات سے جو ہاتھ آیا اوسکو ستون مین لگا کر چنوا دیا
چنانچہ ایک روز ایک صاحبزادہ ماہ لقا حسنی کو ملازم منصور پکڑ لائے اوس شقی نے معمار کو
حکم دیا کہ اسی دیوار مین چن دے اور ایک اپنے معتمد علیہ کو تعین مقرر کیا کہ وہ بنی

یعنی زندہ اوس نوجوان کو صندوق مکان میں رکھ آوے جب گیارہ حصہ جسم شہر میں جنبش لگا

اوسکو اوسکی جوانی کے شباب پر رحم آگیا اور بہروز وہ لڑکا روتا تھا ہمسایوں نے ہاتھ سے کہا تم

زنت و رنج نہ کرو میں آپ سوار ہوا کہ آمد و رفت یہ وسیلہ رہی دنیا ہرگز وَاِذَا جَنَّ

اللَّيْلُ أَخْرِجْهُ مِنْ هٰذَا اے صاحبزادے جب رات ہو جاویگی اور تمہیں نہ جانیں گے جاویگی تو میں تجکو

آکر نکال لونگا پہر اوسنے حکمت عملی سے اوسکو تمہیں کے ساتھ چھپا دیا اور جب رات ہوئی

اور لوگوں سے مکان خالی ہوا تو وہ مرد آیا اور اوس قفل کو صندوق سے باہر نکالا وقال

مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ إِلَّا لِرِضَاءِ جَلَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَاحْفَظْ حُرْمَتِي وَاخْرُجْ

مِنْ هٰذَا اور کہتا تھا اے صاحبزادے میں نے خدمت اسواسطے کی کہ روز قیامت جدائی آپکے

مجھے دشمنی نہ دین لیکن اب آپ بھی کہ جان و مال و آبرو وسیلہ پر رحم کریں اور اسی وقت

اور اپنی جان بچا بہی ملامت نہ دین

اسی شہر سے نکل جاوین مبادا حنیفہ سے خبر پہنچے اور مجھے بے زن و فرزند قتل کرے فقال

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرَ الْجَزَاءِ وَامْشِ عَلٰى أَمْرِي اون صاحبزادے نے فرمایا خدا تجھے جزا

خیر دے اور میں انشاء اللہ تیری مروت کے موافق امیدوار ہوں جدا جاتا تھا لیکن ایک جہان گمبیر اور در

اور دوسرے مری جان کو مری سلامتی کی خبر دو ہیا اور سنہ الیقین بخوبی اطمینان اونکو دیجیو یہ بات

تیری بات کا اثر تو اعتبار ہے ہم کو یہ نشتر دیا اور وہ صاحبزادہ اوس شب باپ کے

سینے اوسکی چھتی میں دعا خیر کرتا تھا معلوم نہیں کسطرف نکل گیا صبح کو وہ بی بی اوٹھی دیکھتی

ہے کہ صاحبزادہ شب کو گئی تھی اوس مکہ میں گیا ناگاہ آہ و نالہ کی اوسکے کان میں آواز آئی

کہ وہ معظمہ منتظرہ اپنے فرزند کو یاد کرکے زار زار روتی ہیں اور سر اپنا دیوار پر دے مارتی ہیں

میں یہ سنتا تھا مجھے یقین ہوا کہ یہ اوسی جوان رعنا کی ماں رو رہی ہے میں نے دستک دی

آواز سنکر وہ بی بی روتی ہوئی دروازہ پر آئی میں نے کل ماجرا اوس سے بیان کیا اور زلفین دیکر

اوسکا اوسکی بابت تاکید کی جب اوس ستمدیدہ نے اپنے فرزند کی زلفین دیکھیں بیقرار ہو کر

آنکھوں سے لگائیں اور مجھکو دعا دی

کیونکر حضرت مقام تامل ہے کہ اوس معظمہ نے اتنا تو سنا کہ فرزند اوسکا بیدار نہیں ہوا بلکہ وہ

کسطرف کو چلا گیا مگر ہمیں اس مقام پر ایک اور صاحبزادہ حسنی کا حال یاد آگیا جو کہ

گہوارہ میں تھے ہی اونکی ماں پر کیا حالت گذری ہوگی جب اپنے فرزند اصغر نے شہید ہو کر دیکھا ہوگا

کتاب ارشاد و مجالس مفجعہ میں مرقوم ہے کہ جب جناب امام حسین پشت زین سے بروئے زمین تشریف

لائے اور اعدا نے آپکے قتل کا ارادہ کیا فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ مِنْ عِنْدِ النِّسَاءِ الخ

جناب عبداللہ فرزند امام حسن کہ جن کا سن   برس کا تھا بیتاب ہو کر خیمۂ حرم المحترم سے باہر نکلے

فَلَحِقَتْهُ زَيْنَبُ لِتَحْبِسَهُ فَانْفَلَتَ الصَّبِيُّ وَامْتَنَعَ جب جناب زینب نے اون بیتابی میں

اون کو تو تسکین کی صورت نہ تھی دیکھا سمجھیں اپنے چچا کی تنہائی نہیں دیکھا جاتا ہے گھبرا کر دوڑ کر

چلے روتی ہوئی سمجھانے کو گئی اور یہ خیال جناب زینب اور بھی بیتاب ہوئیں بیرون خیمہ آ کر دامن ماں کو

آغوش میں اوٹھا لیا اور چاہا کہ خیمہ میں واپس لے جاویں لیکن وہ بچہ ایسا مچلا کہ آغوش سے زمین پر آ رہا

وَقَالَ لَهَا يَا عَمَّتَاهُ وَاللّٰهِ لَا أُفَارِقُ عَمِّيَ الْحُسَيْنَ وَحِيْدًا فَرِيْدًا   اور اوس کہتا تھا کہ

میری جان بچتی رہے کی قسم خدا ایسے حالت بیکسی و تنہائی میں اپنے چچا کو تنہا نہ چھوڑوں گا بلکہ

اپنی جان اونحضرت پر سے نثار کر دوں گا یہ کہہ کر روانہ قتلگاہ ہوا   دو سنگین ستم شعار اور بے مروت

شقی نے تیر مطلق اوس کے خیال نہ کیا   چاروں طرف سے تیروں امام مظلوم میں آ پڑے   آہ بچہ نے

اوس کو نے دیکھا کہ ابجر بن کعب   وبرو ستی حربہ تلوار کہیں   موذب امام مظلوم لیقصد شہادت

آیا اور چاہا کہ حضرت پر سر پر مارے   اوس کی ہر سے نہ دیکھا گیا بیتاب ہو کر پکارا یا ابن الخبیثہ اتقتل عمی الحسین

کیا آپ ہی امام حسین کو تو شہید کرتا ہے ارے ظالم خوف خدا کر اور بچے بھی مظلوم کو ناحق قتل

نہ کر   فَمَا سَمِعَ اللَّعِيْنُ قَوْلَهُ وَضَرَبَ بِالسَّيْفِ   آہ بیچارہ اوس بے رحم نے

اوس نے بھی کئی گروہ فوج کا ہی فی النار کیا اور وہ ہاتھ جسمیں تلوار تھی بقصد شہادت عمرو نے

تلوار کھینچی کیا ہاتھ جسمیں کہ اوس صاحبزادے کی کہنی تک زمین پر گرا پھر بکمال بے دستی نازک

اپنا تلوار کے سامنے کر دیا تاکہ اپنی جان حضرت شمشیر سے بچاوے افسوس صد افسوس وہ بازو

اوس تیغ کے ہاتھ پر ایسے پڑی کہ حضرت جدا ہاتھ سے لٹکی اور وہ ہاتھ لٹکا اوسیمیں لٹکا رہا

فنادی یا عماہ قد قتلنی هذا الملعون عبداللہ اوس وقت بآواز بلند نے کہا

عرض کیا کہ چچا جان مجھے اس ملعون نے قتل کیا آواز عبداللہ سے حضرت نے غش سے آنکھیں کھول دیں

دیکھا کہ وہ پارہ پارہ دست بریدہ سوی قدم میں تڑپ رہا تھا اوس وقت آپ ادھر کو

کھینچ کر اسکے پر دست رکھی اور با وجود ضعف و ناتوانی سینہ سے لگا لیا اور فرمایا ہای نور عین تو بھی

سامنے یوں تشنہ شہید ہوا اور میں مجبور ہوں آہ مومنین حضرت اوس کے ماتم [illegible] رو رہے تھے

کہ حرملہ نے ایک تیر ستم نازنین عبداللہ پر ایسا مارا کہ اوسکی صدر سے وہ بچہ زمین پر گرا

دنیا سے سدھارا حضرت اٹھ گئے اور لاش اوسکی زمین پر رکھ دی

الا

(شہادت حسینی ہو تو یہاں تک شمر کا حملہ
حضرت کا ادھر حضرت تنہائی کے واسطے
کرنا)

ہجرت امامت امام موسی کاظم ع از حال ولادت وجہ تسمیہ کاظم ع و سبب صالح مشہور شدن

شمشیر برای ساحر علم ما فی الضمیر خبر از علم فرمودن علی ابن یقطین معجزہ شفیق بلخی شہادت حضرت

قید ہارون قصد قتل نمودن ہارون حضرت را و محفوظ ماندن آنحضرت زہر دادن یحیی زہر دادن بوجود

امام رضا ع در غسل و حال دفن حضرت

قال اللہ تعالی اَللّٰہُ یَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ حق سبحانہ تعالی سورہ انعام

میں ارشاد فرماتا ہے کہ خدا بہتر جانتا ہے اوس شخص کو جو رسول ہونیکی قابلیت رکھتا ہے صاحب تفسیر

منہج الصادقین شان نزول اس آیہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ ولید بن مغیرہ نے جناب رسولخدا کی خدمت

میں عرض کی کہ اگر نبوت امر حق ہے تو میں آپ سے زیادہ اس عہدہ کا سزاوار ہوں کیونکہ آپ سے

عمر میں مال میں جمعیت میں سب چیزوں میں زیادہ ہوں اوسوقت خداوند عالم نے یہ آیہ اوسکے جواب

میں بطور وحی خدمت میں اپنی حبیب کے بھیجی کہ خدا بہتر جانتا ہے جو صلاحیت رسول ہونیکی رکھتا ہے

یعنی سبب حسب نسب کثرت مال و فرزند کے عمر و فرزند و جمعیت پر موقوف نہیں بلکہ جسمیں حق تعالی یہ

قابلیت و صلاحیت رسالت دیکھتا ہے اوسیکو اس خدمت پر سرفراز و ممتاز فرماتا ہے

مومنین جس طرح امر رسالت میں اوسیطرح امر امامت بھی ہیں کیونکہ جس طور سے کہ مرتبہ رفیعہ حسن تدبیر

وسداد موافق حکم الہی کے حسب شریعت کہ میں تقسیم کرنا اور نواہی وتباہی وعلم و تمدن کو

بذریعہ اوامر ونواہی حضرت باوشاہ میں جل جلالہ بانہ رکھنا کام نبی ہی اسیطرح سے

مثل نبی امر عصمت ونیز دیگر صفات میں بغیر رتبہ نبوت سب پر فوقیت رکھتا ہو بموجب احادیث

و آیات باہرہ سے اظہار اثبات من عند اللہ کرکے قاعدہ سنت واحکام شریعت کو

مختل ومعطل ہونے دینا کام امام علیہ السلام ہے بنا بر اسکی لایق وقابل ہوتا ہی وسکیو جانب حق

سے یہ منصب جلیل عطا ہوتا ہے امام جعفر صادق علیہ السلام کے بعد فرقہ اسمعیلیہ نے اسمعیل ابن جعفر

کو امام جانا اور فرقہ امامیہ اثنا عشریہ بعد امام جعفر صادق علیہ السلام امام موسی کاظم کو امام برحق

سمجھتی ہیں کیونکہ علاوہ اسکی کہ کتب تواریخ سے موت جناب اسمعیل سابق حضرت امام جعفر صادق کے

ثابت ہی امام موسی کاظم علیہ السلام عادات واخلاق وفضایل ومناقب ابتدای ولادت سے

آخر عمر تک شاہد ہیں کہ آپ اپنی پدر بزرگوار کے جانشین ہیں کیونکہ جو امور کہ آپ سے بطور

باہر کات کے مورخون اور اہل سنت نے لکھی ہیں وہ بغیر امام برحق دوسرے سے ممکن نہیں چنانچہ

کتاب صلاح العیون میں ابو بصیر سے منقول ہی کہ میں ایک امام جعفر صادق کی

حج میں منزل ابوا پر تھا کہ حضرت نے کھانا طلب کیا خادموں نے طعام لطیف حاضر کیا ہم لوگ کھانے میں

مشغول تھے کہ ایک شخص خاتون معظمہ حمیدہ بربریہ زوجہ امام جعفر صادق کی طرف سے حضرت کے پاس آیا

کہ حمیدہ درد زہ میں ہیں کیونکہ میں اسوقت حمل کے علامات ظاہر ہوئے ہیں جو کہ آپنے فرمایا تھا کہ یہ فرزند تمہارا دیگر

فرزندان سے ہوگا اور وقت ولادت مطلع کرنا لہذا اطلاع کرتی ہوں ابو بصیر کہتے ہیں کہ حضرت

خوش ہوکر اوٹھے اور تھوڑی عرصہ کے بعد خندان و شادان آستینیں الٹی ہوئی تشریف لائے

میں نے عرض کیا خدا آپ کو ہمیشہ خوش رکھے حال خاتون معظمہ کیا ہے فرمایا خدا نے مجھے فرزند عطا فرمایا اور

حمیدہ نے ایسے امور بیان کئے جن میں مجھ سے واقف تھا اور جو اسرار ہونا ابو بصیر عرض کیا

یا حضرت مجھ کو بھی مطلع فرمائیے حضرت نے کہا کہ مولود کی ماں نے کہا جب یہ فرزند پیدا ہوا تو اسنے

دونوں ہاتھ زمین پر رکھے اور ہاتھ جانب آسمان بلند کئے اے ابو بصیر یہ علامت امام کی ہے

اے ابو بصیر جس شب اسکا نطفہ منعقد ہوا تھا اوس شب کو ایک فرشتہ نے ایک جام شربت

کہ جو پانی اور دودھ سے خنک تر اور مسکہ سے نرم شہد سے زیادہ شیرین برف سے زیادہ

خنک تھا مجھے دیا اور میں نے حمیدہ سے مقاربت کی اور نطفہ اس مولود مسعود کا اوسی شربت سے

پیدا ہوکر اوسکی رحم میں منعقد ہوا اے ابو بصیر خوب بیان ہو کہ بعد میرے یہ امام ہوگا کیونکہ

پیدائش اور القاب و لقب امامؑ کی بیچ حالات میں

مرتبین ولادت باسعادت آپکے منزل ابوا میں جو درمیان مکہ و مدینہ میں ساتوین ماہ صفر روز یکشنبہ سنہ ۱۲۸ ہجری میں ہوئی اور از روئے وصیت حضرت آپکے پدر بزرگوار امام ہوئے تاریخ شہادت

ز روی وصیت بہ امر شدید	امامت بموسیٰ کاظم رسید
شہنشاہ دین سرور خاص و عام	امام است ہفتم میان انام
بہ علم و فضیلت چو شیر خداست	وصی پدر نایب مصطفیٰ است
ز القاب مشہور آن شہریار	بود کاظم از لطف پروردگار

گو آپکے کنیت ابوابراہیم و ابوالحسن و ابوعلی ہیں مگر کاظم و عبد صالح زیادہ تر مشہور ہے چنانچہ وجہ تسمیہ دونوں اسماء کا عرض کرتا ہوں کہ کاظم کی معنی لغت میں ضبط کرنیوالے کے ہیں چونکہ ہمارے حضرت امام موسیٰ کاظمؑ ظلم و ستم اعدا بہت تحمل فرماتے اور اکثر سجدہ شکر و عبادت پروردگار عالم میں مشغول رہکر ایسے ضعیف و ناتوان ہوگئے تھے کہ حالت سجدہ میں دور سے یہ معلوم ہوتا کہ کوئی چادر سفید دور پڑی ہوئی ہے اسوجہ سے آپکا لقب کاظم مشہور ہوا۔

ومن الفضل ما شهدت به الاعداء فضل و بزرگی اوس کی یہاں تک ہے جسکو اعدا

بھی مانتے ہیں سید عبداللہ فردوسی روایت کرتے ہیں کہ میں ایکروز کسی ضرورت سے

فضل بن ربیع کے پاس کہ جس مکان میں ہارون نے حضرت کو قید کیا تھا گیا جب اوسکی نظر

مجھ پر پڑی طلبنی وقال انظر من هذا البیت مجھے اپنے قریب بلایا اور چونکہ

بالاخانہ پر بیٹھا تھا اوسنے مجھ سے کہا کہ اس سوراخ کے ذریعہ سے نیچے مکان میں دیکھ کیا دیکھتا ہے

فقلت لم ار الا الثیاب میں نے کہا مجھکو بجز کپڑے کے اور کچھ نہیں معلوم ہوتا فقال

انظر بنظر دقیق کہنے لگا ذرا خوب غور سے دیکھ عبداللہ کہتے ہیں جب میں نے غور سے دیکھا

تو یہ معلوم ہوا کہ کوئی سجدہ میں ہے فضل نے مجھ سے کہا یہی ہستی ہیں جو ہارون نے مجھے سپرد کیا

کہنے لگا تمہارے مولا ہیں میں نے کہا میرا مولا کون ہے کہنے لگا مجھ سے تجاہل کرتے ہو میں نے کہا

ای امیر مجھکو تجاہل کی کیا ضرورت ہے کہنے لگا یہ موسی بن جعفر ہیں ای عبداللہ میں رات دن

انکی حالت کا متلاشی رہتا ہوں مگر بجز اس حال کے دوسری کیفیت وحالت معلوم نہیں ہوتی

بعد نماز صبح تا طلوع مشغول وظائف رہتے ہیں پھر سجدہ میں چلے جاتے ہیں یہانتک کہ زوال شمس ہوتا ہے

اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی کو اس کام پر مقرر کیا ہے کہ جب زوال شمس ہوتا ہے مطلع کرتا رہتا ہے سر سجدہ سے اٹھا کر

بغیر تجدید وضو نماز نوافل و فریضہ ظہرین میں مشغول ہوتے ہیں اور یہ دلیل اسکی ہے کہ خواب

میں نہ تھی بعد طول سجود تھا اور بعد فراغ نماز ظہرین پھر سجدہ کرتے ہیں یہانتک کہ آفتاب غروب

ہو پھر اور مرتبہ بلا تجدید وضو نماز مغرب و تعقیب میں مشغول رہکر نماز عشا سے فراغت کرکے

افطار کرتے ہیں اور ہر مرتبہ البتہ تجدید وضو فرماتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں جب سر سجدہ سے اٹھاتے ہیں

تو تھوڑی دیر بستر خواب پر آرام کرتے ہیں اور بہت ہی تھوڑی دیر آرام کرکے پھر نماز میں

مشغول ہو جاتے ہیں یہانتک کہ صبح ہوتی ہے) ای عبد اللہ جب سے مری پاس آئے ہیں یہی عادت ہیں جنکو بیان کرچکا

اور ہرگز تغیر نہیں دیکھا۔ (عبد اللہ کہتی ہیں جب میں نے یہ کلام سنا کہا کہ خوف خدا کر

اور کسی قسم کا ارادہ بد کا اون حضرت کی نسبت مت کر ورنہ کہیں تیری نعمت میں تغیر ہو جائیگا خدا

فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ خدا کسی کی نعمت

کو تغیر نہیں دیتا تا وقتیکہ خود باعث زوال نعمت کوئی امر نکریں)

بروایت دیگر جب ہارون نے خفیہ طور پر حالات بچشم خود دیکھی تو کہا اِنَّهٗ مِنْ رُهْبَانِ

وَالْعُبَّادِ مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ کہ بیشک وہ رہبان و عباد بنی ہاشم سے ہیں

اس طور سے وجہ مشہور ہے جو حضرت میں بہ لقب عبد صالح ابن شہر آشوب علیہ الرحمۃ نے کتاب انوار

جلاء العیون

سے روایت کی ہے لما کان ع فی حبس ھارون بعث الیه جاریة حسنة

کہ جس زمانہ میں حضرت قید ہارون میں تھے اوس لعین نے ایک کنیز کو نہایت حسین وجمیل تھی

آپکی خدمت کیواسطے قید خانہ میں بھیجا شاید حضرت کو اوسکی جانب خواہش ہو تاکہ

(معاذ اللہ) بدنام کرکے لوگوں کی نظروں سے آپکی وقعت کم کردے غرض جب ملازمان ہارون

اوس کنیز کو آپکے گھر میں لے گئے قال لیس لی حاجة الیها حضرت نے ارشاد فرمایا کہ

مجھکو ایسی چیزوں کی ضرورت نہیں ہے اور نہ چنداں قدر ہے وقعت وعزت اسکی نہیں کہ جب

جاتی ہو جب یہ خبر ہارون کو پہونچی کہنے لگا کہ ہمنے تمکو تمہاری خواہش پر قید نہیں کیا

اور نہ تمہارے نزدیک قدر وتمہارے کا ہمیں کچھ لحاظ ہے یہ کنیز تمہارے پاس ضرور رہیگی

غرضکہ اپنی کنیت سے رکھ کر میں اوترا کہ دیکھوں کنیز میں اور حضرت میں کیا ہوا ایک خادم کو

خفیہ بھیجا کہ خبر لاوے جب خادم واپس گیا تو جاکر کہا کہ وہ تو سجدہ میں پڑی ہوئی ہے

اور بار بار قدوس سبحانک کہہ رہی ہے ہارون نے کہا معلوم ہوتا ہے کہ موسی بن جعفر

نے اوسپر جادو کردیا اوسے بلاؤ جب وہ کنیز لائی گئی تو اوسکی تمام بدن میں لرزہ

تھا ہارون نے کہا یہ تیری کیا حالت تھی جواب دیا کہ کیا کہوں عجب حال تھا جب مین حضرت کے
پاس گئی تو برابر عبد صالح کو مشغول نماز پایا تا اینکہ مجبور ہو کر مین نے خود کہا کہ آپ مجھ سے کسی خدمت کو
کیون ارشاد نہین فرماتے عبد صالح یعنی حضرت نے جواب دیا لَیْسَ لِیْ حَاجَةٌ اِلَیْکِ مجھکو
تیری ضرورت نہین تھی مین نے عرض کیا کہ آخر مجھکو آپ ہی کے خدمت کیواسطے بھیجا ہے اور تب آپ
نے ایک جانب کیطرف اشارہ فرما کے ارشاد فرمایا کہ یہ جانب کی جانب کس کی مین جب ادھر
اوسطرف نظر کیا تو بہت سے باغ دیکھی کہ جنکی انتہا بھی معلوم نہین ہوتی اقسام اقسام کے ریاحین وغیرہ سے
رکھتا عقل نظیر دنیا مین نہین
آراستہ تھی اور بہت سے حور و غلمان حریر و دیبا کے تیار پہنی ہوے تاج مکلل و مرصع اقسام
جواہر سے سر پر رکھی ہوے بعض اونین سے طعام و میوہ ہاتہ پر لیے بعض گلدستہ و بریق ہاتہ میں لیے
ہوے خدمت حضرت کیواسطے مستعد ہین فَوَقَعْتُ مُغْشِیًّا وَسَجَدْتُ مین اس حالت کو
دیکھکر بیہوش ہوگئی اور سجدہ مین تھی کہ تیرا خادم مجھے بلالایا ہارون نے کہا اے خبیثہ شاید
کہ تو سجدہ مین سوگئی اور خواب مین سب دیکھا قَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا رَأَیْتُ قَبْلَ السُّجُوْدِ
ثُمَّ سَجَدْتُ مُتَعَجِّبًا اوس نے کہا قسم خدا کی یہ سب مین نے قبل سجدہ دیکھا تھا اور بعد اوسکے
دیکھتی ہی دہشت و خشیت عظیم عارض ہو کر رعب سے مین سجدہ مین چلی گئی ہارون نے سنکر

جو کچھ ہاتھ میں نہ بچا تھا اور ایک غلام سے کہا کہ اس کنیز کی حفاظت کر اور اس تعہد کا
ذکر سے نہ نکلے راوی کہتا ہے کہ وہ کنیز ہمیشہ مشغول نماز رہتی اور عبادت خداوند عالم میں
لگی رہتی فقال لها الهارون يوما ما السبب فيما لك في الصلوة ہارون
نے اوس سے ایک روز کہا کہ تیری اسقدر نماز میں مشغول رہنے کا کیا سبب ہے قالت رایت
عبد الصالح يصلي دائما فاتبعه کہنے لگی میں نے حضرت عبد صالح کو ہمیشہ مشغول نماز
پایا لہذا میں اونکی متابعت کرتی ہوں ہارون بار بار عبد صالح کے نام سے غضبناک ہوا اور
کہنے لگا کہ یہ نام تونے کہاں سے معلوم کیا جواب دیا کہ اون کنیزوں اور حوروں سے کہ اون باغ بہشت
میں دیکھا تھا سنا ہے جب میں نے خدمت میں اسکی عرض کیا کہ او بزرگوں نے مجھکو تابع بندہ کیا
کہ تو عبد صالح سے کیا خواہاں ہے اگر یہ ہمارا خاص کام و خاص خدمت ہے اور ہم اونکی خاص خادم
ہیں تیرا کیا منصب ہے کہ ایسی عزت اوس جناب سے کرے لہذا میں نے جانا کہ لقب اقدس
اون بزرگ کا عبد صالح ہے راوی کہتا ہے کہ ہمیشہ سے وہ کنیز تا حیات خود مشغول عبادت
رہی تا آنکہ دنیا سے رحلت کی مرسین نے شہادت نے حال امام ہمام امام موسی کاظم علیہ السلام
کہ یہ لقب آپکا اہل بہشت و آسمان میں مشہور ہے اور کہہ رہا آپکی عبادت تقرب بارگاہ خداوندی

اسیلیے بقدر اختیارات از جانب خدا عطا ہوئی ہیں کہ جس چیز میں جس مادہ میں جس شکل میں
اگر ارشاد فرما دیں تو فوراً حکم قضا و قدر اوس کل وجود پر ہو جاوے کیونکہ خدا حدیث قدسی میں
ارشاد فرماتا ہے عَبْدِي أَطِعْنِي حَتَّى أَجْعَلَكَ مِثْلِي اے میرے بندے میری اطاعت
و عبادت کر تاکہ میں تجھکو اپنی مثل کا کر دوں یعنی تیرا حکم ہو دمیں اسکے حکم سے مثل میرے
فرمان کے ہو جاوے جیسا کہ علی بن یقطین کی کتاب میں اخبار رضا سے آپ کا معجزہ بہ نسبت شیر
مرقوم ہے کہ ہارون رشید نے ایک شخص ساحر اپنی مجلس میں اس غرض سے بلایا کہ وہ
بذریعہ اپنی سحر کے آپ کو مجمع عام میں شرمندہ کرے اور دسترخوان بچھوا کر اپنی قریب امام کو
بٹھایا اور اوس ساحر سے اشارہ کیا فَكُلَّمَا رَامَ أَحَدٌ بِهِ الْإِمَامُ مَدَّ لِتَنَاوُلِ رَغِيفًا
طَارَ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ فَفَرِحَ هَارُونُ اوس نے یہ تمسخر کیا کہ جب حضرت کسی روٹی پر دست مبارک
ڈالتے تو وہ گردہ نان ہاتھ سے نکل اوڑ جاتی یہ حال دیکھکر ہارون ملعون اور اوسکے
رفقا کی قہقہہ مار ہنسی پڑی فَرَفَعَ الْإِمَامُ رَأْسَهُ عَلَى أَسَدٍ مُصَوَّرٍ عَلَى
بَعْضِ السُّتُورِ اوس وقت شیر بیشہ حیدری و اسد میدان صفدری کو جلال آگیا
اور سر اوٹھا کر آپ نے تصویر شیر کیطرف کہ ایک پردہ پر کھنچی ہوئی تھی نظر کی

فقال له یا اسد الله خذ عدو الله اور فرمایا ای شیر خدا کیا دیکھتا ہی اس ساحر

دشمن خدا کو قتل کر راوی ہی ہاشم والد ہین نی دیکھا کہ حضرت کی ارشاد فرماتی ہی وہ تصویر

شیر صحرائی ہو کر اوس ساحر ملعون کو چیر پھاڑ کر نگل گیا ہارون بوادسکی رفقا کی

سب کے سب بیہوش ہو گئی اور جب غش سے افاقہ ہوا تو حضرت سے عرض کرنے لگا سالتک

بالله ان تامر بالصورة ان ترد الرجل ای فرزند رسول آپ خاندان رحمت

سے ہین رحم فرمائیے اور خدا کیواسطی اس شیر مصور کو ارشاد ہو کہ اس ساحر کو اوگل دی

حضرت نے ارشاد فرمایا لو کانت عصا موسی ردت ما ابتلعته فهذه

الصورة ایضا تردہ اگر عصاء حضرت موسی علی نبینا و علیہ السلام رسیمان ساحران فرعون کو

اوگل دیتا تو ممکن تھا کہ یہ شیر مصور بھی اوس ساحر کو اوگل دیتا یہ سنکر ہارون نے

ہارون علم ہمارے اوپر بصورتین کا تمام ہو دین بجا ہے بہتر ہا ہی اور یون تحفات خدا مین بطور تا مد ...

وله ابدع ما نعقله من عقول و نفوس و صور

رفائی علام نے اوسکی ترقی ہر ایک چیز کو خواہ وہ عقول یا نفوس یا صورت ہوں

نور حکمت سے ظاہر فرما دیا اور آپکا مرتبہ نظر خلائق مین دوبالا کر دیا

[illegible]

مَنْظَرُهَا الْوَاجِبُ وَمَا الْمُمْكِنُ صُوْرَتُهُ اَلْجَاعِلُ مَا الْمُتَظَهِّرُ

سبحان اللہ یہ ذات ممکن ہی کہ تمام واجب الوجود کا فرماتے ہین اور یہ ایسی صورت بمنزلہ ہی کہ ذات

کمالات کا مرئی ہے مَا هُوَ اللّٰهُ وَلٰكِنْ مِثْلًا نِعْمَةُ اللّٰهِ كُنَّا وَجِه

شاعر ہستی مین ہمہ سن کہتا ہے وہ خدا ہین تاکہ مری اعتقاد مین خلل آوی مگر ہان یہ تو فرمایا

کہو کہتا کہ انہین صفات خدائی ایسے ساتھ ساتھ ہین جیسے پتھر سنگ چقماق مین آگ ساتھ ہے

اللہ اکبر یہ مین کہا تک آپکے اوصاف حمیدہ و صفات پسندیدہ کا ذکر کیا جاوے ایک دفتر طویل

کافی نہین ہو سکتا اور غیب سے قبل اب وجد کی ایسے ہا ہر دو واقف تھی کہ گویا گذرگی بات ہے

بعض مومنین معتقدین سے وہ امر تعلیم فرماتے کہ گو بظاہر مردہ تھی مگر نتیجہ اوسکا بہت بہت

اچھا ہوا چنانچہ بحار مین علی ابن یقطین اسدی سے کہ محب و معتقدین امام موسی کاظم

تھا اور وزیر ہارون تھا منقول ہی کہ ایکمرتبہ اونے حضرت کے خدمت مین انہی لوگون

کی عرضی بھی اُخْتُلِفَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الرِّجْلَيْنِ فَاِنْ رَأَيْتَ اَنْ تَكْتُبَ

مَا يَكُوْنُ عَلَيْهِ یا ابن رسول اللہ بیان مسح پا مین حضرت ہی امیدوار ہون کہ حالیہ

وضو میں جو حضرت کے نزدیک صحیح ہو ارشاد فرمائیے کہ میں اوسکے موافق عمل کروں
حضرت نے جواب میں تحریر فرمایا کہ تین مرتبہ کلی کر اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈال اور تین مرتبہ
منہ دھو وَخَلِّلْ شَعْرَ لِحْيَتِكَ ثَلَاثًا وَتَغْسِلُ يَدَيْكَ ثَلَاثًا وَتَمْسَحُ ظَاهِرَ اُذُنَيْكَ
وَبَاطِنَهُمَا وَتَغْسِلُ رِجْلَيْكَ ثَلَاثًا وَلَا تُخَالِفُهُ اے علی بن یقطین تم تین
مرتبہ منہ دھوئیگی تین مرتبہ اپنی ریش میں خلال کرنا اور تین مرتبہ ہاتھ دھونا اور ظاہر و
باطن کانونکا مسح کرنا اور پیر دونوں پیروں کو تین مرتبہ دھونا خبردار اسکے خلاف ہرگز نکرنا
جب یہ جواب حضرت اونکے پاس پہونچا تو حسب ارشاد امام اسی طرح وضو کرتا رہا ہارون رشید نے
ایک مرتبہ اپنے دل میں کہا يَقُولُونَ اَنَّهُ رَافِضِيٌّ وَالرَّافِضِيُّ يُخَفِّفُونَ فِي الْوُضُوءِ
لوگ کہتے ہیں کہ علی بن یقطین رافضی ہے آج دیکھوں کہ وہ وضو کسطرح کرتا ہے اگر رافضی جیسا
روافض وضو میں تخفیف کی تو سمجھونگا کہ لوگونکا کہنا صحیح ہے یہ سوچکر اوس روز
اور کسی کام میں علی بن یقطین کو ایسا مصروف کیا کہ وقت نماز آگیا فَوَقَفَ الرَّشِيدُ
وَرَاءَ حَائِطِ الْحُجْرَةِ بِحَيْثُ يَرَاهُ وَلَا يَرَاهُ هُوَ وَقَدْ بَعَثَ اِلَيْهِ بِالْمَاءِ لِلْوُضُوءِ

ہارون رشید پس دیوار اس طرح سے کھڑا ہوا کہ علی بن یقطین کو دیکھے اور وہ اس کو نہ دیکھے مگر

خادم سے حکم لیا کہ وضو کے لیے پانی لا دیوے اونہوں نے جیسا کہ فرمان امام موسیٰ کاظم کا

تھا مثل اہل سنت وضو کیا قَالَ کَذِبَ مَنْ زَعَمَ اَنَّہٗ رَافِضِیٌّ ہارون رشید نے کہا

کہ جو لوگ اس کو رافضی کہتے ہیں محض غلط ہے اب کبھی کسی کا کہنا اس کے حق میں نہ مانوں گا

مومنین ایسی امتحان تمام ہوا کہ اوسوقت شقہ خاص حضرت علی بن یقطین کے پاس ہوئی

اَنْ تَوَضَّاْ مِنَ الْاٰنِ کَمَا اَمَرَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اوسمیں لکھا تھا کہ اسوقت سے

وضو اس طرح سے کرنا جیسا کہ حکم خدا و رسول ہے کہ ایک مرتبہ منہ بہ نیت وضو دھونا اور بعد ازاں

ہاتھوں کو کہنیوں سے تا سر انگشتان بہ ترتیب دھونا وَامْسَحْ بِمُقَدَّمِ رَاْسِکَ وَظَاہِرِ قَدَمَیْکَ

مِنْ فَضْلِ نَدَاوَةِ الْوُضُوْءِ فَقَدْ زَالَ مَا یُخَافُ عَلَیْکَ بعد اس کے مقدم سر اور

پشت قدمین پر باقی تری سے مسح اوس تری سے کرنا جو منہ اور ہاتھوں پر رہی ہو

اب اس طور سے وضو کرنا کہ اب محل خوف باقی نہیں اور خدشہ رفع ہو گیا

مومنین بہ تحقیق اس کے دوست تردد میں تھے اور [illegible] جیسا کہ کتاب علل [illegible]

دوست نہ بیند بجز آن یک ہنر   مؤلف کی روایت مخالف کی نزدیک چنداں قابل اعتقاد
نہیں رہتی بقول سے   چشم بد اندیش کہ برکندہ باد   عیب نماید ہنرش در نظر   دریافت
و معلوم فرمایا ما فی الضمیر غیر کو حضرت نے   ایک عالم ہیں ابن جوزی حنبلی سے مروی ہے کہ ابراہیم نے
شقیق بلخی سے روایت کی ہے   کہ جب گیا واسطے [illegible] کے میں ہمراہ حجاج کے بقصد حج شقیق
روانہ ہو کر منزل قادسیہ پر پہنچا   فَرَاَیْتُ شَابًّا حَسِیْنًا فِیْ هَیْئَةِ الْمُتَصَوِّفِیْنَ
دیکھا کہ ایک جوان زیبا صورت گندم گوں لباس پشمینہ پہنی تھا سب سے علیحدہ ایک طرف اکیلا بیٹھا ہے
دل میں تھا میں   میں سمجھا فرقہ صوفیہ سے کوئی شخص ہے چاہتا ہے کہ درویشی کے لباس میں
لوگوں سے مال حاصل کرے اور بے طرح بیٹھا ملک کا کھاوے   مجھ سے اس بات شاق ہوا چاہا کہ جا کر
سمجھاؤں اور سرزنش کروں   جب اس ارادہ سے نزدیک پہنچا اوس مرد با خدا نے نظر اوپر اٹھا کے
اور ہر چند مجھ سے شناسائی نہ تھی مگر نام لیکر فرمایا   یَا شَقِیْقُ اِجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِنَ الظَّنِّ
اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ   اے شقیق کیا تو نے قرآن میں یہ آیت نہیں پڑھی کہ حق تعالے
ارشاد فرماتا ہے اکثر ظن سے پرہیز کرو کیونکہ بعض ظن و گمان خطا و معصیت بھی البتہ ہوا

کہ میرا گمان صحیح تھا یہ تو کوئی نہایت ہی مقرب بارگاہ الٰہی ہیں کہ جو کچھ میرے دل میں تھا بتلا دیا

اوسکی خود ہی مجھکو جواب دیدیا یہ امر دونوں میں گذرتے ہی وہ بزرگوار نظروں سے غائب

ہوگئے فَتَحَسَّسْتُ لِلْعُذْرِ میں تلاش میں ہوا کہ اگر ملجاتے تو اپنی بدگمانی کا عذر کرتا مین

ہر چند برابر یہی خیال رہا یہانتک کہ منزل واقصہ پر آیا دیکھا کہ وہی بزرگ حالت نماز

میں حضور قلب سے مصروف ہیں اور عجب حالت ہے کہ خود تو نماز میں مشغول ہیں مگر خوف

سے تمام بدن تھل تھل لرزاں ہے دونوں آنکھوں سے دو نہریں اشکوں کی جاری ہیں میں دل میں

خوش ہوا کہ اب چلکے اپنی تقصیر کی عرض کروں جب نماز سے فارغ ہوئے میری طرف دیکھا

ہنوز کچھ کہنے نہ پایا تھا کہ فرمایا یَا شَقِیقُ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنِّی لَغَفَّارٌ لِمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ

وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اھْتَدٰی ای شقیق خداوند تعالی نے فرمایا ہے میں اون لوگوں کا مغفرت کرنیوالا

ہوں جنہوں نے گناہوں سے توبہ کی اور ایمان لائے نیک عمل کئے اور راہ حق پر ثابت قدم

یہ حالت دیکھکر میں اور زیادہ متحیر ہوا کہ یہ بزرگ بیشک ابدال و اوتاد سے ہیں کہ دوبارہ میرے

ما فی الضمیر سے آگاہ ہوگئے بہرکیف جب منزل زبالہ وبروزن نازلہ پر پہنچا پھر اوسی مرد

خداشناس کو دیکھا کہ ایک کنوئیں پر ڈول لئے ہاتھ میں کھڑے ہیں چاہتے تھے کہ پانی بھر دن

ڈولچی کنوئیں میں گر پڑی اور شوق میں دیکھا کہ سر آسمان کی طرف بلند کرکے عرض کیا
اَنْتَ رَبِّي اِذَا ظَمِئْتُ اِلَى الْمَاءِ وَقُوْتِي اِذَا اَرَدْتُ الطَّعَامَ يَا سَيِّدِي مَالِي
سِوَاكَ ای پروردگار جب میں پیاسا ہوتا ہوں تو تو ہی سیراب کرنے والا ہے اور جب بھوکا ہوتا ہوں
تو روزی پہنچانے والا بھی تو ہی ہے تیرے سوا کوئی دوسرا وسیلہ نہیں شقیق کہتا ہے قسم خدا
دیکھا میں نے کہ پانی اوس کنوئیں کا بلند ہونے لگا یہاں تک کہ لب چاہ آیا اوس جوان نے اپنی
ڈولچی بھر لی اور وضو کرکے اوسی جگہ چار رکعت نماز پڑھی بعد اوسکے ریگستان میں ایک ٹیلہ پر
بیٹھ گئے اور تھوڑی ریگ اوٹھا کر ڈولچی میں ڈالی اور بے تکلف نوش فرمانے لگے یہ حال دیکھ کر
پر تعجب نہایت گذشتہ سے بھی زیادہ ہوا عرض کیا ای بندہ مقبول داور آپ پر بعجب تفضل خدا
ہی اور ایسے مرتبے عالیہ خدا نے مرحمت فرمائے ہیں یہ سنکر ارشاد فرمایا یَا شَقِيْقُ لَمْ تَزَلْ
نِعَمُ اللهِ عَلَيْنَا ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً فَاَحْسِنْ ظَنَّكَ بِرَبِّكَ ای شقیق ہم بندوں پر
خدا کی نعمتیں ظاہر و باطن ہمیشہ سے ہیں اپنے خدا سے ایمان کو درست رکھ بعد اوسکے جو کچھ نوش
فرماتے تھے اوسمیں سے تھوڑا سا مجھے بھی مرحمت فرمایا جب پیش کیا تو شکر ملا ہوا
ستو تھا بہت ہی لذیذ و خوشبودار تھے تمامی عمر نہ کھائی تھی اوسکے کھانے سے ایسا سیر ہوا

کہ چند روز تک کہانے اور پانی کی خواہش نہوی پہر آسمانو راہ مین کہین بیٹہی اور اوس بزرگ کو

ندیکہا تا آنکہ داخل مکہ ہوا فَرَأَيْتُ فِي نِصْفِ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا مین شب کو مشغول طواف

کہ اونہین بزرگ کو دیکہا کمال خضوع و خشوع سے زیر میزاب نماز مین مشغول ہین اور اسیطرح

صبح تک عبادت خدا مین مصروف رہی فَلَمَّا أَصْبَحَ تَطَوَّفَ وَخَرَجَ مِنَ الْكَعْبَةِ

فَاتَّبَعْتُ لَهُ جب صبح ہوئی تو سات مرتبہ طواف خانہ کعبہ بجا لاکے باہر چلے مین بہی ساتہ

ہو لیا جب وہ بزرگوار اپنی فرودگاہ پر پہونچے تو مین نے دیکہا کہ برخلاف منازل راہ کے

گہوڑی اور غلام اور سوالیان خدام بہت سے ہین جوق جوق انبوہ انبوہ لوگ ہر طرف سے

آکر بعد آداب سلام و مراسم اعزاز و اکرام مسائل دریافت کرتے ہین شفقت کرتی ہین بہی دستگیری

حیرت سے ہوگئی مین نے ایک شخص سے پوچہا یہ برگزیدہ باری کون ہین اوس نے کہا کیا تو

نہین جانتا رہی ہے امام زمانہ حجۃ اللہ جناب موسی کاظم علیہ السلام ہین مین نے کہا البتہ ایسے

بزرگوار سے ایسطرح کی امور عجیبہ ظہور مین آتی ہین کیون نہوین شاہ آپ کا

بہ مخزن ہمہ اسرار حق توئی ناظر
بہ مطلع ہمہ انوار حق توئی منظور

قدم مبر ہی بصلی چہ بر نہی رضوان
کنند نثار قدمت بہشت و حور و قصور

بحسن و خیر ملک ز انس و جان توئی آمر | به حلم و صبر و سکون ز امر حق توئی مامور

بپاس بوسش درت کوت شهنشاهی | دهد ز لطف به خاقان و قیصر و فغفور

ز صد یکی ننویسند خلق فضل ترا | شوند اگر قلم اشجار و در مداد بحور

ضیاء روی تو مصداق آیه والشمس | قد نکوی تو تفسیر آیه والطور

کیونکہ حضرت جو امام بر حق تھے اور صاحب اوصاف حمیدہ ہو اوسپر مخالفین نے انتہا درجہ کی سختیاں
شدیدہ کی صابرین جو بزرگوار دوسرے کی مافی الضمیر کو سمجھ جاتے اوسکا کینہ دشمنوں کی دلوں میں پوشیدہ
رہا جسکی واسطے یا بچپن سے بنارے تک آدمی رہ ہدروں لحد میں زندگانی اکبر کی یا حبس کے
کی اک رنگ زمین غذا لطیف پہنچائی اعدا اوسکی غذا میں زہر ملاتے تھے

منقول ہے کہ منصور دوانقی جسنے آپکے پدر بزرگوار امام جعفر صادق علیہ السلام کو بذریعہ والی مدینہ انگور
میں زہر دلوا کے شہید کیا تھا بلکہ حضرت امام موسی کاظم کا متعرض نہوا منصور کے بعد مہدی نے
دس برس سے زیادہ خلافت کی اور حضرت کو قید کر کے عراق میں بلوایا مگر بوجہ ملاحظہ معجزات خارق عادت

پر کچھ اثر نہ ہوا بعد رنجش کے ایک سال سے زیادہ دن نہ خلافت کی اور نہ بہی حضرت پر اذیت و مصیبت

جب ہارون رشید تخت خلافت پر بیٹھا تو اسنے داد فرعونیت دی موجودہ بیٹوں میں سے تین کو یکے بعد دیگرے

ولیعہد کیا سنہ ۱۷۹ ہجری میں ہارون رشید نے بقصد استحکام خلافت اور

حضرت سفر حج کیا پہلی مدینے میں آیا اور وہاں نے روضہ رسول میں ایک روز یہ تقریر کیا ای صاحب رسول

اپنی خلافت کی استحکام کی غرض سے آپکے فرزند امام موسیٰ کاظم کو قید کرنا چاہتا ہوں

که عذر بدتر از گناه جناب رسول کو حضرت کیونکر بات رنج و ایذا ہوگی آخر

امام کی گرفتار کرنے کا حکم دیا حضرت اپنے جد بزرگوار کے روضہ میں نماز پڑہ رہے تہے کہ نفیل

اگر گرفتار کیا آہ آہ جانا کہ سمجھتا ہر بار کہ فنظر نظرة الی السماء الی قبر جده

اور لب سے میں حضرت اپنے نانا کے مزار کیطرف متوجہ ہو کر عرض کرنے لگے یا جداه آپ

کہ ہم اہلبیت آپکے ذریت پر کیا کیا ظلم و ستم ہو رہے ہیں کسی سے کہا ہے کہ اوسوقت

پیٹنے کی آوازیں بلند ہوئیں عورتیں پیٹتی تہیں کی تاک خاک پر ڈالتی تہی آخر ہارون نے دو محمل

اسطرح کی طیار کیں تاکہ کسی کو تحقیق نہو کہ امام کس محمل میں ہیں ایک کو بغداد دوسرے کو بصرہ

تہی ہمراه حسان سروی بصرہ میں عیسیٰ بن جعفر اپنے بھتیجے کے پاس روانہ کیا اور ایک سال

نے کثرت عبادت و زہد حضرت دیکھکر قتل سے جرأت نہ کرسکا ہارون کو عذر کیا اوس نے بغداد

میں بلوا کر فضیل بن ربیع کی پاس مقید کیا اوس نے بھی کثرت زہد و ورع و خوف دیکھکر عذر کیا آخر بھیجا اون نے

فضیل بن یحیی برمکی کے یہاں قید کیا اور قتل کر دینیکی فرمائش کی بروایتی اوس نے بھی انکار کیا تو فضیل پر سخت

تہدید کی۔ کی برمکی موافق اپنی سنی کے متعرب ہو گئی وہ بے مستعد ہوا [قتل] راوی کہتا ہے کہ

ہارون ہمیشہ فکر قتل میں رہتا مگر چاہتا تھا کہ ظاہر میں بدنام نہ ہو تا کہ خلق خدا ہم سے متنفر نہ ہو جائے مگر

ہر شب معجزات حضرت دیکھکر کسیکو جرأت نہوتی

خدا کی قسم میں ہارون نے ایک شب فضیل کو بلوایا [اپنی دربار کو] دیکھتا ہے ہارون غصہ میں ہے

فضیل کو دیکھکر کہنی لگا این ذاک الحجازی قلت عنہ میں قسم کھاتا ہوں اگر تو

ابھی جا کر ابھی اوس کو حاضر نہ کیا تو تجھکو قتل کرونگا فضیل کہتی ہیں میں نے کہا ہارون کس کو

کہنی لگا وہی حجازی یہ بعض نے کہا کون حجازی کہنی لگا موسی بن جعفر میں نے اپنے دل میں کہا

کہ اگر اوسکو حاضر کرونگا تو ضرور اوسکو شہید کریگا ورنہ میرا مال و جان جاتا ہے آخر دنیا کو میرے نفس نے

ترجیح دی اور حضرت کے حاضر کرنیکو قبول کیا ہارون نے دو تازیانہ اور دو جلاد طلب کیا فضیل

موجود کر کے حضرت کے پاس چلیے (فضیل ابن ربیع) لوگوں نے مجھکو ایک خرابہ کا نشان بتلا دیا کہ جہاں

فرمانے چہاں سے حضرت کے لئے مکان بنا کر گویا کہ قید کیا تھا اور ایک غلام حبشی

دروازہ پر تھا میں نے اوس سے کہا اپنے آقا سے میرے آنے کی حاضری طلب کرا دو اوسنے کہا کہ چلا

جاے مولا کو حاجت دربانی نہیں ہی جب میں حضرت کے خدمت میں گیا دیکھا کہ ایک غلام حبشی

مقراض سے زبان کو مقام کو دور تراش رہا ہی میں نے عرض کیا آپکو ہارون طلب کرتا ہے

فرمایا مجھکو رشید نارشید سے کیا واسطہ کیا وفور رحمت نے اوسکو میرے حال سے غافل نہیں کیا

یہ فرما کر حلقہ اوس پہ نظر کی اور فرمایا لَوْلَا اَمْرُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ لِاِطَاعَةِ سُلْطَانِ الْجَابِرِ

تَقِيَّةً لَمَا اَجَبْتُهُ اگر حکم خدا و رسول دربارہ اطاعت بادشاہ جابر بغرض تقیہ نہ ہوتا تو میں ہرگز

جانا قبول نہ کرتا میں نے راستہ میں عرض کیا اے ابو ابراہیم خلیفہ آپ پر بہت غضبناک ہی

فرمایا کہ کیا میرا بادشاہ مالک دنیا و آخرت نہیں ہی انشاء اللہ مجھکو کوئی آسیب نہ آنے پائیگا

پھر ایک دعا پڑھی اور تین مرتبہ دست اقدس سر و منہ پر پھیرا

جب میں قریب ہارون کے پہنچا دیکھا کہ ہر ہاتھ میں قتل زن پسر مردہ حیران مجھکو دیکھکر مخاطب

ہی میں نے سنا ہے کہ پہنچ گیا تو نے آنحضرت کو ہمیں خوف تو نہیں دلایا یہ میں و نیز

خشمناک ہوئی میں نے اس خیال سے کہ مبادا راز اصلاح وقت قتل کا شش نہ ہو انکار کیا

غرض جب حضرت داخل ہوئے قَامَ مِنْ مَجْلِسِهٖ وَقَالَ مَرْحَبًا بِكَ اور بٹھا دیا

آپ پر پیری بغرض تعظیم اٹھ کھڑا ہوا اور ملنے لگا یا اور کہنے لگا اے پسر عم و وارث حقیقی

خلافت مرحبا مرحبا پھر حضرت کو قریب بٹھا کر کہنے لگا آپ کس واسطے تشریف

لائے میں کیا سبب ہے حضرت نے فرمایا کہ تیری ملک کی آفت دلی و محبت دنیا فارغ ہی کر اور ان

نے خوش ہو کر کہا جب دستور عرب کی رسم میں آگیا اور ایک قسمت مرد و عورتوں

دینیوں کی نذر کیا حضرت نے فرمایا اگر فرزندان و دختران ابو طالب کی عقد کا قصد

ہو جہ تیری نسل محفوظ رہتا تو یہ مال مجھے نہ ہوتا پھر حضرت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

کہتے ہو باہر تشریف لائے

تفصیل ہشتادم میں نے ہارون سے کہا کہ پایا وہ مقصد پایا نوازش ہی کیا کہا جو میں تو نہ پانی

گیا ایک گروہ ہے شہر میں جدا ہی ہے مری کان کے گرد موجود ہیں اور سب کے سب

حیرون کو زمین پر بار رہتی تھی کہ اگر فرزند رسولخدا کو کچھ بھی ایذا پہونچائی تو اسکو بھی
زمین میں گرا دو اور اگر احسان کرے تو چھوڑ دو —

جب ہارون ہر طور سے مجبور ہوا اور اکثر لوگوں نے جرأت قتل نہ کی تو اسنے اپنے عمال کو نہ اور
ملک فرنگ میں بھی لکھا کہ ایسے لوگوں کو میرے پاس بھیجو کہ جو خدا و رسول کو نہ پہچانتے ہوں لیکن
اونسے کچھ کام نہ ہوا مگر اون لوگوں نے قریب پچاس کے بھیجے تھے ہارون نے پوچھا تمہارا خدا اور
رسول کون ہے کہنے لگے ہم خدا و رسول کو نہیں جانتے غرض انکو حبس میں لے گیا جہاں حضرت تھے کہ ان
کو قتل کرو اور خود روزن سے دیکھتا تھا کہ یہ کیونکر قتل کرتے ہیں جب ان لوگوں کی نظر حضرت
پر پڑی اپنے اپنے ہتھیار ڈال دیئے اور تھرتھر کانپنے لگے اور قریب جا کر سجدہ میں گر پڑے
اور رونے لگے حضرت دست شفقت انکے سر پر پھیرتے اور انکی لغت میں اون سے کلام فرماتے تھے
جب ہارون نے یہ حالت دیکھی فتنہ و غدر سے ڈرا اپنے وزیر سے کہا جا کر انکو باہر لا جب اونکو
باہر لایا تو اوس قوم نے بوجہ تعظیم حضرت وقت واپس پشت کے جب حضرت کی
اور اوسی قدم واپس ہوکر بعد اوسکے وہ اپنے اپنے بلاد کو چلے گئے —

ہوتا تھا میں جب بیگ بیبیہ کی ہر بکی نے خلیفہ کو اپنی فرزند سے بر وجہ لغت قتل حضرت نارض پایا

تو خود قتل حضرت پر مستعد ہوا اور سندی بن شاہک ملعون داروغۂ قیدخانہ سے جسکی حفاظت میں

حضرت تھی شکر چند دانہ زہرآلود حضرت کو کھلادی کہ جسکی اثر زہر تمام بدن میں

پھیل گیا

و نیز اس مقام پر شبہہ ہوتا ہے کہ امام جو عالم الغیب ہیں واقف تھے لامحالہ انگور زہرآلود سے بھی

واقف ہونگے پھر بمقتضای لا تُلقوا بایدیکم الی التّھلکۃ یعنی جانوں کو موقع ہلاکت میں

مت ڈالو کیوں تناول فرمایا   جواب اسکا یوں منقول ہے کہ حضرت کو پہلے سے معلوم تھا کہ

سفر آخرت کا تہیہ فرماویں اور امام کو اپنی فرزند کو جانشین فرماویں مگر جس وقت فراموش کرتے

تا کہ قدرت خدا جاری ہو ماسوا کہ جزو ختہ کہ از جانب خدا بجا ان حالت پر کچھ نہ تھا اور قدرت حکم خدا

غالب ہو گیا تھا جیسا کہ روایت عبد السلام ہروی میں امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے راوی نے پوچھا کہ حضرت کیوں

فرمایا ایک فرشتہ بزرگ تر از جبرئیل و میکائیل ہیں کہ ضابطہ خدا و ہمیشہ ساتھ رہتا ہے

تیسرا جواب یہ ہے کہ آپکی تکلیف قتل دوسری تکلیف سے نہیں ہے ناکہ پر شبہہ وارد ہو مثلاً تیر تناول

اور قوت تقیہ ہوتا جب حضرت کو زہر کے کھانے کا حکم ہو اور چونکہ بحکم آیات واقف تھے کہ از کشتہ و سنگ

تو اس سے بدتر طریقے سے شہید کریں گے یہ نذرانہ وجہ سہل کو قبول فرمایا

تو بیشک انہیں صاحب کے اوقات حضرت حق جب آپ نے فقط اتنا تناول فرمایا ہو آہ تو یہ سن آپ ایسے ادا رشتی
فرشتادن روما

وسعت حق نہ جب یا کی ہر مکی بہ سندھی بن شاہک رطب زہر آلود دیا حضرت نے انکار کیا اور کہا

میں نہ کھاؤں گا اوس ملعون نے بہت مبالغہ کیا تا اینکہ سر آسمان کی طرف بلند کر کے حضرت نے

فرمایا خدایا اگر قبل اسکی الی کھاتا ہوتا تو اپنی قتل میں شریک ہوتا

امام زمان سید راستین همی گفت در وقت خوردن چنین

خدایا تو ی دانی از خاص و عام که مجبورم از خوردن این طعام

آہ فورا اثر زہر کا تمام بدن میں سرایت کر گیا تین روز قبل شہادت مسیب بن زہیر سے جو

آپ پر موکل تھا فرمایا یَا مُسَیَّبْ اِنِّیْ ظَاعِنٌ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ اِلَی الْمَدِیْنَةِ

ای مسیب آج میرا قصد مدینہ منورہ جانے کا ہے تاکہ اپنے فرزند علی کو وداع اور وصی کر کے ودائع امامت

کو سپرد کر دوں مسیب نے عرض کی ای آقا آپ طوق و زنجیر میں مسلسل دروازے قفل بند بر زندان

دروازے پر موکل ہیں کیونکر آپ جا سکیں گے فَقَالَ اَدْعُو اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْاَعْظَمِ حضرت نے فرمایا

اسم رب خدا کو اوس نام سے یاد کرتا ہوں جس کی برکت سے اصف بن برخیا نے دو مہینے کا راستہ

بہیں ساعت چشم زدن میں سلیمان کے پاس منگوا لیا تھا۔ مسیّب کہتے ہیں یہ فرما کر حضرت دعا میں
مشغول ہوئے فَفَقَدْتُهُ عَنْ مُصَلَّاهُ اب جو میں نے خیال کیا تو مصلّے پر طوق و زنجیر رکھی تھی
اور امام تھے حیرت میں اپنی مقام پر پڑا تھا کہ میں نے دیکھا کہ امام تشریف لائے وَعَادَ الْحَدِیْدُ
اِلٰی مَا عَلَیْهِ اور اللہ کے صبر پہ پھر طوق و زنجیر پہن لیا مجھ سے فرمانے لگے اے مسیّب میں روز
میری حیات کے باقی ہیں سختی تھی میری آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور رونے لگا حضرت نے تسکین دی اور
نہ میری مفارقت میں غم کر میرے بعد میرا فرزند علی رضا تیرا امام ہے اُس کی متابعت کرنا ہرگز
گمراہ ہوگا الغرض جب تیسرا دن آیا امام نے مجھے بلایا جس روز کی مجھے خبر دی تھی وہ آج ہی
رحلت کا دن ہے جب میں تجھ سے پانی مانگوں اور پی لوں وَرَاَیْتَنِیْ قَدِ اصْفَرَّ لَوْنِیْ
وَاخْضَرَّ فَاعْلَمْ اَنِّیْ قَضَیْتُ نَحْبِیْ اور اثر زہر سے شکم میں نفخ تمام بدن میں
چہرہ کا رنگ متغیر ہو جاوے تو موت مجھے معلوم کرنا مسیّب بن زہیر کہتے ہیں کہ میں مغموم و
محزون منتظر رہا تھا کہ ایام کے بعد آپ نے مجھ سے پانی مانگا تھوڑا سا پی کر فرمایا سندی بن شاہک کو
گمان ہوگا کہ وہ میرے غسل و کفن کا متکفل ہے حالانکہ ایسا ہرگز نہ ہوگا کیونکہ انبیا اور اوصیا کو
سوائے نبی یا اس کے وصی کے غسل نہیں دے سکتا ثُمَّ رَاَیْتُ غُلَامًا حَسَنًا جَمِیْلًا یُشْبِہُ بِاَبِی الْحَسَنِ

(بعد) مسیب نے ایک لحظہ کے دیکھا کہ ایک جوان خوبصورت جسکی شبیہ سے نور سعادت ظاہر ہوتا

اور امام موسی کاظم علیہ السلام سے بہت مشابہ تھی آئی اور حضرت کے پہلو میں بیٹھ گیا مسیب نے امام سے

اوس جوان کا حضرت سے پوچھنا چاہا کہ حضرت نے آواز بلند فرمایا مت پوچھ مجھسے

کہ مجھسے بات نہ کرنا میں خاموش ہو گیا امام نے ایک دم کے بعد اپنی دستبند کو رخصت کیا

اور امام رضا میری نظروں سے پوشیدہ ہو گیا آہ مومنین اوس اثر زہر سے حضرت نے جلد انتقال کیا

اہل بغداد نے جب خبر رحلت سنی چھوٹے بڑے داڑھیں مار مار کر رونے لگے تمام شہر میں ماتم برپا ہوا

ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اہل آسمان و زمین سب ماتم کرتے ہیں جب دن نکلا

یحیی سندی بن شاہک کو تجہیز و تکفین کا حکم دیا مسیب کہتا ہے جو وقت وہ ملعون تجہیز و تکفین

غسل و کفن میں مشغول ہوا میں دور سے دیکھتا تھا کہ کوئی دست غیب آپکے جسد مطہر

لگتا تھا اور کل کام امام رضا علیہ السلام فرماتے تھے جب حضرت اپنے پدر بزرگوار کی تجہیز و تکفین سے

فارغ ہوئے تو میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا یَا مُسَیَّبُ لَا تَشُکَّنَّ فِیَّ فَاِنِّی حُجَّۃُ اللہِ

عَلَیْکَ بَعْدَ اَبِی اے مسیب بعد پدر بزرگوار اب میں مقتدا و پیشوا و امام ہوں مری امامت میں

ہرگز شک نہ کرنا اور میری اطاعت سے کبھی ہاتھ نہ اوٹھانا سندی بن شاہک کی

شہادت کو رسمی رنگ دے جس طرح کہ بعد تحقیق انتقال حضرت بغداد کی رؤسا و علما کو جمع کر کے (ایک کاغذ مبارک پر) دکھلا دیا تھا

کہ جسم پر کوئی زخم یا کسی طرح کا آسیب تن اطہر پر نہیں ہے اور حضرت کی وفات میں ہارون کا

کچھ گناہ نہیں (تعداد) آہ مومنین اس طور سے بعد فراغ غسل و کفن اس شقی نے امام مسموم کا جنازہ دجلہ

کے پل پر رکھ کر چہرہ مبارک کھول کر ندا کی کہ آنکھیں دیکھو یہ موسیٰ بن جعفر جن کی رافضی کہتے تھے کہ نہ مریگا اور انہوں نے

وفات پائی اس طور سے سخت سے کلمات خلاف شان کہے جب سلیمان بن جعفر نے جو عزیز ہارون

تھے ان کلمات کو سنا بیتاب ہو کر اپنی غلاموں کی ذریعہ سے نعش اقدس چھین لیے اور اصحاب و اقربا

کو جمع کر کے کمال پاکیزگی و احتیاط سے حضرت کو غسل دیکر حبا و یمنی قیمتی پانسو دینار کے جلد

کا جس پر تمام قرآن لکھا تھا کفن دیکر چار گریبان دیدہ گریان نعش بر فرش تک پیدل اور

جس مقام پر اب قبر مطہر ہے دفن کر کے روتا ہوا اپنی گھر کو واپس آیا۔

مومنین اگرچہ ہارون کو حضرت سے عداوت تھی (تعذیر کے تخفیف دیں) اور تشدید بھی کیا مگر ظاہر میں خود کو اس

خلاف شان نظر عوام میں اپنی گمان میں نہیں کیا ملعون نے اور سندی بن شاہک نے بھی

اپنی مرادات کو پورا ظاہر نہ کیا تا قیامت لعنت کا مستحق ہوا مگر ہوئی لعنت عداوت تمام محمد کو امام حسن عسکری

کہ بعد شہادت حضرت کے نعش کو جیتی رنگت پر ڈالدیا اور نعش کا سر تیر بہوای دا

چنانچہ الخ

بیان آیہ نعمت خدا ائمہ ہین عبارت امام ضامن ثامن علیہ السلام معجزہ عصفور و مار و ہرنی کا بچا صاحب تیر و کمان کا بتا دینا شقاوت و کفران نعمت مامون حضرت کی قتل کی سعی کرنا حضرت کا محفوظ رہنا آخر زہر سے شہید کرنا غسل و کفن کرنا امام محمد تقی علیہ السلام کا تشریف لانا معجزہ در قبر الحمار حال معصومہ قم رحلت حال جناب زینب

قال اللہ تعالی اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا وَبِئْسَ الْقَرَارُ خداوند عالم اپنے حبیب سے ارشاد فرماتا ہے کیا تو نے اون لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے شکر نعمت خدا کو کفران سے بدل دیا اور اپنی قوم کو دار ہلاکت یعنی جہنم میں فرود کیا کہ وہ لوگ اوسمیں جلتے ہیں اور جہنم بری قرارگاہ ہے اکثر مفسرین اہلسنت نے نِعْمَةَ اللّٰهِ سے مراد حضرت ذات رسولخدا لی ہے اور کفران سے کافران قریش مراد لیا ہے کہ اصل نعمت کہ رسول تھے جب اونہی پر مجادلہ و عداوت پیش آئے تو کفران نعمت سے نعمت اونکے سلب ہو گئی اور محض کفر کہ جو باعث دخول جہنم ہے

باقی رہگیا کہ اوسکی وجہ سے وہ مستحق عذاب اخروی ہوئے   اسیواسطے صاحب کشاف نے

کہ یہ آیہ دوگروہ کی شان مین نازل ہوئی ہے جو کہ تمام قریش سے زیادہ فاسق و فاجر تھے یعنی

فرزندان مغیرہ و فرزندان امیہ   مگر بنی مغیرہ کا شر جنگ بدر مین دفع ہوگیا کیونکہ اونکے

اور اوسکی عزیز و قریب جنگ بدر مین قتل ہوئے   اور بنی امیہ نے اوس وقت تک مہلت پائی

جو اونکی مقتضی ہوئیکی مقدر ہو   مگر روایات اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے ثابت

ہوتا ہے کہ مراد نعمۃ اللہ سے جناب رسولخدا و اہلبیت طاہرین علیہم السلام ہین اور

یعنی تبدیل کرنیوالون اور کفر کرنیوالون سے تمام قریش مراد ہین کہ جنمین بنی امیہ و بنی مغیرہ

و جمیع اعداء اہلبیت شامل ہین   جیساکہ امام جعفر صادق ع سے جب لوگون نے اس آیہ کی تفسیر

پوچھی تو آپنے انحصار حق کی غرض سے دریافت فرمایا کہ اسمین کیا کہتے ہین   راوی نے عرض کیا

کہ حضرت شان مین   بنی امیہ و بنی مغیرہ کہتے ہین   فرمایا کہ

کہ تمام قریش کی حق مین نازل ہوئی ہے   و در روایت دیگر فرمایا کہ خدانے اپنی پیغمبر کو ان

ظلمون اور شورشون کی خبر دی جو آپ کی اہلبیت اور دوستون اور شیعون پر (جو اونکی دشمن

بنی امیہ سے ایام سلطنت مین ہونگی پھر اپنی ہی آیہ تلاوت فرمایا اور فرمایا کہ نعمت خدا

جناب رسول اور اونکی اہلبیت ہین اور اونکی محبت ایمان ہی اور یہی بہشت مین داخل کریگی

اور اونکی عداوت و دشمنی کفر و نفاق ہی اور جہنم مین لیجاتی ہی —

راقم کہتا ہی جن لوگون نے دیدہ و دانستہ اس نعمت سے انکار کیا وہ بحکم خدا کافر ہوے جناب کلینی علیہ الرحمہ

نے جناب امام جعفر صادق عم سے روایت کی ہی کہ جب آیہ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ جناب علی عم

کی امامت مین نازل ہوئی اصحاب رسول خدا مین سے منافقون کا ایک گروہ مسجد مدینہ مین جمع ہوا

اور باہم اس معاملہ مین بطور مشورہ اظہار رای چاہی بعض نے کہا اگر ہم اس آیت سے کافر ہونگے

تو بہت سی آیات قرانی کا کفر کرنا لازم ہوگا اور اگر اس آیت پر ایمان لاتے ہین تو ہمارے ذلت کا باعث

ہی کہ فرزند ابوطالب ہمپر غالب و مسلط ہوتا ہی پہر کہا ہمین اس بات کا تو خود یقین ہی کہ جناب رسول

اپنی کلام مین سچے ہین مگر ہم علی کی ولایت اور اونکی پیروی جبتک وہ حکم کرتے ہین اختیار نہین کرتے

اور تب یہ آیت نازل ہوئی یَعْرِفُونَ نِعْمَتَ اللّٰہِ ثُمَّ یُنْکِرُونَهَا وَاَکْثَرُهُمُ الْکَافِرُونَ

نعمت خدا یعنی ولایت علی کو پہچانتے ہین مگر انکار کرتے ہین اور اونمین سے اکثر لوگ ولایت علی عم

سے کافر ہین

اونمین سے وہی نعمت خدا یعنی ولایت اہلبیت ہی کہ جو تسلی دیگر عقاید سوال کیجائیگی جناب رسول خدا

فرماتا ہے ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ یعنی پھر تم سے نعمت خدا سے سوال کیا جائیگا

گو اکثر لوگوں نے غذائے لذیذ و آب سرد وغیرہ مراد لیکر یہ معنی لیے ہیں کہ ہر روز قیامت

و آفتاب ان اشیاء کا حساب لیا جائیگا مگر اہلبیت طاہرین و ائمہ معصومین سے ثابت ہے کہ اس کی بابت

سوال ہرگز نہ ہوگا جیسا کہ ابو خالد کابلی سے روایت ہے کہ جب میں خدمت میں امام محمد باقر علیہ السلام کی حاضر ہوا

آپ نے طعام نفیس منگوایا ابو خالد کہتا ہے کہ میں نے اس سے بہتر کھانا نہ کھایا تھا جب میں کھانا کھا کر

فارغ ہوا تو حضرت نے پوچھا تم نے کھانا کیسا پایا عرض کی نہایت ہی بہتر و عمدہ تھا مگر قرآن کی

ایک آیت مجھ کو یاد آئی جس سے طعام لذیذ ناگوار ہو گیا حضرت نے پوچھا وہ آیت کونسی ہے میں نے

یہی آیت پڑھی حضرت نے فرمایا واللہ کبھی اس کھانے کا سوال نہ ہوگا یہ سنکر حضرت نے

اس طرح خندہ کیا کہ دندان مبارک ظاہر ہوگئے اور فرمایا تو جانتا ہے کہ نعیم کیا ہے میں نے عرض کی

نہیں فرمایا ہم وہ نعیم ہیں جس کا تم سے سوال کیا جائیگا اور اسی مضمون کی حدیث بیان

اہلبیت میں لفظ نعیم سے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ہے کہ آپ نے ابو حنیفہ کے خیال کو رد فرمایا جیسا کہ

امام رضا علیہ السلام کے خدمت میں علمائے عامہ میں ایک شخص نے جب لفظ نعیم سے آب سرد مراد لیا تو آپ نے فرمایا

کہ تم لوگ اس طرح کی تفسیریں بیان کرتے ہو کبھی آب سرد کبھی طعام لذیذ کبھی خواب خوش

دولت نہیں بھی بذریعہ پدر بزرگوار معلوم ہوا ہے کہ تمہارے یہ اقوال جب جد بزرگوار امام جعفر صادقؑ
کے سامنے مذکور ہوئے تو آپ نے غضبناک ہو کر فرمایا کہ حق تعالیٰ بندوں سے ان چیزوں کا سوال نہیں کرتا
جن کو اپنی تفضل و کرم سے عطا فرمایا ہے اور نعمتوں کی سبب سے بغیر حساب نہیں رکھتا ہے کیونکہ اظہار احسان بعد عطاء نعمت
بندگان خدا سے قبیح و مذموم ہوتا ہے چہ جائیکہ خداوند عالم ہذا مراد نعمت سے ہم اہلبیت کی مودت
و محبت ہے سبحان اللہ تو نہیں واقع میں ہمارے آئمہ معصومین نعمت دارین و دولت
(حیات القلوب جلد ثالث)
کونین ہیں کہ دنیا و آخرت کے ہمارے نفع ان حضرات سے ہیں دنیا میں ہمارے حوائج کی کی خدا سے
حصول اور موجب بذریعہ دعا ہیں آخرت میں تو انکی غلامی سے جو کچھ مراتب حاصل ہوں وہ کم ہیں
ہر ایک بزرگ اپنی اپنی زمانہ میں نعمت خدا تھے جن لوگوں نے انکی دامن دولت محبت و ولا سے
تمسک رکھا دنیا و آخرت میں اچھے رہے اور جن لوگوں نے کفران کیا گو ظاہر میں انکی روزی
فراخ رہی مگر آخر کو ایسے ذلیل ہوئے کہ بجز نام بد اور کچھ نہ رہا چنانچہ بعد امام موسیٰ کاظمؑ وجود
ذی جود جناب امام موسیٰ رضاؑ تمام خلق کی کی دولت ایمان کا گویا یہ خزینہ رہا زوال شان خلق
نسبت امام موسیٰ کاظمؑ نے داود رقی سے فضیلت حضرت میں ارشاد فرمایا هذا صاحبکم
من بعدی ای داود یہ میرا فرزند علی رضا علیہ السلام بعد میرے امام و پیشوا تمہارا ہی یہ فرمایا

کہ مرا فرزند علی رضا میری سب اولاد سے اکبر و بزرگ اور سب سے زیادہ پرہیزگار و متقی

هُوَ يَنظُرُ مَعِي فِي الجَفرِ وَلَا يَنظُرُ فِيهِ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ وَصِيُّ نَبِيٍّ اور سب

میں ایسے دوست رکھتا ہوں اور میرے ساتھ سے ہی علم جفر میں نظر کرتا ہے اور وہمیں کوئی نظر

نبی یا وصی نبی کے نہیں کرسکتا وَمَنْ ظَلَمَ اِبْنِي هٰذَا حَقَّهُ وَجَحَدَهُ اِمَامَتَهُ مِنْ

بَعْدِي كَانَ كَمَنْ ظَلَمَ جَدِّي عَلِيَّ ابْنَ اَبِيطَالِبٍ وَجَحَدَهُ اِمَامَتَهُ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ

پھر فرمایا جو شخص میرے اس فرزند کی حق کو بظلم و ستم غصب کرے اور اوسکی امامت و ولایت کا انکار

وہ اوس شخص کے مانند ہے کہ جسنی حق میری جد بزرگوار امیرالمومنین علی بن ابیطالب کا بظلم و ستم غصب

اور اون حضرت کے امامت و ولایت کا بعد جناب رسول منکر ہوا

واضح ہو کہ مومنین محب ذات بابرکات امام ضامن ثامن علیہ السلام کہ ابتدائے ولادت سے تا زمان

شہادت اور وسعت سے تا ایندم ایسے ایسے معجزات و کرامات ظاہر ہوے اور ہوتے ہیں کہ جس سے

بدلیل روشن ثابت و تحقیق ہوا کہ آپ بعد امام موسی کاظم کے وصی و جانشین پیدا ہیں شاعر کہتا ہے

بہ علم و فضایل بہ لطف و ہنر — بود ہمچو اجداد خود مشتہر

امام زمان ثامن اندر شمار — وصی نبی نائب کردگار

امیر نجم ماہ ثبت یدا   علی ولی ابن موسیٰ رضا

چنانچہ آپکی ولادت باسعادت کے صورت میں آپکی والدہ ماجدہ نجمہ ملقبہ بطاہرہ ارشاد فرماتی ہیں
کہ آپ جب میرے شکم میں تھے تو بالکل آثار حمل و ضعف وغیرہ مجھ میں معلوم نہ ہوتی تھی اور جب سوجاتی
تو میں شکم سے آواز تسبیح و تہلیل و تجلیل و تحمید خدا کی سنتی اور اکثر بیچ بیدار ہوتی تو کبھی کچھ
نہ دیکھتی تا آنکہ جب پیدا ہوئے تو مثل دیگر اطفال دست اقدس زمین پر رکھکر جانب آسمان
ملاحظہ فرمایا اور کچھ ایسے کلام فرمائے کہ میں نہ سمجھی کہ اسی عرصہ میں امام موسیٰ کاظم نے آکر مجھے فرمایا
تجھے مسعود و مبارک ہو کہ سردار زمین مالک الرقاب نکلے ہیں دولت دارین ملی
اگرچہ آپکے القاب بعض صابر و فاضل و وفی وغیرہ ہیں مگر رضا زیادہ تر مشہور و معروف ہے چنانچہ
ابن بابویہ علیہ الرحمہ نے بسند خود امام محمد تقی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ بزنطی راوی نے آپ سے پوچھا
کہ لوگ کہتے ہیں کہ مامون نے علی ابن موسیٰ علیہ السلام کا لقب رضا وقت ولیعہدی رکھا کیا یہ صحیح ہے حضرت
نے قسم کھا کر فرمایا کہ جھوٹے ہیں بلکہ حق تعالیٰ نے بوجہ اسکے کہ اون صاحب سے خدا اور رسول خدا و ائمہ
و نیز تمام اہل آسمان و زمین خوشنود تھے بنا بر اینست کہ یہ لقب پسند فرما کر ملقب برضا کیا
راوی نے کہا تمام آبا و اجداد کی پسندیدہ خدا و رسول رہے تھے پھر تخصیص حضرت کی اس لقب سے کیا معنی فرمایا

[illegible]

یہ بھی صحیح ہے مگر سب سے دوست راضی تھے اور دشمنوں نے پسند کیا تھا مگر چونکہ امام رضا

دوست و دشمن دونوں راضی تھے اسوجہ سے ملقب بہ رضا ہوے

واقع میں یہ سینہ عجب ذات بابرکات حضرت تھی کہ دوست تو کیا دشمن بھی آپ سے محبت

چنانچہ آپکے مدینہ سے ہجرت فرماکر پایہ تخت مامون مقام مرو یعنی شہر طوس میں

ایک یہ بھی وجہ تھی چنانچہ مورخوں نے لکھا ہے کہ جب مامون تخت سلطنت پر بیٹھا اور سادات

و علویوں نے بخیال اخذ حق اہلبیت و بدلہ جا بجا ہنگامہ برپا کیا تو حسب رائے فضل بن سہیل وزیر

مامون نے حضرت کو ولیعہد کیا گو غرض اوسکی استحکام سلطنت اپنی اور حضرت کی ایذا دہی

تھی اسوجہ سے آپنے بہت ہی حالت مجبوری میں اوسکی ولیعہدی کو قبول فرمایا مگر جب

ذیجود امام محمود جناب امام رضا علیہ السلام کا ویں رہا اور وہ نعمت خدا سمجھکر قدر کرتے رہے

تک دوست و دشمن سب کے سب خوش حال رہے اور سب کو فیض ہوتا انسان ما

حیوان تک مستفیض رہے چنانچہ منقول ہے کہ ایکمرتبہ حضرت تشریف فرما تھے کہ ایک

خدمت میں آکر کھڑی ہوگئی اور اپنی زبان میں کچھ کہتی تھی آپنے حاضرین سے مطلب

تھوڑے حاجتی ہو کہ یہ عقیقہ یہاں کیوں آیا ہے اور اسکی کیا غرض ہے اوس نے عرض

نے ارشاد فرمایا یہ اپنی زبان میں ورد کر رہا ہے کہ مری آشیانہ کے قریب ایک

مار سیاہ آگیا ہے اور بار بار مجھ کو تشویش میں ڈالتا ہے یہ میری بچونکو کہاتا ہے ای بدور صبر جبہ مظلوم کی

فریاد رسی فرمائیے ۔ راوی کہتا ہے کہ حضرت نے مجھے ارشاد فرمایا کہ اوس کو نکالیں جا اور سانپ

قتل کر حسب حکم امام میں اوس کو نکالنے گیا دیکھا کہ ایک مار سیاہ آشیانہ کے قریب

بار بار مثل دیوانہ پھرتا ہے مگر چونکہ توقع اوس کی نہیں ملتا اوس سبب وہ آشیانہ تک نہیں پہونچ سکتا

غرضکہ اوس سانپ کو مار کر حضرت سے آکر اطلاع کی ۔ اسیطور سے آپ کے معجزات میں ایک ہرنی

پر تفضل فرمانا مرقوم ہے کہ آپ کہیں تشریف لیے جاتے تھے فرای ظبیا اشیا فی یلا الصیاد

نے ملاحظہ فرمایا کہ ایک صیاد نے مادہ آہو کو شکار کیا ہے چارون پیر باندھ کر ڈالدیا ہے بچے اوس کے

جدا ہو گئے ہیں اور علی الاتصال اوس مادہ غزال کے چھاتیوں سے دودھ جاری ہے جب صیاد امام کے

قریب ہو گیا اور ہرنی کی نگاہ حضرت پر پڑی بعد درود و سلام عرض کرنے لگی یا مُغِیثَ

المضطرین اَغِثنی ۔ اے فریادرس عالم میری جان آپ پر سے قربان ہو میری فریاد رسی کیجیے

یہ صیاد بھی اسیر کر کے لیجاتا ہے یقین ہے کہ جاکر ذبح کریگا ۔ ای لیکن میں دو بچے شیر خوار

رکھتی ہون آج صبح سے دونون کو دشت میں چھوڑ کر تنہا ہوں آب و دانہ کو نکلی تھی کہ دام میں پھنسی

گرفتار ہوگئی ابہی تک دودہ پلانیکی بہی نوبت نہین آئی در دریا دریے سے دل ہمین ہی فریاد

مِنْ هٰذَا الْبُسْتَانِ عَتِیْقِیْنَ ای مولود دوست کے ئی ضامن ہو کر اس دام سے رہا فرماوے

ابہی آتی ہون اور اپنی بچونکو دودہ پلا کر حاضر ہوتی ہون فریاد سنکر حضرت نے اوس صیاد کو

سفارش فرمائی کہ اس ہرنی کو چھوڑ دے دوستانہ کیا وہ وعدہ ہے تیری پاس آجاویگی اور اگر نہ آئی

تو مین تجہکو اسکی قیمت دیدونگا صیاد حضرت کو پہچانتا تہا کہنے لگا یہ وحشی چھوڑ دونگا تو

بہاگ جاویگا مجہے یقین نہین ہوتا کہ دام سے رہا ہو کر خود بخود قابو مین آئے فَحَبَسَنِی الا [illegible]

وَقَالَ لَا اُحِبُّكَ حَتّٰى تَجِیْءَ حضرت اوسی مقام پر بیٹہ گئی اور فرمایا جبتک یہ ہرنی

نہ آئیگی مین تیری سامنے سے حرکت نکرونگا اور نہ اوٹہونگا حضرات وہ مقام اتبک موجود

جہان حضرت اوس ہرنی کے ضامن ہو کر بیٹہی تہی اور لوگ اوس مقام کی زیارت کرتے ہین

غرض صیاد نے اوسے چھوڑ دیا اور بہ وقت وعدہ منتظر رہے جب دیر ہوئی تو حضرت سے کہنے لگا

اَنِّیْ لَهٗ قُلْ لَیْسَ بِهٰذَا الدَّابَّةِ اِعْتِمَادٌ مین کہتا تہا ان جانوران صحرائی کا کچہ اعتبار

نہین دیکہی ابہی تک نہ آئی حضرت نے فرمایا اصبر صبر کر آتی ہی ناگاہ [illegible]

وہ ہرنی مع اپنی بچونکی بہت تمام آتی ہوئی نظر پڑی جب قریب آئی قدم [illegible]

آنکھیں ملنے لگی اور رونے لگی (اپنی بچوں سے ہرنی اتنی دیر ہوگئی) اوسکی آنکھوں نے

بے اختیار آنسو جاری ہوئے عرض کی یا مولا جب یہاں سے جا کر اپنی بچوں کو دودھ پلا کر فارغ

ہوئی اور دونوں بچے خدمت شریف میں روانہ ہوئے (چند لمحہ سایہ میں ٹھہری تھی) ناگاہ وہ رزیتی میں

لب دریا چند آہوان ہمجنس نے آپ کی جد سید الشہدا کی مجلس تعزیت برپا کی تھی اور سوگوار بیٹھی

تھی میں نے خیال کیا اسوقت یہ مجلس ماتم غنیمت ہے پھر یہاں سے ہوگی میں تو ابھی جا کر شریک

ہو جاؤنگی اسی مولا سبب دیر ہوئی کہ آپ کے جد بزرگوار کی مجلس عزا میں شریک تھی

راوی کہتا ہے حضرت سنتی ہی چیخ مار کر رونے لگے اور فرمایا اے آہو تو نے اس غم جانگاہ کو تازہ

از سر نو تازہ کیا اور اسقدر روئے کہ بیہوش ہوگئے تا اینکہ بعد عرصہ کے ہوش آیا)

صیاد خوش اعتقاد نے اس معجزہ سے سمجھا کہ یہ یہی مولا امام رضا علیہ السلام ہیں قدموں پر گر کر معذرت

طلب کرنے لگا اور ہرنی کو مع بچوں کی آزاد کر دیا اوس وقت حضرت نے صیاد سے ارشاد فرمایا

اپنا دامن پھیلا جب تعمیل حکم کے واسطے اوس نے دامن پھیلایا تو اوس میں [illegible]

دامن صیاد میں ڈالدی جب روشنی نگاہ کی تو تمام کو ہیرے جواہر پایا تھی کیونکہ

زمین کیا نعمت دارین کے مالک ہیں امام ضامن ثامن علیہ السلام کے مرتبہ میں تمام عجائب تھا

امام ضامن ثامن امیر کشور دین   کفیل خلق جهان شافع اناث و ذکور

نمی ز ابر سخایت اگر چکد بزمین   بجای سبزه زبرجد کنند ز خاک ظهور

شبی که ابر نقش فرش خاک را ز کرم   سحابها چو برند ز در دُرّ گهر منثور

ز صد یکی منزلینه خلق فضل ترا   شوند اگر قلم اشجار و مداد بحور

به گرد نامه اسرار حق توئی ناظر   به مطلع همه انوار حق توئی منظور

ضیاء روی تو مصداق آیه والشمس   قد نکوی تو تفسیر آیه والطور

بوحش و طیر و ملک زمین و جان توئی آمر   به حلم و صبر و سکوت ز امر حق توئی مأمور

دوسری یہ معجزہ آپ سے نعمت خدا کا بہ نسبت حیوانات تھا اسی طور سے ہمیشہ ابر نیساں اور کبھی
انسان میں بھی ہے خواہ وہ دشمن کیوں نہ ہوں چنانچہ کتاب عیون اخبار الرضا میں شیخ صدوق
علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ جب مامون ملعون نے جناب امام رضا علیہ السلام کو اپنا ولیعہد کیا تو ابر
سے ایک مدت تک پانی نہ برسا جو لوگ کہ عداوت امام رضا علیہ السلام سے رکھتے تھے زندہ درگور ہی کہنے لگے
کہ جب سے جناب امام رضا علیہ السلام ہمارے ولیعہد ہوئے ہیں خدا نے پانی نہیں برسایا یعنی
آپ کی شامت سے نہیں برسا جب مامون نے سنا جرگہ اور تیسرا دن

اور خود

ازبسکہ عزت حضرت ملحوظ تھی لہذا یہ کلمات گستاخانہ مامون کو حضرت کی شان میں ناگوار
معلوم ہوئے اور آپ سے استدعا باران کی حضرت نے عرض مامون کو قبول فرمایا و خرج
یَوْمَ الاِثْنَیْنِ اِلَی الصَّحْرَاءِ وَصَعِدَ عَلَی الْمِنْبَرِ وَکَانَ الْخَلْقُ یَنْظُرُ اِلَیْهِ اور دو شنبہ
کے روز صحرا میں تشریف لیگئے تمام خلایق بھی باہر جا کر مشغول تماشا تھی آپ منبر پر تشریف لیگئے اور بعد
حمد و ثنای الہی عرض کیا ای معبود برحق ای پروردگار تو نے ہم اہلبیت کی حق کو عظیم کیا
اور حسب حکم تیری اس خلق نے ہم سے توسل کیا یہ لوگ تیری فضل و رحمت کی آرزومند اور تیرے
احسان کے امیدوار ہیں بار الہا میری عرض یہ ہی کہ انکی واسطی ایسا پانی برسا کہ نافع ہو
اور اوسکا فیض سب میں پہنچی اور دیر میں نہ آوی ہان اسقدر مہلت ضرور درکار ہی کہ یہ لوگ
جب اپنی اپنی مکانوں میں پہنچ جاویں تو اوسوقت شروع باران ہونا چاہئے راوی کہتا ہی
قسم ہی اوس خدا کی جسنی محمد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کو مبعوث بحق فرمایا ہی دیکھا میں نے کہ ہوا نے
ابر کو جمع کردیا بجلی چمکنے لگی بادل گرجنے لگی لوگوں نے بھاگنا چاہا حضرت امام رضا نے فرمایا
ٹھہرو ابھی نہ اوٹھو یہ ابر فلان شہر کے لوگونکی لیئے ہی تمہارے واسطے نہیں پس وہ ابر چلا گیا
پہر دوسرا ابر مع رعد و برق آیا اور لوگوں نے اوٹھنا چاہا کہ حضرت نے منع فرمایا اور وہ بھی چلا گیا

تا اینکہ اسطور سے رس ابر ہر ایک شہر کیواسطے آئے اور حضرت فرماتے گئے کہ یہ فرمان تقدیر

ہی اور وہ روانہ ہوگئے جب گیارہوان ابر آیا تو آپنے فرمایا کہ یہ ابر تمہارا

ہی خدانے سبھی بھی اللہ کا شکر کرو کہ اوسنے اپنی فضل سے تمکو یہ نعمت عطا فرمائی فادعو

رفی دایا کہ اب اوٹھکر اپنی اپنی مکان و آرامگاہ مین چلی جاو کہ یہ ابر تمہارے سر پر

ایسا ہی کھڑا رہیگا تا وقتیکہ مکانو مین نہ پہونچ جاو بعد اسکی خیر و برکت تمکو ہوگی اور

کرم و بزرگی خدا ہو یہ فرماکر منبر سے نیچے اوتر آئے اور لوگ چلے گئے وہ ابر بدستور

جب سب لوگ گھرونمین ہو چکی تو خوب زور و شور سے پانی برسا کہ سب مقامات بھر گئے

لوگون نے کہنا شروع کیا هَنِيئًا لِوَلَدِ رَسُولِ اللّٰهِ كَرَامَاتِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فرزند

رسول پر کرامات خدا گوارا ہو جیو یعنی اونکی ذات اقدس سے یہ نعمت خدا ہمین میسر ہوا

امید کسے تھی واقع مین لوگون نے عجب ذات منظر نعمت آیات خدا تھی سلام

ای بہ نعمت نو گل گلزار شاہ دین حسین
وی بہ تربت دوحہ بستان ختم المرسلین

گوی زرین فلک از صولجان امر تو
گشت سرگردان ز مشرق جانب زیر زمین

آنچہ باشد ظاہر و مخفی بہ تحت آسمان
سر بسر آن را ترا ہستند در زیر نگین

کہ در حضرت بنوشتہ از صبح ازل   حکم فرمان قضا را تا بروز واپسین

راوی کہتا ہے کہ جب یہ معجزہ آپ سے ظاہر ہوا تو مامون نہایت بشاش ہوا ایک شخص بھیجکر اونکو

ولیعہدی تہی اور بعض روایت سے جب مسموم ہوئے مامون یہ کہنے لگا بخبر بات درست

ہی اور خدا سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں تیرا نام اون ضعفاؤں میں سے ہوں جنکی زمانہ میں سلطنت

اولاد عباس سے نکلکر اولاد فاطمہ میں ہو گئی . تو نے اپنی دشمنوں کی مدد کی اور معاذ اللہ ساحر

فرزند ساحر کو تو نے مشہور کیا یہہ لوگ گمنام و پست رتبہ و فراموش تہے تو نے نامور اور

ظاہر اور بلند کر دیا ذرا دیکھی اب مامون کی نیت اصلی و خبث نفسی ظاہر ہونیکا وقت ہے

سنیے کلمات اوسکی سنکر مامون نے جواب دیا کیا ہوں میں نے اس غرض سے ولیعہد کیا تہا

کہ لوگ خفیہ انسے بیعت کرتے تہی میں نے چاہا تہا کہ جب ولیعہد رہیگا تو لوگونکو ہماری طرف

دعوت کریگی اور جو لوگ کہ انکے گردیدہ و معتقد ہیں اعتقاد کرینگی کہ اونہوں نے حق خلافت ہمارا

حق ہی یقین سمجھی کیا جو کیا اونکی تعظیم دینی سے ہمکو سلامت ہے اب اونکو اگر ایسے ہی چھوڑ دینگی

تو بہت برا رخنہ ہمارے کام میں ہوجاویگا کہ اوسکا بند کرنا مشکل ہوگا اب سستی و سہل انگاری

اونکی حق میں جایز نہیں لیکن ہمکو اختیار ہی کہ تہوڑا تہوڑا مرتبہ اونکا پست کریں اور

لوگون کے نزدیک ایسا کروں کہ وہ لوگ سمجھنے لگیں کہ یہ استحقاق اور اہلیت و سزاواری

پہر ایسی تدبیرین کرینگے کہ یہ بلا ہم سے دفع ہو جاویگی تعال انما حملني هذا على

اوس شخص نے کہا اے امیر المومنین اس کام و اس کا دبدبہ وہی ہے جو میری ذمہ چہوڑ دی

اونکو اور اونکے اصحاب کو خاموش کر دیگا اور قدر و منزلت اونکی کم کر دیگا اور اگر آپ کا ارادہ

پہرتا تو میں نے اونکو اونکے رتبہ سے گرا دیا ہوتا مامون نے جواب دیا اس سے بہتر اور

کہا تو سب ارکان دولت و مملکت و افسران فوج و فقہا و قاضیونکو جمع کرنا

سامنے انکے مرتبہ کو کم کروں اور وہ لوگ واقف ہوں کہ یہ مستحق و سزاوار نہیں مامون نے

رعایا سے وضیع و شریف امرا و فقہا کو جمع کرکے خود بہی مجلس میں بیٹہکر امام رضا کو بلوا کر اونکو

پر جو اونکے لیے مقرر تہی بٹہایا اوس حاجب سلیمان نے حضرت سے کہا کہ لوگون نے

آپکے تعریف اسقدر کی ہے اور اس درجہ پر پہنچا دی ہے کہ میری گمان میں اگر آپ سنین تو خود

بیزاری کرنے لگیں یہ لوگ کہتے ہیں کہ آپنے دعا باران کی تو پانی برسا اور

آپکا معجزہ کہتے ہیں اور اسوجہ سے آپ کو بے مثل و یگانہ دنیا قرار دیتے ہیں حالانکہ یہ دعوی ہے جو

یہ امیر المومنین ادام اللہ ملکہ و بقاءہ کسی شخص کے ساتھ کچھ بھی مواخذہ و موازنہ نہیں کرتا

مگر یہ کہ اوسکو ہر ایک پر ترجیح دے اور آپکو ایسے رتبہ پر بھی پہنچا دیا کہ سب پر اوشن ہی منزلت تقتضی

اوسکی حقوق کا یہ ہی ہے کہ نہ زور و مکر تم جائز نہ ہو کہ در گذر آپ کی تعریف کریں حسین یہ

ضیف کی اہانت کسر شان ہو

فقال لا امنع للخلق من مذاکرة نعمة الله التی لنا حضرت امام رضا نے

شکر جواب میں فرمایا کہ میں بندگان خدا کو ایسے مذاکرہ و تفکر نعمتہای الہی سے کہ ہمکو بخشی ہیں

منع نہیں کرتا اگرچہ از راہ فخر و فرحت اوسکی وجہ سے عمر گردن بلند کریں اور یہ جو تونے

کہا کہ تیرے حضرت نے مجھکو اس رتبہ پر بھی پایا اوس نے ہرگز مجھکو نہیں بھی پایا بلکہ یہ تفضل اوسکی ہے

کہ عزیز مصر نے جناب یوسف صدیق علی نبینا و علیہ السلام کو بھی پایا دار حکومت

کہ مراد حضرت اس کلام سے یہ تو ہوتی کہ جیسا حضرت یوسف کا وسیلہ عزیز مصر ہونا کوئی سبب

زیادتی رفعت و شان بہ نسبت حالت سابقہ باعتبار رتبہ خود نہیں ہوا بلکہ وسیلہ کی تحمید

کم رتبہ میں تھی ایسے ہی دیکھی یا ہوں میری مرتبہ داری کے کم ہی پایا کہ جیسا عزیز مصر نے

حضرت یوسف کو اس اثر میں گم کیا تھا اسی طور سے ہم نے بھی جبریئل کو میری گرفتاری

دار

الغرض یہ کلام حضرت سنکر وہ مسرور ہوتا تھا اور جب یہ ختم ہوا اور ہمیں تمام ملک

تم اپنی حد سے گذر گئی اور اپنی رتبہ سے تجاوز کر گئی اس وجہ سے کہ خداوند عالم نے یہاں بھی اثبات

اسکا ثبوت ہو چکا تھا اور وہ پیش دیکھی نہوتا اسکو تمہی اپنا معجزہ قرار دیا اسکی ابتدا یوں ہے

مقام مباہات میں فخر کرتے ہو گویا یہ تمہی وکیل قتل معجزہ حضرت خلیل اللہ ابراہیم علیہ السلام کا

کیا کہ جب آپ نے سر چاروں جانوروں کے اپنی ہاتھ میں رکھی تھی اور انکی اعضا متفرق کر کے

پہاڑ پر رکھکر طلب کیا تھا کہ وہ سب کے سب متفرق مقامات سے آکر اپنی اپنی سر سے ملگئے

بحکم خدا ملگئی تھی اب اگر تم صادق القول ہو تو ان دونوں شیروں کو جو مسند خلیفہ پر نقش ہیں

حکم کرو کہ زندہ ہو کر جادوگر کو کھا لیں تو ہم سمجھیں کہ یہ معجزہ ہی اور نہ یہ کاتو دلیل اثبات

برسا علاوہ اسکی وہ جو تمہارے ساتھ دعا میں شریک تھی یہ بھی معلوم ہوا کہ اثنا

دعا سے برسا اور انکی دعا بیجا رہی

مومنین جب دشمن کفران نعمت خدا مین اسدرجہ طغیان کیا اور میری زبان سے سب الصغیر
کا مستحق ہوکر مستعدی بھی ہوا تو بہر تنبیہ سیاست قہار وسوجہ تعزیر جباری
یکی جناب امام علی بن موسی الرضا کو تاب نرہی اور غضبناک ہوکر اون دونون تصویرون
شیرکو آواز دی اِفْتَرِسَا هٰذَا الْفَاسِقَ کہ اس فاسق وفاجر کو بھی خوراک
کرو اور اوسکے کچھ بھی نشان نچھوڑو راوی کہتا ہی ہنوز کلام امام تمام نہوا تہا کہ وہ
دونون شیر قالین بہ صورت شیر اصلی ہوکر حملت کرکے اوس فاسق پر جاپہونچی اور اوسکی اعضا کو
چور چور کر ڈالا اور ہاتہ کی بکہ خون تک اوسکا چاٹ لی کل لوگ حیران تہی در حالیکہ غش
دیکھ رہی تہی جب اوس مرد فاسق سے وہ شیر فارغ ہوئی تو امام رضا علیہ السلام کی خدمت مین عرض کیا
یَا وَلِیَّ اللهِ فِی اَرْضِهٖ مَا اَمَرْتَ فِی هٰذَا اب آپ کیا ارشاد فرماتی ہین
ہمنی بجو کچھ آپ نے کہا اس سے بھی کرین اور یہ کہکر ہامون بطرف اشارہ کیا جو بیچ ہامون نی
یہ کلمہ سنا بیہوش ہوگیا امام علیہ السلام نے فرمایا کہ جب چپ رہو اور خود شیر ہوگیا وہ
دونون شیر پہر عرض کرنی لگی آیا آپ اجازت دیتی ہین کہ ہم اوسکو اوسکی صاحب سی ملادین

بمعصیتنا بدلوا نعمة الله
مأواه جهنم

آپنے فرمایا نہیں کیونکہ خدا نے اوس سے ایک مصلحت نکالنی چاہی ہے اور وہ

شیروں نے عرض کیا اب ہمارے لیے کیا حکم ہے فرمایا تم اپنی جگہ اصلی پر پھر جاؤ۔ وہ

شیر پھر تصویر قالین یعنی صورت تمثال بنگئے

کیوں ہو نہیں وہ کیا مصلحت تھی کہ جلدی کرنے کی خبر امام رضا ع نے بہ نسبت مامون فرمایا

شہادت حضرت تھی چنانچہ بعد اوس واقعہ کے مامون ظاہر میں تو بہت قدر و عزت کرتا

تمام رعایا وضیع و شریف سب آپکے رتبہ و امامت کی قائل ہوگئی تھی مگر کینہ و حسد اوس

کے دلمیں بدرجہ تھا کہ کبھی اوس فکر سے غافل نہ رہتا تھا کہ کیونکر حضرت کو شہید کرے تا

آپکے شہادت پر چارہ نہیں چلا آخر اوسکی کوششیں بے سود ہوئیں چنانچہ بروایت

عبدالرحمن بذریعہ ہرثمہ بن اعین صبیح سے روایت ہے کہ ایک روز مامون نے شب ہنگام

دو معتمدین خاص سے تھا بلایا۔ صبیح نے دیکھا کہ اوس سیاہ دل نے تیغیں برہنہ زہر آلود لیکر

قریب تیس کے ہر ایک سے عہد و پیمان و کتمان راز کیا لیکا تو پھر ان تیسوں غلاموں سے کہا

کے حجرہ میں جا اور جس حالت میں پاؤ تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرکے چلے آؤ

بارہ ہزار درہم مع مال و اسباب و زمین کے دیدی اپنی مقربان خاص سے بنا دیگا صبیح یہ سن

کر مجلس تلوار اوس کمین سے لیکر متوجہ خانہ حضرت ہوا جب آیا حجرہ طیبہ میں ہی تو دیکھا کہ

آپ بستر پر آرام فرماتی ہوئی اپنی ہاتھ کو حرکت کرتے ہوئی ایسی شخص سے کلام کرتے تھی نظر نہ

آتی وہ باتیں سمجھ میں او نہ اوس شخص کو دیکھا اور تربت حضرت کے بدن پر ہوئی زرہ و جامہ

ہی مشابہ مانع اثر تلوار ہوتا ہے وہ شخص جو کہ صبیح دوشقہ رہیبت تہا کہ بوجہ ہیبت سلطان

ہو ہیکل ساتہہ چہلا آیا تہا ہندا ہتہا کی میں تلوار کو پہینک کر ایک گوشہ حجرہ میں ترسان و لرزان

کہ اب حضرت شہید ہوتے ہیں ہر اہو گیا کہ پہینکا کہ گئے سب غلام ملکر حضرت پر ٹوٹ پڑی

اور بقدر ہوا ہن کر اونکی علم و یقین میں حضرت کی نگری ہو گی

پہر آپ کو فرش میں بیٹہ کر دیکھتے ہوں سے تمام قصہ بیان کیا صبیح یہ سنکر دلمیں خوش ہو

کر محل میں اپنی ماتم زدوں کی صورت بناکی روتا ہوا اپنی دربار میں بیٹھا اور رسم تعزیت بجا لایا

پہر اوسطرح سے ہر یا ہر بند سامان تجہیز و تکفین کے کی حضرت کی حجرہ کیطرف چلا قریب ہوا تہا

کہ کسی بربط کی آواز سنی فَقَالَ لِلصَّبِیحِ مَا هٰذَا الْخَبَرُ صبیح سے پوچھی کہا یہ کیا دربہ سطح

سناو دربان تو کرو وہ خبر لائی کہ حضرت نماز پڑھتی ہیں اور محراب عبادت میں تحت

ایک شب نماز میں اس حال کے نشہ میں تن نحیف پر لرزہ پڑ گیا اور چند روز میں گھٹ گئی تھا کہ

ہو گئی تھی کبھی قریب و بیا ہی پھر صبح کو حقیقت حال دریافت کر لیتے تھی صبح ہوتی میں جب

قریب استانہ مبارک پہنچا یہ پہنچی امام معصوم نے آواز دی صبح تو ہی ہی میں اور

ہاں آ رات آپ کا سلام ہی حضرت نے دروازہ کھولدیا میں دیکھتی ہی بیتاب ہو گیا

اور خاک پر گھسا رہیں کہنے لگا امام نے فرمایا اونچہ خدا تجھپر رحمت کرے اور

تلاوت فرمائے یُرِیدُونَ لِیُطْفِئُوا نُورَ اللّٰہِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُورِهِ

وَلَوْ کَرِهَ الْکَافِرُونَ کافر چاہتی ہیں کہ نور خدا کو اپنی منہ سے بجھا دیں مگر خدا پورا کرنی والا ہے

اپنی نور کا ہی بعض روایات سے ثابت ہی کہ اوس وقت زخم بدن دیکھنی

اوسنے کرتہ بطور تبرک طلب کیا کہ میں اوسمیں نماز پڑھونگا حضرت نے دیدیا جب جسم شریف

برہنہ ہوا تو مطلق اثر زخم نتہا ہاں خطوط البتہ محسوس ہوتی تہی

جب مامون نے یہ حال سنا قتل یا سیاہ سے وقتاً کہا کر بہت خفیف ہوا ہتی گیا اور

واعیان مملکت تعزیت کو آئی میں سہو کہ حضرت کو غش آ گیا تہا میں سمجھا کہ اوس

صاحب نے انتقال کیا الحمد للہ حضرت تندرست ہیں

تا آنکہ بروایت ابی عبداللہ رجا آپ نے جناب رسالت مآب کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں اے علی
جلد آؤ ہم تمہارے اشتیاق میں ہیں خداوند عالم نے تمہارے واسطے بہشت کو آراستہ کیا ہے بہت
نعمتیں مہیا فرما رکھی ہیں غرضکہ جب حضرت کو اپنی شہادت کا یقین ہوا تو اپنی بعض لوگوں سے بیعت کر
کے بعد تمام عبادت و مناجات زوال نعمت خدا فرمائے تعلیم چنانچہ ابن بابویہ علیہ الرحمہ ہرثمہ بن اعین سے
روایت فرماتے ہیں ہرثمہ کہتا ہے کہ ایک شب کو اتفاق سے مامون کے پاس گیا رات
گذار کر اپنے مکان میں آیا جب نصف شب گذری تو کسی نے آواز دی دریافت کیا خادم معلوم ہوا کہ مجھ کو
امام زمان جناب علی بن موسی رضا علیہ السلام نے طلب فرمایا ہے میں نہایت تعجیل سے اٹھ کر جلدی سے
حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا فَرَأَيْتُهُ جَالِسًا میں نے دیکھا حضرت صحن میں بیٹھے تھے
مجھ کو دیکھ کر فرمایا ہرثمہ میں نے کہا لَبَّيْكَ ہاں غلام حاضر ہے پھر اپنے پاس بٹھلا کر
فرمایا کہ میرا زمانہ شہادت و ملاقات جد بزرگوار و پدر عالی مقدار قریب ہے اور میں
مامون نے قصد کیا ہے کہ انگور و انار میں زہر بذریعہ سوزن و رشتہ کے آلودہ کر کے مجھ کو
کل کے روز طلب کرے گا پس مجھ کو ... اور اس کی جو تقدیر خدا جاری ہو چکی ہے میں جو کچھ کہتا ہوں اسے گوش زد رکھو

سن اور اوسپر عمل کر کہ جب وہ آمادہ غسل ہو تو اوسکو منع کرنا اور کہنا کہ اگر تو نے غسل دیا

تو خدا نزول عذاب کریگا تیری جان پر اور وہ خوفناک ہو کر باز رہیگا اور تم میں سے بھی کوئی

شروع غسل نہ ہو گوشۂ مکان میں ایک خیمہ برپا دیکھوگے وہیں میں مجھکو رکھدینا اور اون

پر ٹھہرنا تم منتظر رہنا تحقیق وصی امام کو بغیر امام غسل نہیں دیتا اب اونکی فرزند امام محمد

کہ جیسے غسل دیتی ہیں

مدینہ میں ہیں تم بلا ترس و خوف رکھدینا کہ وہاں سے وہ آ کر مجھ کو اگر تجھے سے خوف نہو

میں غسل دیتی پھر کہہ کر قبر کرو وہ پس پشت ہارون جاہیگا تین اسپر اینٹ ظاہر ہونگی

خراسان کے بیچ پھوٹ جائیگی بند تر ہے نہ امام سب سے مقدم ہونگے قبر حضرت پر

اور جب وہ [illegible]

ہارون کرو جب اوسکو ایک بیچ ماہین قبر کا تیار ہوگی اور اوسمیں دنو پانی ہو جاویگا

اور اوسمیں کچھ مچھلیاں چھوٹے نمایاں ہونگی ہر روز فرمایا یہ نان تکلیف دیتا ہوں کہ ریزہ کرکے

ڈالدینا وہ مچھلیاں کھا لینگی تو ایک ماہی بزرگ نمودار ہو کر اون سب کو کھا لیگی پھر بدعا

کرنا ہوں پڑھنا وہ پانی فرو ہو جاویگا اور یہ سب افعال مامون کے سامنے کرنا پھر اوس

ذرا روح ہیں تو یہ سب تائید حضرت بہ نسبت صد خط مامون کیوں تھی ظاہر ہو

تھے یہی کہ تا کہ اوسکو تنبیہ ہو کہ میں نے کس نعمت خدا کا کفران کیا اور اوسکی

بیاکر دنیا میں شوق ہمیں ابدی ہوا چنانچہ حسب روایت ملا مجلسی جب بعد زہر دینی مامون حضرت

حضرت میں آیا تو روکر کشی نگاہ ہی افسوس مجکو امور تہیت در دو نعمات تخت میں ایک تو یہ

ایسے بزرگ کی جدائی دوسرا یہ بیوفائی کہ مامون نے زہر دیا اور انصار اب قبر میں خود دیر

ہے قبر میں عرض حضرت یہ ہوگی کہ قتال ملک و دولت بنی عباس شامل ان یا میں خوردلی رہی

کہ بیت حید بوجہ رنجش حضرت کے شہید کرنے سے یہ دولت زائل ہوگی اور کوئی ایسا مسلط ہوگا

کہ نسل یا میں خورد تم سب کو چھین لیگا یہ نہ خدا فرماتا ہے إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى

يُغَيِّرُوا مَا بِأَنْفُسِهِمْ خدا کی نعمت کو تغیر نہیں دیتا تاوقتیکہ کفران نعمت خود نہ کریں

چہارم باشارہ تحقیق مجلسی علیہ الرحمہ میں کے چھن کہ باب کر دیا

بازنتہ کتبی میں یہ فرمایا مری قبر کو کریں تم میں سے خاک سے پر کریں کہ وہ خود بخود بہر جا بیگی یہ دیار

حضرت نے بھی خیفت کیا اور جسیح کچھ بر حسب ارشاد مامون میں حسب معمول تھا اور ثابت تک ویسی ہی باقی فرد

بدقابیت مامون نے بھی قریب بیدار کہا کہ امام رضا عم کے خدمت میں چار مرتب سے کہنا کہ اگر

حضرت کو تکلیف نہ ہو تو قدم رنجہ فرمائیں ورنہ میں خود حاضر ہوں جب میں کیا علم مامون سے خدمت

میں ہوئی ترتیب رکھی کہ میں کہہ کہوں حضرت نے فرمایا کہ مری وصیتیں تجھے یاد ہیں ...

ہاں اے مولا آپنے کفش طلب فرما کر کہا میں جاتا ہوں تبھی کسی کام کیو اسکلی ...

پیغمبر زادے مبارک دوش قمیص پر ڈالکر روانہ ہوے جب مجلس مامون میں داخل ہو ...

تکریم استقبال و تعظیم کو اوٹھا اور بایں حضرت کے جبین و الدین اور پیشانی پر بوسہ دیا ...

پر بیٹھا اور اپنی غلام سے کہا انگور و انار لاؤ ہر تکمہ کسی میں جو میں نام انگور و انار ...

حضرت کی باتیں یا دائیں میں خبر پر رکھا تمام بدن میں زہرہ پھر گیا اور آنسو گیا مگر اس ...

کہ مامون کو اطلاع ہنو ایک گوشہ میں جا کر زار زار رونے لگا

دوسرا راوی کہتا ہے (ابوالصلت) جب انگور و انار آئی تو وہ خوشہ انگور جسمیں سوراخ سوزن درشتہ زہر ہوئی یا ...

حضرت کو دیکر کہنے لگا یا ابن رسول اللہ یہ خوشہ انگور تحفہ ہے میں ایسے کبھی نہ دیکھی تھی میں نے چاہا ...

تکہ اوپنا آپنے فرمایا شاید بہشت انگور اس سے بہتر ہوں اسکی کہا نیکر دل میں چاہا ...

اور نے بہت مبالغہ کیا اور زہر قسمت بیوسکی چند دانہ اوسمیں سے جو زہر آلودہ تھی ...

رکھے باقی آپکے دست مبارک میں دی آپنے تین دانہ نوش فرمائی تھی کہ حال دگرگوں ...

ہوا فورا اوٹھکہ کہا پرہیز قَالَ یَا ابْنَ عَمِّ اِلَی اَیْنَ تُرِیْدُ مامون نے کہا ...

جہاں جلی فقال الی المقاعد اللتی اتصلت حضرت نے فرمایا جہان تونے بھیجا ہے انکو

آپ دو بستر میں تشریف لائے ہی تھے زہر قاتل سے مثل ماہی بے آب تڑپتے تھے

اور کسی کروٹ اوس جناب کو چین نہ آتا تھا جب حال حضرت کا متغیر ہوا تو آپ نے

دروازہ بند کر لیا ابوالصلت کہتا ہے میں اوس وقت صحن خانہ میں موجود تھا کہ ایک شہزادہ

حسین نیک صورت کہ صورت وسیرت وگفتار ورفتار میں امام رضا علیہ السلام سے مشابہ تھے صحن خانہ میں

نمودار ہوئے میں سمجھا کہ یہ فرزند حضرت امام محمد تقی علیہ السلام ہیں پھر وہ صاحبزادے دوڑے ہوئے

داخل حجرہ امام رضا علیہ السلام ہوئے جب آپ نے اپنے پارہ جگر کو دیکھا رونے لگے اور ہاتھ پسر کا سینہ اطہر

سے لگالیا اور بار بار پشت کی انور کو چومتے تھے یہاں تک کہ اپنی فرش پر بٹھا کر ایسے

باتیں فرمائیں کہ میں مطلق نہ سمجھا ایک کف سا حضرت کے منہ پر آیا اون صاحبزادے

نے زبان کو اوس سے چاٹ لیا اور سینہ حضرت سے ایک شے مثل عصفور نکالی اور نگل لیا
جب حضرت نے رحلت کی

زبانی تو اپنے والد ماجد کو غسل وکفن دیکر خود غائب ہو گئے دشمن نجس مامون کو

معلوم ہوتے تھے کہ گویا غسل ہی نہیں دیا وہ بردر جب جایوں کو حضرت کی رحلت کی خبر جب معلوم ہوئی

ہر روز ۱۰ ... رمضان ۱۳۰۳ ...

تر از راہ تکبر دل میں خوش تھے دار میں ماتم ہوا آیا اور چاہا کہ غسل دے ہر لحظہ

جب بتدبیر حسب حکم حضرت کی تو خوف سے نہیں گیا ہر ثمہ نے حسب وصیت اوس حجرہ

کہ جسکو رخت خانہ میں شہزادہ پایا تھا نعش مطہر کو رکھدیا اور خود باہر بیٹھی رہی

وہیں ذکر حق تعالیٰ کی آواز میں سنتی رہی اور عجب بوئی خوش کہ کبھی قبل اوس کے [illegible]

استشمام کرتے تھے تا آنکہ مامون نے وصی خلیفہ بہ نسبت غسل امام کہ ہمارا [illegible]

محمد تقی جسکو تم شاید امام کہو گے مدینہ میں ہیں مسلمان کو غسل دیگا یہ جواب تمہیں امام کہا

کہ اگر خوف تم خائف تھا ہمراہ تو خاطر طور سے غسل دیتی اے خلیفہ وہی ربع میں [illegible]

تھوڑی دیر کے بعد حجرہ اوٹھ گیا اور دیکھا کہ نعش مطہر و مکفن رکھی تھی اور عجب خوشبو [illegible]

جب قبر کھود رہے تھے پس پشت ہارون جا ہا [illegible] یہ پتھر نکلا کہ سب لوگ [illegible]

جدا نکر سکی تا آنکہ جب ہرثمہ پیش قبر ہارون کھودا تو ضریح تیار ملی [illegible]

دیکھا جیسا کہ امام نے فرمایا تھا سب کچھ سوا جب نعش کو قریب قبر کہ تو ایک پردہ سفید

سامنے حایل ہو گیا اور بغیر [illegible] کے لیا اوتر گئی نعش قبر میں کسی نے رکھدی اسیطور سے قبر

خود بخود بند ہو گئی مامون نے ہرثمہ کو تنہائی میں بلاکر اوس دعا کو [illegible]

زہر دیا گیا تھا انہوں نے جب جواب دیا کہ مجھے بھی معلوم ہو گیا تو سال بھر قید رہا تا آنکہ جب زہر دیا

کا حکم ہوا اور ہرثمہ نے درگاہ باری میں دعا کی تو امام محمد تقی علیہ السلام بامجاز قیدخانہ میں تشریف لائے اور بابا

کو لیکر اور ہرثمہ کو قید سے آزاد فرما دیا

جلاء العیون باب تاریخ [illegible] رضا علیہ ۱۲

ہمارے مومنین امام رضا علیہ السلام تو اس غربت میں شہید ہوئے کہ کوئی ان جناب کے اعزا سے موجود نہ تھا

کیونکہ وہ سب کے سب مدینہ میں تھے کیا حالت ان اعزا کی ہوئی ہوگی جن سے حضرت اتنا دور رہے بالخصوص

اِنَّ فَاطِمَةَ اُخْتَ الرِّضَا خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِیْنَةِ وَقَصَدَتْ اَخَاهَا

تھی چنانچہ کتابوں میں منقول ہے کہ جناب فاطمہ بہن امام رضا علیہ السلام کو اپنے بھائی سے کمال درجہ محبت

تھی اتنی مدت دراز تک مفارقت میں اپنی بھائی کے رہ گئیں جب حضرت سفر سے

واپس نہ آئے تو بیتاب ہو کر مدینہ سے شہر طوس کی طرف روانہ ہوئیں جب منزل ساوہ پر پہنچیں

تو بیمار ہو گئیں فَسَأَلَتْ کَمْ بَیْنَهَا وَبَیْنَ قُمْ قَالُوا عَشَرَةَ فَرَاسِخَ وہاں کے باشندوں

سے پوچھا یہاں سے شہر قم کتنی دور ہے لوگوں نے عرض کیا دس فرسخ ہے فرمایا مجھے شہر قم

میں لے چلو جب وہ مخدومہ قریب ہوئیں اور اہل قم کو خبر معلوم ہوئی اِسْتَقْبَلَهَا اَشْرَافُهَا

سب اشراف استقبال کو اس شہر سے باہر آئے اور سب سے پہلے موسیٰ بن خزرج جو رئیس

قوم تھا خدمت معصومہ میں پہنچے اور مہار ناقہ ہاتھ میں لی سب اہل شہر پیادہ پا بہ تعظیم

من تذکر مصابنا وبکی لما ارتکب منا کان معنا فی درجتنا یوم القیامة

ومن ذکر بمصابنا فبکی وابکی لم تبک عینه یوم تبکی العیون

ومن جلس مجلسا یحیی فیه امرنا لم یمت قلبه یوم تموت القلوب

پر وہ رکاب ہوئے جب وہ معظمہ داخل شہر ہوئیں دیکھا تمام شہر ماتم دار ہے ہر ہر گھر میں

گریہ و بکا بلند ہے اور سب مرد و زن لباس سیاہ پہنے ہیں یہ دیکھ کر سخت متوحش ہوئیں فقالت

لهم لمن هذا الماتم یعنی پوچھا اس شہر میں کس رئیس قوم کا ماتم ہے کسی نے کہا جواب دو

فرمایا تمہیں ہمارے حق کی قسم ہے جلد بتاؤ یہ ماتم عظیم کس کا ہے جب اون سنکر نے بہت اونچی

فبكوا و سالوا عما بهم وقالوا ان بكائنا على سيدنا غريب الغربا تمام

رنج گئی اور کمال سر وزیر سے زمین پر بیٹھ گئی اور عرض کیا آج کئی روز گذری ہیں کہ مامون

نے آپکے بھائی امام رضا کو شہید کیا جو تب سے یہ خبر سنی ہے ہمارے ہر گھر میں ماتم برپا ہے

وہ معظمہ سنتے ہی غش کھا کر زمین پر گر پڑیں جب افاقہ ہوا رونا شروع کیا ہائے بھائی

میرے ہائے سید و غریب کہ افسوس ہم بہن خستہ جگر آپکے زندگی خبر سنتی ہو جیتی رہی اور اب شہید

کاش مجھی بھی موت آجاتی منقول ہے کہ وہ شاہزادی سترہ روز تک ہر وقت اس مصیبت

میں زار زار رویا کرتیں تا اینکہ سترھویں دن رحلت فرمائی اس سانحہ سے شہر قم میں ایک نیا

برپا ہوئے اور اون مومنین پاک اعتقاد نے بکمال اہتمام جائے پاکیزہ میں دفن کیا بعد چندی کال

زینب خاتون دختر امام محمد تقی علیہ نے اون معظمہ کا قبہ دار بنوا دیا

جناب فاطمہ خواہر امام رضا علیہ السلام نے اپنی بھائی کو شہید ہوتے نہ دیکھا تھا فقط خبر شہادت سنکر بیحال ہو گئیں

کہ روتے روتے دنیا سے گذر گئیں مگر افسوس ہے حال جناب زینب خاتون خواہر امام حسین علیہ السلام پر کہ جناب

نے اپنی بھائی امام حسین علیہ السلام کو زیر خنجر دیکھا چنانچہ حمید بن مسلم کہتا ہے کہ جب حضرت ذو الجناح سے زمین

پر تشریف لائے اور جناب زینب نے یہ حال در خیمہ سے دیکھا مضطر و بیقرار ہوکر باہر محل آئیں اور در حسین

گئی ہوئیں تب مقتل حسین حمید کہتا ہے وہ اضطراب سے کبھی گرتی کبھی اٹھتی جاتی تھی

اور در پر سے گویا کہ بیہوشی کی حالت تھی تا اینکہ قریب امام حسین علیہ السلام تشریف لائیں فرمانے لگیں مرملًا

مقتلًا باللہ ھاء ہائے افسوس یہ نہیں خدا سے بہن کو یہ حال بھائی کا نہ دیکھا اور جناب زینب نے

دیکھا کہ پارہ جگر فاطمہ زہرا نور نظر رسول خدا خاک و خون میں آلودہ ریگستان گرم پر پڑا ہوا ہے

اور حضرت کے نزدیک عمر سعد مع چند رفقا کے کھڑا ہے بیقرار ہوکر رونے لگیں کہ ہائی بھائی ہائی گریا

افسوس ہے تجہیز زندگی کہ آج یہ حال اپنے نہ دیکھتی کاش آسمان زمین پر گر پڑتا اور زمین

شق ہو جاتی وقالت و تحکم النبی یتلکم مثلکم یہ فرمایا اور ہر تیر کیا تم میں ایک

بھی مسلمان نہیں کہ اپنی نبی کے نور سے تو بچاؤ جب کسی بیرحم نے جواب نہ دیا تو بنگاہ حسرت

دیا میں جناب پسر سعد خطاب کرکے فرمایا ای سنگدل بیرحم تیری سامنی فرزند رسول ذبح ہوتا ہی

اور تو اور دیکھتا تھا دور سے یہ منظر کرتا حمید ستمگر باوجود شقاوت بہی جناب زینب

پر ظلم ہوتے دیکھ کر رو دیتا تھا آہ مومنین جس وقت شمر نے بی بی کی بے ادبی کی اور حرمت

کی خورشید ردا درپیش کرنا کیا عرض کیا جاوے فرماتے ہیں

ز بار بہائی تو پیچان تاو فرو رفتہ رفت در جسم بیتاب ز زخمی کاری و رنج و دوا

نخواہد رسیدن الا دمی چند چہ باشد گر بیابش و آلودہ عجب در مرز تحمیلی ز دو سہا

جگر از تشنگی در التہاب است بزیر نعل اسپ آب آب است

مومنین جناب فاطمہ خواہر امام رضا علیہ السلام کے بعد کوئی مصیبت نہ اوٹھائی جناب زینب نے بعد امام حسین

کیا کیا مصیبتیں اوٹھائیں قید ہوئیں سر برہنہ شہروں میں بازاروں میں پہرائی گئیں

اہل قم نے وہ عزت و توقیر کی کہ استقبال کو آئے مہمان رکھے خاطرداریاں کیں بیان

اہل شام استقبال کے عوض اپنے گہروں سے نکل کر تماشا دیکھنے کو آئے توقیر کے

بدلے ہر شخص ذلت کا خواہاں تھا

تفسیر آیۂ کلمات خدا بہ ائمہ حال تولد و بعض معجزات و جوابات علمی امام محمد تقی ع

بہ مامون و یحیی بن اکثم عقد ام الفضل بہ حضرت معجزہ فروشانی دوبارہ

معتصم کا حضرت کو بلانا آخر شہادت مدینہ ابو داود وزیر ربط عداوت

ابن زیاد با امام حسین ع دربار ابن زیاد و اسیران اہلبیت ع

قال اللہ تعالیٰ وَاِذِ ابْتَلٰی اِبْرٰهِیْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ

ظاہری ترجمہ اس آیۂ شریفہ کا یہ ہے کہ خداوند عالم اپنے حبیب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب کرکے میں ارشاد فرماتا ہے کہ اس وقت کو یاد کرو جبکہ ابراہیم ع کا امتحان انکے پروردگار نے کلموں سے کیا پس ابراہیم نے انکو تمام کیا مفسرین نے اختلاف کیا ہے کہ جن کلمات سے امتحان جناب ابراہیم ع کیا گیا وہ کیا تھے بعض کہتے ہیں کہ سنتہای حنفیہ ابراہیم ہیں اور بعض نے مطلق تکالیف سمجھی کہ جناب ابراہیم ع فضل اللہ انکو پورا کرچکے اور امتحان میں کامل ہوئے مگر ابن بابویہ علیہ الرحمہ نے بذریعہ مفضل بن عمر جناب امام جعفر صادق ع

تفسیر کلمات یہہ بیان فرماتی ہیں کہ یہہ وہ کلمات ہیں جنکو حضرت آدم نے اپنی پروردگار

سے لیا یعنی تعلیم پائی اور انکی سبب انکی توبہ قبول ہوئی جیسا کہ خدا تعالیٰ قبول توبہ جناب آدم میں

فرماتا ہی فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیْهِ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

یعنی آدم نے اپنی پروردگار سے چند کلمات کے ذریعہ سے دعا کی قبول توبہ کی خدا نے بہ برکت ان

کلمات کے دعا حضرت آدم قبول فرمائی سو شاید آپ لوگ سمجھی وہ کلمات کیا تھی وہ یہ تھی

کہ حضرت آدم نے فرمایا خداوندا بحق محمد و علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام تجھ سے سوال کرتا ہوں

کہ میری توبہ قبول کر پس خدا نے آدم کی توبہ قبول کی بہ برکت اسماء مطہرہ لہذا معلوم ہوا کہ اس آیت میں جن

انکا ان جناب ابراہیم کا حال خدا بیان فرماتا ہی یہی حضرات اہلبیت طاہرین مراد ہیں اور ان

آیت شریفہ باقی رہ گیا کہ یہہ فاتمّھن کے کیا معنی ہونگی یعنی یہہ اہلبیت طاہرین

جناب ابراہیم سے ہونگی یعنی فرزند وہ حضرت سابق اور یہہ لاحق میں جواب اس شبہہ کا وہی حدیث شریف

سے ثابت ہی کہ راوی کو بیان تفسیر کلمات بہ ایمہ ہری کی شبہہ ہوا حضرت نے فرمایا کہ اتمّھن کا

فاعل خدا ہی یعنی کہ تو حضرت قائم تک کہ بارہ امام ہیں تمام کیا ملا باقر مجلسی علیہ الرحمہ

کی تاویل کلمات ۔ یہ تفسیر آیت سے بہت مطابقت رکھتی ہے کیونکہ اسکے بعد حق تعالیٰ نے فرمایا ہے

اِنِّی جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا میں نے تمکو امام کیا قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِی جناب

ابراہیم نے عرض کی خداوند میری ذریت سے بعضوں کو امام کر قَالَ لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ

خدا نے فرمایا میری امامت کا عہد تمہارے ظالموں میں نہ ہوگا یعنی تمہاری ذریت سے انکو امام قرار دونگا

جو کہ تمام گناہوں سے معصوم ہونگے پس اس آیت کے یہ معنی ہونگے کہ حق تعالیٰ نے آپ کی امامت یا عطائے

امامت کی انکو خبر دی اور ابراہیم نے انکو تمام کیا یعنی اپنی ذریت کی لئے طلب کیا (چنانچہ ضمیر اتمھن کی

جانب ابراہیم ہیں) اور خدا نے انکو بشارت دی کہ تمہاری ذریت سے جو کوئی معصوم ہوگا میں انکو

تا قیامت امام کرونگا (اور بنا بر ضمیر اتمھن کو جانب خدا راجع ہیں) بہر حال تفسیر کلمات آیہ

بغیر تکلف کے مطابق ہیں علاوہ اسکے بہت سی آیات سے تفسیر کلمات بایں معنی ثابت ہے چنانچہ خدا فرماتا ہے بعد قصہ ابراہیم

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ یعنی خدا نے کلمہ توحید کو عقب

ابراہیم میں باقی رکھا یعنی ہمیشہ انکی ذریت میں ایک ایسا شخص ہے جو یگانگی خدا کا قائل ہو اور لوگوں کو

اسکی معرفت و دعوت و ہدایت کرے شاید کہ مشرکین موحدوں کی دعوت و ہدایت کے سبب سے

اپنی شرک سے پھر جاویں اس لفظ کلمہ میں بھی مثل آیہ سابق مفسرین کا اختلاف ہے

بعض علما تو صحیفہ کہتی ہیں بعض امانت کہتی ہیں جو اونکی ذریت میں نیابت کی بہ ریگانی جیسے بہت
حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ خدا نے القاب جناب ابراہیم و حضرت رسول میں تا قیام نیابت الٰہی
ایک علم باقیہ قرار دیا جیسا کہ شیخ طبرسی نے فرمایا ہے بہر حال یہیں بھی اختلاف ہے کہ اونکی القاب
ون شخص مراد ہے بعضوں نے فرزندان ابراہیم میں اور بعضوں نے کہا کہ آل محمد میں چنانچہ ابن بابویہ
سلیم بن قیس سے روایت کی ہے کہ ایک روز ہم گروہ مسجد میں تھی کہ جناب امیر المومنین تشریف لائے اور فرمایا جو کچھ
کہ جو چاہتے ہو مجھسے سوال کرو قبل اسکے کہ مجھے نہ پاؤ اور تفسیر قرآن سے سوال کرو کہ قرآن میں علم اولین
و آخرین ہے اور کسیکی کوئی بات نہیں چھوڑی ہے قرآن کو نہیں جانتا مگر خدا اور وہ لوگ جو علم میں
راسخ ہیں اور علم میں راسخ ایک شخص نہیں بلکہ بہت ہیں اور انہیں سے ایک حضرت رسول تھے اور انہوں نے
علم قرآن کی تعلیم اونکو دی تھی اور آنحضرت نے مجھے تعلیم فرمایا اور ہمیشہ یہ علم میری فرزندوں میں نیابت تک
رہیگا بعد حضرت نے یہ آیت پڑھی کہ جو خدا نے تابوت سکینہ کے بارہ میں نازل فرمائی ہے فِيهِ سَكِينَةٌ
مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ یعنی تابوت
میں تمہارے پروردگار کا سکینہ اور اون چیزونکا بقیہ ہے جنکو آل موسی و آل ہارون نے چھوڑا ہے
اوسکو فرشتی اوٹھاتے ہیں ۔ مومنین حضرت نے یہ آیہ بطریق تمثیل پڑھی تھی

یعنی جس طرح کہ بقیہ علم و آثار حضرت موسی و ہارون جو کہ اونکی وصی تھے تابوت سکینہ میں محفوظ تھے اسی طرح
حضرت پیغمبر آخر الزمان اور اونکی وصی کے علوم و آثار اونکی ذریت کے پاس محفوظ ہیں اسی لیے حضرت نے
بیدرسگی فرمایا کہ میں بہ نسبت رسولخدا کے بمنزلہ ہارون و موسی ہوں اور میں پیغمبری کے سوا تمام چیزوں میں
اونکا مثل و مانند ہوں پس ثابت ہے کہ علم ہمارا ذریت میں ہے پھر حضرت نے یہ آیت پڑھی وَجَعَلَهَا
كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ اور فرمایا کہ جناب رسولخدا حضرت ابراہیم کی عقب تھے اور ہم سب
اون دونوں یعنی حضرت ابراہیم اور حضرت محمد کی عقب میں اسیطرح سے اس آیۃ کی تفسیر میں
کمال الدین میں بسند معتبر مفضل بن عمر حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ میں نے اس آیت کی تفسیر پوچھی حضرت
([illegible])
نے فرزندان حسین علیہ السلام میں قیامت تک قرار دیا ہے مفضل نے کہا یابن رسول اللہ امامت فرزندان امام حسن
میں کیوں نہ قرار دیا اور خصوصا امام حسین کے عقب میں کیوں ہے کیونکہ یہ دونوں بزرگوار حضرت رسول کے
نواسے اور بہشت میں جوانان اہل بہشت ہیں اور ایک دوسرے کے بھائی تھے حضرت نے فرمایا کہ موسی و ہارون
دونوں پیغمبر مرسل اور ایک دوسرے کے بھائی تھے مگر خدا نے امامت کو فرزندان ہارون میں قرار دیا اور
فرزندان موسی کو عطا نہ فرمایا پھر فرمایا کسیکو مجال نہیں کہ یہ اعتراض کرسکے کہ کیوں ایسا ہوا
اسلیے کہ امامت زمین پر خلافت خدا ہے اور کسیکو مجال نہیں کہ یہ سوال کرے کہ خدا نے امامت کو فرزندان

امام حسین میں کیوں قرار دیا اور فرزندان امام حسن میں کیوں قرار نہ دیا کیونکہ خدا اپنے افعال میں
حکیم ہے اور جو کچھ کرتا ہے بموافق حکمت کرتا ہے جیسا کہ فرمایا ہے لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ
يُسْئَلُونَ یعنی خدا اون کاموں سے سوال نہیں کیا جاتا جو کہ کرتا ہے اور یہ لوگ سوال کئے جاوینگے
واضح عرض کرتا ہوں کہ ان احادیث ائمہ معصومین سے ثابت ہوتا ہے کہ مراد کلمے سے آیات قرآنی میں
جس مقام پر وارد ہوا ہے ذوات بابرکات ائمہ معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین ہیں چنانچہ بسبب ذکر
اکثر آیات کے تاویل انہیں معنوں میں ملا باقر مجلسی علیہ الرحمہ نے کتاب حیات القلوب کتب احادیث
میں فرمایا ہے اور واقع میں اگر بنظر تعمق غور کیا جاوے تو ان کلمات خدا سے زیادہ اور کون شی
مراد ہو سکتی ہے کیونکہ بعض عبارت ایسی ہے کہ جو بدون ائمہ معصومین کے سمجھ ہی میں معلوم ہوتی ہے
بلحاظ صحیح لفظ کلمہ سے ائمہ مراد ہیں چنانچہ کلینی علیہ الرحمہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے
کہ جب حق تعالی کا ارادہ ہوتا ہے امام سے متعلق ہوتا ہے تو ایک فرشتہ کو حکم دیتا ہے کہ وہ عرش
کے نیچے سے پانی لیکر امام کے باپ تک پہنچاتا ہے وہ اوسکو پیتا ہے اور اوس پانی سے امام کا نطفہ منعقد
ہوتا ہے چالیس دن تک تو شکم مادر میں کوئی صدا نہیں سنتا بعد اسکے سننے لگتا ہے اور شکم مادر
میں یا بعد ولادت حق تعالی اوسی فرشتہ کو بھیجتا ہے وہ امام کے پیشانی یا بازوے راست

یا فرزندوں شاہزادوں کے درمیان یا ان تمام ثقہ مومنین کہتا ہے وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ

صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ یعنی تیرے پروردگار

کا کلمہ راستی و عدالت سے تمام ہوا اوسکی کلمات یعنی آیات کا تبدیل کرنے والا کوئی نہیں ہے

اور وہی خدا سننے والا اور جاننے والا ہے اور جو ثابت وہ منصب امامت پر فائز ہوتا ہے

حق یہ ہے کہ ایک عمود نور اوسکی واسطے بلند کرتا ہے جسکی سبب اپنی جگہ شہر میں تمام شہر کے رہنے والوں

کے اعمال دیکھتا ہے اور خدا ایسے ہی شخص کو امام مقرر کرتا ہے

واقعی مومنین ان بارہ میں یہ ہے کہ کوئی اس امر کا محتاج نہیں کہ اگر کوئی شخص کسی یا بقول مسکت کرامت

کہ خود بہ بدیہ ان حضرات کی صداقت خود انکی آیات کے مشہور ہیں چنانچہ شب تولد امام محمد تقی

میں حکیمہ خاتون ہمشیرہ امام رضا علیہ السلام نقل ہے کہ مجھکو ورزی کے بہانے حجرہ تولد فرزند از بطن مبیکہ

شہر بہ ریحانہ خاتون کہ جو نسل قوم ماریہ قبطیہ مادر ابراہیم جناب ابراہیم فرزند رسول خدا سے تھیں

دیکھ کر بلایا تو دیکھا اوس حجرہ میں چھ میں سبب تیمہ یعنی چراغ روشن کرکے اون منظر کو طشت پر

بطرف قبلہ بٹھایا اتفاقا چراغ خاموش ہوگیا میں مضطرب ہوئی کہ اسی حالت میں خورشید

فلک امامت نے بچہ رحم سے طلوع کرکے طشت میں نزول فرمایا اوحضرت پر پردہ نورانی

[illegible]

تسلی حق محیط تھا کہ جس سے ایک نور ساطع تھا کہ مجھکو ضرورت روشنی شمع کی نہ تھی میں نے اوس نور مبین
کو اپنی آغوش میں لے لیا اور اوس پردہ کو خورشید جمال سے دور کیا اور پارچہ پاک میں
لپیٹ کے رکھی تھی کہ میرے بھائی امام رضا ع حجرہ میں داخل ہوے اور مجھسے منگا کر اوسکو آغوش امامت
میں لیکر اپنی آغوش میں لے لیا اور تا طلوع صبح اسرار الہی اون صاحبزادے کے کان میں فرماتے رہے تا آنکہ
جب صبح ہوئی تو گہوارہ میں لٹا کر مجھسے ارشاد فرمایا کہ اس گہوارہ سے جدا نہ رہنا جب تین روز ولادت باسعادت
کے گذر گئے تو اپنی چشم حق بین کو کھول کر چپ و راست نگاہ کی اور بزبان فصیح فرمایا اشہد ان
لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمداً رسول اللہ جناب حکیمہ فرماتی ہیں جب میں نے
یہ حالت مشاہدہ فرمائی متعجب ہو کر اپنے بھائی امام رضا ع سے بیان کیا آپ نے فرمایا کہ اے بہن
اس سے زیادہ عجائبات ملاحظہ کرو گی یہ فرزند مشابہ موسیٰ عمران و جناب عیسیٰ ع ہے کہ حق تعالیٰ
نے مقدس و منور کیا اور ماں نے اونکو طاہر و مطہر کیا   واقعی یہ حسنین کی ذات بابرکات
امام محمد تقی ع بعد امام رضا علیہ التحیۃ والثنا کی   حقا ثبت تکملہ حمد آپکی مدح میں نازش
رشتہ زنش بہ الطاف پروردگار   نشان امامت شدہ آشکار

سرفراز دوران شهنشاه دین
دلیل خدا حجت العالمین

ن به علم و نقادت به فضل و سخا
بود برتر از وی ضمیر اورا

بحکم الهی بامر نبی
امام است بر شیخ و شاب و صبی

بود او امام زمان و زمین
امام نهم سید راستین

محمد تقی اشرف روزگار
وصی پدر نایب کردگار

کتاب عیون اخبار الرضا میں صفوان بن یحیی سے منقول ہے کہ ایک روز امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں انہوں نے عرض کیا کہ خدا ایسا دن نہ دیکھائے کہ آپکا سایہ عاطفت ہمارے سر پر نہ ہو اور اگر خدا نخواستہ ایسا اتفاق ہو تو ہم شیعہ آپکے مسائل دین میں کسکی طرف رجوع کریں یہ سنکر آنحضرت نے اپنی فرزند امام محمد تقی علیہ السلام کیطرف اشارہ کیا فَقُلْتُ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاکَ وَهٰذَا ابْنُ ثَلٰثِ سِنِیْنَ یعنی میں نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ آپ پر میری جان فدا ہو یہ صاحبزادے تو کل تین ہی برس کے سن میں فَقَالَ وَمَا یَضُرُّهُ مِنْ ذٰلِکَ وَقَدْ قَامَ عِیْسٰی بِالْحُجَّةِ وَهُوَ ابْنُ اَقَلَّ مِنْ ثَلٰثِ سِنِیْنَ آپنے ارشاد فرمایا اسکا کیا نقصان ہے تین برس جناب عیسی ع درجہ نبوت پر فائز ہوئے

تو سن اونکا تین برس سے بھی کم تھا

